راجہ مہار جوں کے طلسماتی راز
دنیائے طلسمات
خوش جیوے سرفراز شاہ وچ مانچسٹر

دنیائے طلسمات

المعروف

طلسمات کی دنیا

مترجم [illegible]

عامل پیر بابا مرحوم

باوا شیام گیر سنیاسی

ہر قسم کی کتب وی پی منگوانے کیلئے اس پتہ پر خط لکھیں، فون کریں اور ایس ایم ایس کریں

عثمان پبلی کیشنز

عثمان پبلی کیشنز، ملک جلال دین ہسپتال، چوک اردو بازار، لاہور

دکان بند ہونے کی صورت میں نیچے والے پتہ پر تشریف لائیں

عثمان پبلی کیشنز، مچھلی منڈی، نزد اردو بازار، لاہور

Email: upublications@yahoo.com upublications@gmail.com

0333-4275783 - 042-37640094 - 0333-4096572

محمد عثمان نے ریاض شہباز پرنٹنگ پریس لاہور
سے چھپوا کر عثمان پبلی کیشنز سے شائع کی۔

مصنف کی آراء سے ادارہ (پبلشر) کا متفق ہونا ضروری نہیں

ڈیزائننگ و کمپوزنگ: کبائن گرافکس 0300-8466944

عثمان پبلی کیشنز

ہر قسم کی بکس کیلئے یا وی پی بکس منگوانے کیلئے اس درج ذیل ایڈریس پر رابطہ کریں

پہلے یہاں تشریف لائیں:

عثمان پبلی کیشنز، ملک جلال دین ہسپتال، چوک اردو بازار، لاہور

دکان بند ہونے کی صورت میں نیچے والے پتہ پر تشریف لائیں

عثمان پبلی کیشنز، مچھلی منڈی، نزد اردو بازار، لاہور

Email: upublications@yahoo.com
upublications@gmail.com

0333-4275783 - 042-37640094 - 0333-4096572

فہرست

پہلا باب

دوسرا باب

تیسرا باب

پانچواں باب

انتساب

میں اس ناچیز تالیف کو منسوب کرتا ہوں، ان کے نام...... جو ناکام محبت ہیں اور باوجود سعی بسیار شاہد مراد سے ہمکنار نہ ہو سکے۔

اور ان کے نام...... جو محروم "محبت" ہیں عرصہ تک دشت تمنا میں بھٹکتے پھرنے کے باوجود گوشہ چشم التفات یار اپنی طرف مبذول نہ کرا سکے۔

اور ان کے نام...... جو "مجبور محبت" ہیں جنھیں ہر چند قرب حضوری تو حاصل ہے لیکن

ہر قرب کے پردے میں پوشیدہ ہے ایک دوری

یہ کیوں!

اس لئے کہ خود میری عمر کا ایک شیریں حصہ "ایک عربدہ جو" کی حسرت میں گذرا ہے۔

بارِ خاطر

اس کتاب میں جو کچھ لکھا گیا ہے۔ اس کا بیشتر مجرب ہے اور بعض چیزیں ایسی ہیں جو معتبر ذریعہ سے ہم تک پہنچی ہیں۔ اگر آپ کو کسی بات کی سمجھ نہ آئے، تو جوابی کارڈ لکھیں۔ فوراً جواب دیا جائے گا۔ یا بوجہ عدیم الفرصتی آپ کوئی چیز تیار نہ کر سکیں تو بنی بنائی ہوئی چیز ہم سے طلب فرما سکتے ہیں۔ بشرطیکہ ہمیں اطمینان ہو جائے کہ آپ کی ضرورت جائز ہے۔ آخر میں ہماری درخواست ہے کہ آپ ہمیں اپنا مونس و غمخوار تصور فرمائیں۔

خوش جیوے سرفراز شاہ وچ مانچسٹر

جب مصیبت کا تیر

کلیجہ کے پار ہو جائے

اور ہر طرف مایوسی ہی مایوسی نظر آئے، کام اختیار سے نکل گیا ہو اور بظاہر کوئی سبب درستگی کام کا نہ رہا ہو دنیا کی تمام طاقتیں جواب دے چکی ہوں اور معاملہ زر زور اور زاری کی حدود سے متجاوز ہو چکا ہو ایسی حالت میں بھی

آپ مایوس نہ ہوں!

بلکہ بندگان خدا کا وسیلہ ڈھونڈیئے۔ پھر دیکھئے خدا کیا سے کیا کرتا ہے۔ تم اپنے نزدیک کسی کام کو مشکل سمجھتے ہو لیکن خدا کے نزدیک وہ کوئی مشکل نہیں۔

آؤ، میں وعدہ کرتا ہوں کہ اگر سچے اعتقاد اور صاف دل سے تم خدا پر بھروسہ کرلو گے تو برسوں اور مہینوں نہیں بلکہ دنوں اور گھنٹوں میں کچھ سے کچھ ہو جائیگا۔

سخنائے گفتنی

عملیات وتعویذات کی بڑی بڑی مہتم بالشان کتابیں اس وقت تک شائع ہو چکی ہیں۔ جن کے بہترین ہونے میں تو کسی کو کلام نہیں۔ مگر وقت یہ ہے کہ عملیات کے لمبے لمبے چلے کھینچنے پڑتے ہیں۔ جن میں کامیاب ہونا ایک عام دنیا دار شخص کیلیئے بہت ہی مشکل ہے۔ سب سے پہلے تو عملیات کی اجازت کا سوال ہے۔ کتابوں کو دیکھ لینے یا تعویذ نقل کر دینے سے کچھ فائدہ نہیں ہوتا جب تک کہ باقاعدہ طور پر کسی عامل کامل سے اجازت لے کر خود بھی اس کا عامل نہ بنا جائے۔ اس کے بعد ان میں جلالی و جمالی زبردست پرہیز اور روحانی وجسمانی لطافت کی اشد شدید ضرورت ہے جن کا فی زمانہ بمشکل کوئی شخص حامل ہو سکتا ہے۔ سب سے آخری اور کٹھن منزل یہ ہے کہ اگر چلہ میں ناکامی ہو یا پوری طرح پرہیز نہ کیا جا سکے۔ تو اس کی رجعت پڑتی ہے جس سے آدمی نہ دین کا رہتا ہے نہ دنیا کا بلکہ بسا اوقات جان کے لالے پڑ جاتے ہیں۔

ان باتوں کے پیش نظر سحر وطلسمات کی یہ عجیب وغریب کتاب تیار کی گئی ہے۔ جس میں نہ چلہ کشی کی ضرورت ہے۔ نہ پرہیز کی حاجت نہ رجعت کا خوف نہ ناکامی کا اندیشہ۔

اس کے مطالعہ سے آپ کو معلوم ہوگا کہ بظاہر چھوٹی چھوٹی اور بالکل

حقیر چیزوں میں خداوند کریم نے غضب کی مخفی طاقتیں بھر دی ہیں۔ جن سے واقف ہو کر آدمی دنیا کو حیرت میں ڈال سکتا ہے اور مدتوں کے اٹکے ہوئے کام قلیل ترین عرصہ میں سرانجام دے سکتا ہے۔

مزید براں سب سے بڑی خوبی اس کتاب میں یہ رکھی گئی ہے کہ سب سے سب طلسم و اعمال نہایت آسان سہل الحصول اور مجرب ہیں امید ہے کہ شائقین کرام ان انمول موتیوں کی قدر کریں گے۔

اس کتاب کی حفاظت اور نامحرموں سے اخفاء کے متعلق خاص طور پر توجہ کی ضرورت ہے اور اس کی وجہ سوائے اس کے اور کچھ نہیں کہ یہ کتاب اشرف علوم پر محتوی ہے اور ایسی باتیں اس میں مذکور ہیں جن پر کاربند ہو کر انسان دنیا کو ورطۂ حیرت میں ڈال سکتا ہے اور ظاہر ہے کہ راز جب تک راز ہے اسی وقت تک جاذب ہے۔ جب بات عام ہوئی تو لطف غارت ہوا۔

سب سے آخر میں گذارش ہے کہ مصنف نے یہ کتاب صرف اپنے خاص احباب کیلئے ان کی فرمائش پر از رہ امتثال امر لکھی تھی۔ مگر اس لئے کہ اس کا فائدہ کامل اور نفع عام ہو اس کو شائع کیا جا رہا ہے۔ کوئی صاحب خلاف اخلاق اور خلاف قانون کاموں کیلئے ان چیزوں کو استعمال نہ کریں ورنہ خدا کے سامنے اس بات کے وہ خود ذمہ دار ہوں گے۔

خواہش جیبوے سرفراز شاہ وچ مانچسٹر

پہلا باب:

حب و تسخیر

طلسم کاجل: برائے مسخر کردن مطلوب

پروانے تین عدد (جو رات کو شمع پر آکر جل چکے ہوں) ساتھ سرمہ اور کنواری لڑکی کے سب سے پہلے حیض کے کپڑے میں لپیٹ کر فتیلہ بنائے اور کورے چراغ میں چنبیلی کا تیل ڈال کر مردے کی کھوپڑی پہ دیوالی کا رات کو چوراستے میں برہنہ بیٹھ کر کاجل حاصل کرے اور تصور مطلوب کا بھید رکھے جب کاجل تیار ہو جائے تو کالی گائے کے مکھن میں ملا کر رکھے جب مطلوب کے سامنے جاتا ہو تو (اگر مطلوب عورت ہو تو بائیں ابرو کے اوپر اور اگر مطلوب مرد ہو تو دائیں ابرو کے اوپر) ذرا سا لگا کر جائیں اور مطلوب سے آنکھ ملائیں پھر جذبہ محبت کا اثر دیکھیں۔

......☆......

طلسم برنج: جو حب اور بغض دونوں میں کام دیتا ہے

جن مسواکوں کو ہندو استعمال میں لا کر دریا کے کنارے چھوڑ جاتے

ہیں۔ ان کو جمع کریں اور دھان خشک حسب ضرورت لیکر نابالغ کنواری لڑکیوں کے ناخنوں سے چھلوائیں اور چاند گرہن یا سورج گرہن کے وقت مرگھٹ میں درخت کے نیچے ننگا ہو کر بیٹھے اور جگہ کو گائے کے گوبر سے لیپ کر چولہا بنائے اور دھوپ جلائے اور انسان کی کھوپڑی میں سیاہ گائے کا دودھ ڈال کر (گائے ایسی ہو، جو دوسرے حمل کے قریب ہو) ان چاولوں کی فرنی پکائے اور اسی درخت کی جڑ میں اوندھا دیں۔ جو دانے درخت کی جڑ پر چمٹے رہ جائیں اور ان کو علیحدہ اور نیچے گرنے والوں کو علیحدہ اٹھار کھیں۔ پس چمٹے ہوئے دانوں میں سے دو تین دانے کچھ موئے زہار سوختہ بیسوں ناخن سوختہ۔ اپنے بدن کی میل اور آب تخم خود باہم آمیز کر کے کسی شیرینی میں ملا کر اپنے ہاتھ سے محبوب کو کھلائے تو تسخیر اور غلبہ محبت بے حس ہو اور علیحدہ گرنے والے دانوں کی تاثیر جدائی ڈالنے میں بہت تیز ہے مگر درخت پیپل یا کیکر کا ہونا چاہیے۔

☆

مطیع کرنے کیلئے

تو چندی اتوار کو کسی بھنگن کا جاڑ دیا ٹوکرا پیپل کے درخت کے نیچے جلا کر دو اور وہ خاک بن جائے۔ بارہ بجے کا وقت ہو۔ اکتیس بار منتر کو پڑھیں۔ یہ خاک جس کو لگا دو گے اس خاک کو کسی کے ساتھ لگا دو گے تو وہ عمر بھر کیلئے آپ کا مطیع ہو جائے گا۔

منتر : جل کی جوگن بقال کی نار اور بھالا اسی خاک کو لاما سات بار چٹ پڑھ کر نال نال سنگین چلے طلے تو چلے ورنہ

تیری بہن پر سات طلاق۔

☆

طلسم برائے تسخیر محبوب

نوچندی اتوار کو اپنے بیسوں ناخن جلائے اور زبان زاغ و خاک مسان ولعاب دہن و خون انگشت خنصر چپ نہ آب تخم خود سب کو یک جا آمیز کرے اور برابر دانہ نخود گولیاں بنائے۔ پھر جس کسی کو ایک گولی بروز مذکور کھلائے اسقدر فریفتہ ہو کر پیچھا چھڑانا دشوار ہو۔

☆

طلسم چھچھوندر

بروز اتوار چھچھوندر کو برہنہ ہو کر مارے اور اس کے شکم کے اندر بالچھڑ بھر کر اس کا منہ سوئی سے سی کر حفاظت سے رکھ دے تاکہ خشک ہو جائے۔ پھر محبوب کے مستعملہ کپڑے میں فتیلہ بنائے اور کورے چراغ میں چنبیلی کا تیل ڈال کر کسی کہنہ پاپوش پر اتوار کے دن کاجل حاصل کرے جب تیار ہو جائے تو قدرے مطلوب کے جسم یا گردن یا پارچہ پر لگا دے پھر جذبہ محبت کا اثر دیکھے۔

☆

عورت مطیع ہو

اگر کوئی مطیع کرنا چاہے تو اپنے بائیں ہاتھ کے دو ناخن اور دائیں ہاتھ

خوش جیوے سرفراز شاد و بج ماچر

کے دو ناخن، دو ناخن دائیں پاؤں کے اور ایک ناخن بائیں پاؤں کا یہ ساتوں ناخن لے کر جلائیں پھر ان کو پیس کر شربت یا شہد میں ملا کر پلائیں وہ عمر بھر مطیع ہو جائے گی۔ گل کیر شرخ گل آک سفید گل دھتورہ زردان سب کو یکجا پتھر میں جمع کریں اور قدرے پارہ ملا کر باریک پیس لیں اور پیشانی پر ملیں جو کوئی اسے دیکھے مطیع ہو جائے۔

ہد ہد کے خون کو گلاب میں ملائیں جس کو تابع کرنا چاہیں اس کے منہ پر مل کر اس کے سامنے چلا جائے وہ اسے دیکھتے ہی مطیع ہو جائے گا۔

☆

منتر میاں بیوی میں صلح کا

اگر میاں بیوی سب جھگڑا رہتا ہو۔ میاں تو اس نقش کو کاغذ پر لکھ کر بمعہ نام خاوند عورت ایک مٹی کی گولی مین رکھ کر آگے میں ڈالے کبھی نفاق نہ ہوگا۔ اگر خاوند عورت کے خلاف ہو تو عورت اس نقش کو ترتیب کرے اگر عورت پر خلافت ہو تو مرد کرے۔ اس طرح دونوں میاں بیوی میں ہمیشہ کیلئے محبت ہو جائے گی۔

تعویز لکھتے وقت یہ خیال ضرور کریں کہ نوچندی جمعرات یا اتوار ہو ستارہ اور دن بھی دیکھ لیں۔

۲	۱	۹
۷	۵	۳
ع	۹	۴

طلسم چھوئی موئی

نوچندی اتوار کے روز لاجونتی بوٹی کے پانی میں قدرے پارچہ محبوب تر کرے بعد خشک ہونے کے اس کو روغن چنبیلی میں تر کر کے مردے کی کھوپڑی پر کاجل حاصل کرے اور دوران تیاری میں تصور مطلوب کا بخوبی رکھے۔ جب کاجل تیار ہو کر آنکھوں میں لگا کر مطلوب کے سامنے جائے اور آنکھ سے آنکھ ملائے۔

☆

طلسم شب تاب (جگنو) جو رات کو چمکتا ہے

نوچندی جمعرات کی شب کو جگنو پکڑے اور روغن زیتون میں ڈال کر 21 روز دھوپ میں رکھے۔ بعدہ جس جگہ جانا ہو اس روغن کو چہرے پر مل کر جائیں۔ مقصد حل ہو جائیگا۔ بہت مجرب اور آزمودہ ہے۔

☆

طلسم ہدہد

بالکل صحیح اور مجرب ہے۔ جو نادر روزگار سے ہے۔ ہدہد جانور کا تاج اور زبان اور جگر بروز یک شنبہ بعد ظہر حاصل کرے اور ریزہ ریزہ کر کے گڑ یا کسی شیرینی میں ملا کر محبوب کو اپنے سامنے کھلائے۔ محبوب ماہی بے آب کی طرح طالب کی جدائی میں تڑپے گا۔

مرد مطیع ہو

جس کسی کو مطیع کرنا ہو اس کا نام لیکر تیزپات جڑ ئیل انگور اور عناب کے پتے تینوں بارہ بارہ رتی جمع کریں۔ کسی کھانے میں ملا دیں مطیع ہو جائے گا۔

تیزپات اور گلاب کے چھ رتی پتے لیکر جمع کریں اور کھانے میں ملا کر دیں۔ فوراً مطیع ہو جائے گا۔

تمام کے پتے اکلیل الملک پر ایک تین تین رتی لے کر آک کے پتے دو ماشہ بتون کے جمع کر کے جلائیں۔ جلتے وقت جس کا نام لے گا وہی آپ کا مطیع ہو جائے گا۔

چقندر کے خشک پتے اور عاقر قرحا چھ رتی نام لے کر جمع کریں اور ان کو کھانے میں ملا کر دیں اس شخص کا نام لے کر کھلا دیں عمر بھر مطیع رہے گا۔

☆

طلسم طاؤس

بروز یک شنبہ یا سہ شنبہ زبان زاغ و زہر طاؤس و آب تخم خو، باہم آمیختہ کر کے کسی شیرینی میں ملا کر اگر کسی کو کھلائیں تو محبت میں دیوانہ ہو گا۔

☆

طلسم ہندی

جو ہند کی عورتوں کے اسرار میں سے ہے۔ اس کے ذریعہ اپنے خاوند یا

جس مرد کو چاہیں۔ فریفتہ کرنے کیلئے کھلاتی ہیں۔

☆

طلسم سگ سیاہ

بروز یکشنبہ کتا سیاہ کہ داغ کسی جگہ نہ ہو بوقت جفتی اس کی دم کاٹ لیں اس سے جو خون نکلے اس میں دھنی ہوئی سنبل کی روئی قدرے لیکر تر کریں۔ پھر اسے سایہ میں خشک کر کے چنبیلی کے تیل میں مردہ کی کھوپڑی پر لیکر کے درخت کے نیچے برہنہ ہو کر کاجل بنائیں آبادی سے بالکل باہر جہاں کوئی نہ ٹوکے مگر رات سیاہ کی پھر اس کاجل کو آنکھ میں لگائیں اور مطلوب کی طرف دیکھیں۔ مطیع و فرمانبردار ہوگا اگرچہ کیسا ہی بدخواہ اور سرکش کیوں نہ ہو۔

☆

طلسم گلہری

بروز یک شنبہ عروج میں ماہ گلہری نر و مادہ کو لائے اور ذبح کرے اور ہر دو کو علیحدہ علیحدہ جلادے اور بورہ قرنفل کو اس خون میں تر کرے جو بوقت ذبح کیا گیا ہو اور اپنا لعاب دہن و آب منی معہ راکھ کے شکر میں ملا دے اور خوشبو وغیرہ کا اضافہ کرے پھر کسی طریقے سے مطلوب کے جسم یا کپڑے وغیرہ سے مل دے۔ مطلوب مسخر ہو جائے گا اور ایک منٹ بھی طالب سے جدا رہنا پسند نہ کرے گا۔

☆

طلسم چوب انجیر

نوچندی اتوار کے دن ایک لکڑی انجیر کی لائے مگر ہفتہ کے دن شام کو کہہ کے آئے کہ فلاں بنت فلاں کی محبت کیلئے کل تجھے لیجاؤں گا اگلے دن یعنی اتوار کو لکڑی اس طرح گھر لائے کہ سورج کی کرنیں اس پر نہ پڑیں پھر ایک کالی کتیا کو مارے اور زبان سے کہے کہ اگر فلاں بنت فلاں مجھ پر عاشق نہ ہوئی تو تیری گردن مروڑ دوں گا۔ پھر اسے سایہ میں خشک کرے اور جلا کر راکھ کر کے اپنے تخم میں آمیز کرے اور گولیاں بنالے پھر مطلوب کو پیچھے سے جا کر وہ گولی مارے مگر وہاں وہی ہو جو مذکور ہوا۔ وہ عورت شدید محبت میں مبتلا ہو جائے گی اور مانند سگ اس کے پیچھے پیچھے پھرے گی۔

☆

طلسم عجیب

محبت اور دلکشی کیلئے عجیب و غریب ہے اگر عورت فرج میں لگا کر مرد کے ساتھ ہم بستر ہو تو مرد و عورت لذت کی کثرت سے ایک دوسرے پر دل و جان سے فریفتہ ہوں گے یہ مجرب نسخہ پوشیدہ اسرار میں سے ہے۔

ابوالفضل کا باریک سفوف تھوڑے سے شہد میں ملا کر آلہ تناسل یا فرج میں لگا کا مباشرت کریں۔

☆

خوش حبیب سرفراز شاہ وچ مانچسٹر

خوش جیوے سرفراز شاہد مانچسٹر

طلسم مودّت

یہ نسخہ عورت نافرمان کو مطیع بنانے میں مسیحائی کا کام دیتا ہے اور مخفی رموز میں سے ہے۔

عورت کے مقام مخصوص کے بالوں کی راکھ عطر کا گل میں ملا کر صحبت ہوں فراغت کے وقت طرفین کو نہایت ہی لذت حاصل ہو گی۔ خاص کر عورت مرد پر جان قربان کرے گی۔

......☆......

طلسم راسخ

صدری اسرار میں سے ہے۔ کرم گل روغن زیتون میں حل کر کے استعمال کریں۔

......☆......

طلسم اسرار

دو پتے گل نیلوفر اور دو پتے گل سدا بہار کے اور دو پتے لاجونتی کے تینوں کو ایک جگہ کرے جس عورت کے اعضاء خاص پر مل کر جماع کیا جائے وہ محبت میں دیوانہ رہے کسی پہلو قرار نہ آئے۔

......☆......

خوش جیوے سرفراز شاہ وچ مانچسٹر

طلسم گربہ وسگ

بلی مردہ کے دانت وسگ مردہ کے دانت لیکر ایک جگہ پیسیں اور محبوب کے پارچہ میں رکھ کر بتی بنائیں۔ اور چراغ میں رکھ کر مردے کی کھوپڑی پر کاجل حاصل کریں یہ کاجل ذرا سا محبوب کے جسم یا پارچہ پر مل دیں۔ محبت میں مبتلا ہو جائے گا مگر دن ہفتہ یا منگل کا ہونا ضروری ہے جو چاند کے شروع میں آئے۔

☆

طلسم گربہ سیاہ

ایک سیاہ رنگ کی بلی لائے جس کے تمام بدن پر دوسرا داغ نہ ہو اس کی دم کے پاس سے تھوڑا سا خون نکالے اور آب منی خود ملا کر ذرا سا جامہ مطلوب میں لگا دے مطلوب شدید محبت میں مبتلا ہو جائے گا۔

☆

طلسم استخوان گاؤ

گائے کے شانہ کی ہڈی لیکر کیر کے پھولوں کی تلدی میں ملفوف کر کے مطلوب کے مستعملہ کپڑے میں لپیٹے ور خشک کر کے آگ دے جب سرد ہو سرمہ بنا کر آنکھ میں لگا دے اور مطلوب کی طرف دیکھے نہایت دوست ہو گا۔

☆

طلسم تسخیر: پوشیدہ اسرار میں سے ہے

ایک سیاہ ولایتی بلی کا نر بچہ لیکر پالیں تا کہ جوان ہو جائے اسے ہر روز تھوڑا سا گھی کھلائیں یہاں تک کہ پاؤ بھر گھی ہر روز کھانے لگے یعنی ایک ہی مرتبہ میں پاؤ بھر گھی کھالے۔ پھر اتوار کے دن ایک دیگچہ بے قلعی کا لا کر رکھیں اور ایک تنہا جگہ غسل کر کے برہنہ ہو کر بیٹھ جائیں۔ بلی کو دیگ میں ڈال دیں اور سر پوش کی جگہ ایک سفید رومال مضبوطی کیساتھ باندھیں تا کہ بلی کود کر باہر نہ نکل آئے۔

پھر چھانٹیوں کو تین جگہ رکھ کر چولہا بنائیں دیگ کا منہ مشرق کی طرف رکھیں اور دیگ کے نیچے گھی کا چراغ موٹا سا فتیلہ ڈال کر جلائیں تا کہ اس فتیلہ کی لو دیگ سے مل جائیں اور دیگ کی تہہ گرم ہو جائے تمام دیگ میں دھواں بھرنے سے بلی کا دماغ ایسا پریشان ہو گا کہ تین مرتبہ نہایت مہیب آواز سے آسیب کی طرح چیخے گی اس کے بعد وہ دیگر میں قے کریگی یہ آواز بہت ہیبتناک ہوگی عامل کو دل میں مطلق خوف نہ کرنا چاہیے اگر ڈرے گا تو مرے گا۔

اب سر پوش اٹھا کر دیگر سے بلی کو نکالیں اور قے کے روغن کو کسی نئے چراغ میں رکھ کر کاسہ سر انسان پر کاجل حاصل کرے۔ یہ سرمہ تمام عمر کیلئے کافی ہوگا امیر و فقیر حاکم افسر یا محبوب جس کسی کے سامنے جائے۔ یہ سرمہ ایک سلائی آنکھوں میں لگا کر آنکھ سے آنکھ ملائے وہ مطیع و فرمانبردار ہو گا۔

☆

خوش حبیبوے سرفراز شاہ وڈ ماچھر

طلسم محبت: برائے عشق و شگفتگی

کلکلہ دریائی ایک جانور ہے۔ جو رات کو ٹانگیں اوپر کر کے سوتا ہے اخیر ماہ بروز شنبہ شکار کرے اس کی چربی نکال کر ہم وزن چربی کے روغن زیتون ملا کر ایک کڑچھی آہنی میں دونوں کو ملا دے اور نیچے کڑچھی کے لکڑی سرس کی جلائے یہاں تک کہ دونوں اچھی طرح مخلوط ہو جائیں اور اس امر کا خیال رکھیں کہ نہ تو جانور مذکور زمین کو لگے اور نہ کڑچھی کو زمین پر رکھے۔ پھر ایک کٹورہ گلی میں اس مخلوط روغن کو ڈال کر روئی نرما باڑی کی بتی بنا دے اور روشن کرے اور کاسہ مردہ پر کاجل حاصل کرے اس طریق سے کہ زمین پر نہ رکھا جائے اس کاجل کو شیشی میں محفوظ رکھے اور بوقت ضرورت آنکھ میں لگا کر محبوب یا کسی افسر کے روبرو جائے اور آنکھ سے آنکھ ملائے دلی مراد برآئے گی۔

......☆......

طلسم موئے سر

عورت کے سر کے بال جو کنگھی کرنے میں گرتے ہیں ان کو جلا کر خاک اُس کی اپنے تخم میں ملا کر اگر عورت اپنے جسم پر نہانی پر طلا کرے اور اسی صورت سے ہم صحبت ہو تو مرد اُس کی محبت میں دیوانہ اور فریفتہ ہو جائے۔

......☆......

طلسم پارچہ حیض

پارچہ حیض مطلوبہ کو لیکر شیر زاحل میں تر کیا جائے اور جب خشک ہو جائے تو فلیتہ بنا کر روغن چنبیلی میں ڈال کر کاسۂ سر آدمی پر کاجل حاصل کرے اور بوقت ضرورت آنکھ میں لگا کر مطلوب کے پاس جائے اور آنکھ سے آنکھ ملائے فوراً مطیع و فرمانبردار ہوگا۔

☆

طلسم چھپکلی

بروز شنبہ یا یک شنبہ کو جوڑ چھپکلی جو نیچے اوپر جفتی ہوتی ہیں دونوں کی دم برہنہ ہو کر کاٹ لیوے اور نر مار ولی کے پنبہ میں لپیٹ کر فتیلہ بنائی اور چراغ میں رکھ کر مردے کے کھوپڑی پر اس کا کاجل حاصل کرے اس میں سے ذرا سا لیکر مطلوب کے جسم یا دامن پر لگائے۔ اسی وقت محبت میں بے قرار ہوگا۔

☆

طلسم نادر روزگار

اتوار کے روز جب کوئی بوڑھی ہندنی مر جائے تو اس کی مرگھٹ پر جا کر قدرے شراب اس کے منہ میں ڈالے اور قدرے شراب رکھ لے جب جل جائے تو اس کی چھاتی پر سے ایک دھکتا ہوا کوئلہ لے کر اس باقی ماندہ شراب میں بجھا لیوے اور اپنے پاس محفوظ رکھے پھر اس کوئلہ کو بطور قلم بنا دے اور کسی کوری

خوش جیوے سرفراز شاہ وچ مانچسٹر

ٹھیکری پر اس کوئلہ سے مطلوب اور اس کی ماں کا نام لکھ کر آگ کے نیچے دبا دے تا کہ اسے حرارت پہنچتی رہے۔ مطلوب بے قرار ہو کر حاضر ہوگا۔ بشرطیکہ مطلوب طالب کے مقام سے واقف ہو ورنہ بصورت دیگر مطلوب کے ہلاک ہو جانے کا خطرہ ہے۔

☆

طلسم چوب لیموں

اگر بروز یک شنبہ نر و مادہ کنجشک کو جفتی کرتے ہوئے دیکھے احتیاط رہے کہ اپنا سایہ ان پر نہ پڑے اور ان کے سامنے لیموں کی لکڑی رکھ دے۔ پھر اس لکڑی کو اٹھا کر گھر میں محفوظ رکھے جس کو وہ لکڑی پیچھے سے چھوا دے گا تا دم مرگ جدائی نہ ہوگی بشرطیکہ اس لکڑی پر کسی عورت کا سایہ نہ پڑا ہو۔

☆

طلسم ملذذ: برائے شیفتہ کردن

یک شنبہ کو 3 عدد خراطین لائے اور خشک کرے اور 2 عدد بیر بہوٹی لیکر ہر دو کو پیسے اور شہد میں ملا کر اپنے عضو خاص پر ضماد کرے بعد خشک ہونے کے نزدیکی کرے عورت فریفتہ ہوگی۔

☆

خواہش حبیب سرفراز شاہ و چ ماچر

طلسم دیگر

بروز نوچندی اتوار ایک تاگا جو عورتوں کے سر میں ہوتا ہے اور صندل سپید ہر دو کو روغن گاؤ میں بریاں کر کے پیس لے اور بائیں ہاتھ کی چھنگلی کے خون میں آمیز کر کے گولی بنائے اور بوقت ضرورت ضماد کرے عورت ہزار جان سے قربان ہوگی۔

☆

طلسم حیرت

جب تک چراغ کو گل نہ کیا جائے انزال نہ ہو ترکیب یہ ہے کہ جب مطلوبہ سے مباشرت منظور ہو تو جلتا ہوا چراغ گل کیا جائے اور گانجہ کی چلم بھر کر جو شخص گانجا پیتا ہو۔ وہ چلم کو اس قدر کش لگائے کہ جل اٹھے اور اس سے چراغ روشن کرے اور مباشرت میں مشغول ہو جب تک وہ چراغ جلتا رہے گا انزال نہ ہوگا جب چراغ کو گل کیا جائے گا تب فراغت ہوگی۔

☆

ایضاً بنوع دیگر

نوچندی اتوار کو جس وقت سگ نر و مادہ جفتی کرتے ہوں اور وہ ایک دوسرے کے ساتھ پھنس جائیں تو کتے کی دم نہایت چابکدستی سے کاٹ لے اس دم کو اکتالیس یوم تک روڑی میں دفن کیا جائے معیاد مقررہ کے بعد گوشت گل سڑ

گیا ہوگا اور اندر کے مہرے موجود ہوں گے ان مہروں کو کنواری لڑکی کے ہاتھ کے کتے ہوئے سوت کا تاگا بنا کر اس میں پروے۔ بوقت ضرورت کمر میں باندھ کر مشغول ہو جب تک یہ طلسم کمر میں رہے گا فراغت نہ ہوگی۔

☆

طلسم سیماب

پنجشنبہ (جمعرات) کو ایک سیاہ تیتر پکڑ کر تین دن اس کو بھوکا رکھیں چوتھے دن اتوار کو اس کی چونچ پکڑ کر اس کو پارہ کھلائیں مگر پارہ کو گائے کے دودھ میں بھگو کر دیں۔ جب وہ بیٹ کرے تب پارہ کو اٹھا کر حفاظت سے رکھیں اور عرق لیموں میں بھگو دیں جب گولی سخت ہو جائے بوقت ضرورت منہ میں رکھیں ہرگز فراغت نہ ہوگی۔

☆

طلسم کنوار

بوٹی کنوار (گھیکوار) کا ایک ایک پتہ چھیل کر ہر دو کف پا پر باندھ لیں خواص بالا رکھتا ہے۔

☆

طلسم جوز

برگ جوز شل سیاہ کا پانی 5 تولہ سیماب 1 تولہ کا ل با 4 پہر کھرل کریں

پھر ہاتھ اور پاؤں کی ہتھیلیوں پر مل کر خشک کریں۔ وہی خواص رکھتا ہے مگر دن منگل کا ہونا ضروری ہے۔

☆

مرد عورت کا عاشق

ابابیل کے دائیں بازو کے پر لے کر کسی تیل میں ڈال دو جب عورت چاہے کہ فلاں مرد میرا مطیع ہو جائے اور میرا ہی حکم مانتا رہے تو یہ تیل اپنے منہ پر مل کر اس مرد کے سامنے جائے وہ اسے دیکھتے ہی فوراً عاشق ہو جائے گا۔ بس تیل ہی منتر ہے۔

☆

طلسم چشم شتر

بروز شنبہ اونٹ کی بائیں آنکھ نکال کر ایک پارچہ میں لپیٹیں اور ضرورت کے وقت کچا تاگا لیکر جو ایسی کنواری لڑکی ہاتھ کا کتا ہوا ہو جس کے نانا اور نانی زندہ ہوں۔ اس تاگے میں باندھ کر عین ناف کے نیچے ٹھہرائے جب تک نہ کھولے گا فراغت نہ ہوگی۔

☆

طلسم برائے شکستن آزار بند

بروز یک شنبہ جب کنجشک نر و مادہ آپس میں جفتی کرتے ہوں تب

ایک سوت کا تاگا جو کسی کنواری لڑکی نے کاتا ہو۔ اس تاگا میں گرہ دیتا جائے اور بعد میں اس کو لوبان کی دھونی دیوے۔ پھر اس تاگا کو راستہ میں ڈالے جو عورت اس پر سے نانگھ جائے گی اس کا آزار بند ٹوٹ جائے گا بشرطیکہ اس عورت سے پہلے کوئی دوسرا اس تاگا پر سے نہ گزرا ہو اور دن اتوار کا ہونا ضروری ہے۔

☆

طلسم ایضاً: گھڑا ٹوٹ جائے

اگر کوئی آخر ماہ منگل کے روز کمہار کا ڈوڑا جس سے وہ برتن گلی تراشا ہے۔ چرالاوے اور رات کے وقت جبکہ ستارا ٹوٹے برہنہ ہو کر رشتہ مذکور میں سات گرہ دے اور لوبان ڈکوگل کی دھونی دے کر راستہ میں ڈال دے جو عورت گھڑا لئے ہوئے اسے نانگھ جائے گی فوراً گھڑا ٹوٹ جائے مگر سب سے اول نانگھنے کی شرط ہے۔

☆

طلسم عجب العجائب: پستان غائب ہو جائیں

لاجونتی کے پتے اتوار کے دن لاوے اور ہاتھوں پر ملے اور ہاتھ کسی عورت کو دکھا کر ایک مٹھی بند کرلے فوراً اس کا ایک پستان غائب ہو جائے گا۔ اسی طرح اگر دوسری مٹھی کو بند کرلے گا۔ وہ بھی غائب ہو جائے گا اور عورت مارے شرم کے پانی پانی ہو جائے گی پھر جب مٹھیاں کھولے گا تو برآمد ہوں گے۔

دوسرا باب:

بستن وکشادن مردوزن

طلسم شجرا کیا

بدکار عورت کے باندھنے کیلئے کہ کوئی مرد اس سے مباشرت نہ کر سکے۔

مجرب اسرار سے ہے۔

نوچندی اتوار کے دن چاول کے دانے ہلدی میں رنگ کر لاجونتی کے درخت کے پاس جائے اور ان پر چاولوں کو الٹ دے۔ اور کہے میرا تجھ سے فلاں کام ہے میں تیرے پاس آؤں گا تجھے خبر ہوگی۔ پھر ایک ساعت کے بعد اس کے پاس جا کر کچھ پتے توڑ لائے۔ جب کسی عورت کو باندھنا ہو۔ مباشرت کے وقت اُن پتوں کو ہاتھوں میں ملا کر بائیں ران کی جڑ میں مل دے اور کہے میں نے تجھے اپنے علاوہ اور دن کے واسطے بستہ کر دیا۔ شرطیہ کوئی دوسرا مرد اس عورت پر قادر نہ ہو سکے گا۔

اگر عورت مرد کو بستہ کرنا چاہے تو یہی عمل کرے اور مرد کی دائیں ران میں مل دیوے تو وہ مرد دوسری عورت کے ساتھ مباشرت نہ کر سکے گا۔

☆

خوش جیوے سرفراز شاد وچ آماچھر

طلسم ناموس

اگر عورت شجر الحیا کے پتے اپنے بستر کے نیچے رکھ چھوڑے تو اس پر کوئی مرد خواہ کیسا ہی قوی کیوں نہ ہو قادر نہ ہو سکے گا۔

☆

طلسم دیگر

بدکار عورت اور فاسق مرد کے باندھنے کیلئے مجرب اور اسرار مخفی میں سے ہے۔

جس کو باندھنا ہو۔ اس کے سر کا ایک بال کپڑے کے تار سمیت لیکر رات کو لاجونتی کے درخت کے پاس جائے جب تارا ٹوٹے اس تار اور بال کو کسی شاخ سے لپیٹ دے اور کہے کہ میں نے فلاں مرد یا فلاں عورت کو باندھ دیا فوراً شخص مذکور بند ہی جائے گا۔ لیکن بہ نظر خوف خدا اس درخت کو کسی برتن کے نیچے محفوظ رکھے کہ جب کشادہ کرنا ہو۔ تو اسے کھول دے ورنہ اس شاخ کو ضائع ہونے کے بعد بستہ آدمی کا کھلنا ممکن نہیں۔

☆

طلسم حیا آور

اگر عورت بہت شوخ اور بے حیا ہو۔ تو ذیل کی ترکیب مجرب ہے۔

اتوار کے روز شمس کے ساعت میں شرم بوٹی کی جڑھ لیکر چند روز کسی

ترکیب سے کھلائیں۔ نہایت حیادار ہو جائے گی۔

اور اگر سورج گرہن یا چاند گرہن کے وقت لاجونتی کی جڑھ لیکر بطور تعویذ اپنے پاس رکھے موجب افزدنی شرم وحیا اور مقبول خلائق ہوگا۔

☆

طلسم بستن دیگر

فاحشہ بدکار عورت کے باندھنے کیلئے

اس عورت کے سر کے بال جو کنگھی کرنے سے گرے ہوں جلا کر ان کی راکھ آلہ تناسل پر مل کر مباشرت کرنے سے عورت بستہ ہو جائیگی۔

☆

طلسم بستہ کردن

بھیڑیئے کا پتہ یا کنگار کا یا چمگادڑ کا پتہ یا کوے کا خون آلہ تناسل پر طلا کر کے مباشرت کرے عورت بستہ ہو جائے گی۔

☆

طلسم دیگر

ایک دام کافور اور چھ دانے شلجم کے پیسکر اپنے عضو پر طلا کرے اور خشک کر کے عورت سے ہم صحبت ہو۔ عورت بندھ جائے گی۔

طلسم کشادہ کردن مرد بستہ کا

گدھ کی شرمگاہ کے گوشت کا بخور کرنا قوت رجولیت بستہ کو، جو جادو طلسم یا مانند اس کے کسی دیگر چیز سے ہو۔ کھول دیتا ہے۔

☆

طلسم دیگر

چوراہہ میں رات کے وقت برہنہ ہو کر پیشاب کرنا بھی یہی خواص رکھتا ہے۔

☆

طلسم واسطے کشادہ کرنے مرد بستہ کے

بیخ بھنگرہ۔ بسفائس۔ دونوں کو روغن تلخ میں جلا کر عضو پر طلا کریں۔ کشادہ ہو جائے گا۔

☆

طلسم مرد کو بستہ کرنا

مرد کی منی انزال ہونے کے بعد کی لیکر سرخ رنگ کے کسم کے کپڑے میں باندھ کر چارپائی کے پائے کے نیچے دبا دیں۔ مرد بستہ ہو جائے گا جب تک وہ کپڑا نہ نکالا جائے مرد کشادہ نہ ہوگا۔

خوش جیوے سرفراز
شاہ وچ مانچسٹر

تیسرا باب

بغض وعداوت

طلسم عداوت کا

عورت کے بال مرد کا کپڑا جلا کر دونوں کو کھلا دے آپس میں جدائی ہو جائے۔

☆

طلسم خرابی

چاند کے آخر منگل کے دن چاروں اور ماش سالم ہموزن لیکر کھچڑی پکائے پھر اس پر دہی ڈال کر کافروں کے قبرستان میں لے جائے اور ہر قبر پر ایک ایک لقمہ ڈال کر ایک ایک کنکری اٹھالے یہاں تک کہ 22 کنکریاں ہو جائیں۔ پھر ان کو نیلے رنگ کے کپڑے کی تھیلی میں باندھ کر دشمن کے گھر کے صحن میں دبا دیں دشمن خستہ وخراب ہو جائے گا۔

☆

طلسم تفرقہ

بغض اور جدائی کیلیئے لاجواب ہے

چوہے اور بلی کے منہ کے بال اور کوے کے گھونسلے کی لکڑی (جو درخت شیب پر ہو) لائے مگر ہفتہ کو کہہ آئے کہ فلاں کام کیلیئے کل تجھے لے جاؤں گا اور یک شنبہ کو تینوں چیزوں یکجا جلا کر رکھ کرے یہ راکھ اگر دو شخصوں کے درمیان ڈال دے خواہ وہ جانی دوست ہوں جدائی یقینی ہے۔ بلکہ نوبت جنگ وجدال پر پہنچے مگر ناجائز جگہ پر استعمال نہ کرے ورنہ نقصان کا اندیشہ ہے۔

......☆......

طلسم جدائی

طرفین میں جدائی ڈالنے کیلیئے مجرب و بینظیر اور اسرار خفی و معمولات سے ہے۔

مٹی کے کسی کورے برتن میں عورتوں کے سر کے بال مع طرفین کے بالوں کو جلائیں پھر اس برتن کو بغیر دھوئے پانی سے بھر کر طرفین کو پلائیں باہم سخت دشمنی پڑ جائے گی۔

......☆......

خوش حبیب سرفراز شاہ وچ ماچھر

جدائی محبوب

اگر کسی کی اپنے محبوب سے جدائی ہو گی تو اس کے لیے یہ عمل کریں کہ کوئی بہت ہی صدیوں پرانی کچی دیوار ہو اس کا کوئلہ لا ؤ ن اور کوئلے سے گلاب عرق میں سیاہی بنا کر لکھو۔ پھر اس نقش کے کیس فتیلہ بنا کر ہر روز شام کو ایک فتیلہ محبوب کے مکان کی طرف چراغ کا رخ کر کے جلاؤ۔ تیل کی بجائے چراغ میں عطر حنا وحظ اور چراغ کی لو سے نظر لڑا کر محبوب کی تصویر کو اپنے دل پر نقش کر لیں اور اس عمل کو رات کو سونے سے پہلے کریں اور محبوب کا خیال کر کے سو جائیں۔ اکیس دن میں محبوب خود آ جائے گا۔ نقش یہ ہے۔

یامطلوب	یامطلوب	یامطلوب	یامطلوب
۸۸۸۸	۸۸۸۸	۸۸۸۸	۸۸۸۸
یامطلوب	یامطلوب	یامطلوب	یامطلوب
۸۸۸۸	۸۸۸۸	۸۸۸۸	۸۸۸۸

اس عمل کو جتنے دن کیا جاوے کسی کی طرف بری نگاہ سے نہ دیکھیں۔ صاف کپڑے پہن کر عطر خوشبو لگا کر صاف بستر پر یہ عمل کریں۔

☆

طلسم بربادی دشمن

اگر دشمن کے گھر کو برباد کرنا منظور ہو تو جس وقت چاند چھٹی منزل میں ہو مردہ آدمی کے شانے کی ہڈی اس کی دہلیز کے نیچے دبا دیں۔ بہت جلد خراب و

خستہ ہوگا۔

☆

طلسم عداوت

الو کے پر اور کوے کے پر شب یک شنبہ کو جلا کر خاک کرے اور دو شخصوں کے سروں پر جو آپس میں طالب و مطلوب ہوں ڈالے عداوت شدید ہو جائے گی۔

☆

طلسم برائے خانہ جنگی

اگر چربی خوک مہینے کے آخری منگل کو بساعت زحل دشمن کے مکان میں رکھ دے ساکنان مکان میں نوبت ہتھیار کی دفعتہ آئے۔

☆

طلسم برائے جدائی دو کس

اگر چاہے کہ دو آدمیوں میں جدائی ہو جائے تو روز یک شنبہ کو خون زاغ سیاہ اور خون بوم لائے اور کپڑا ان دونوں کا پہنا ہوا اس خون میں تر کر کے رکھ چھوڑے اور چودہویں بدی کی رات کو وہ کپڑا جلا کر رکھ کرے پھر وہ راکھ قدرے اُن دونوں کے سروں پر چھوڑے نفاق کامل ہو جائے گا۔

☆

طلسم مجرب

بغض اور عداوت کیلئے نہایت زود اثر ہے۔ اور بارہا تجربہ میں آیا ہے۔
بلی کے اگلے دانت 2 عدد اور کتے کے اگلے دانت 2 عدد مرچ سیاہ 2 عدد لے کر جن میں عداوت کرانا منظور ہو۔ ان کے کپڑوں میں یہ چیزیں باندھی اور چوہڑے کی قبر میں آخری منگل کے روز مریخ کی ساعت میں دبائیں جدائی ہو جائے گی جب تک ان کو علیحدہ نہ کرے گا ملاپ نہ ہوگا۔

☆

طلسم برائے بند کردن پیشاب دشمن

بروز اتوار چھچھوندر کو مار کر اس کے شکم میں دشمن کے پیشاب کی مٹی بھر کر سی دے اور چورستہ میں گاڑ دے پیشاب بند ہو جائے گا جب باہر رہے گا تو آرام آئے گا۔

☆

طلسم حابس بول

بروز اتوار کسی کمہار سے کچی بوٹی لا کر اس میں دشمن کے پیشاب کی مٹی ڈال کر اور سیہ کا کانٹا لے کر سورت الناس 41 مرتبہ پڑھ کر کانٹے کو مٹی کے اندر گاڑ دے اور کسی کافر کی پرانی قبر میں جس کا تعویذ گر چکا ہو دفن کر دے بہت جلد مطلب حاصل ہوگا۔

طلسم عجیب

بروز اتوار 4 کیل تانبے کے تیار کرائے اور قدرے شراب اور تھوڑے سے چاول لیوے اور اسی روز جبکہ کوئی ہندو کلال یا برہمن مرے اور اس کی میت کو لیکر گھر سے نکلیں اور باہر جا کر برتن توڑیں تو اس برتن کے ٹکڑے اٹھا کر محفوظ رکھ لے اور پھر مرگھٹ پر چلا جائے اور مردے کی چھاتی کا دہکتا ہوا کوئلہ لیکر اس ٹھیکری پر رکھ کر چاول اور شراب ڈال دے اور ٹھنڈا کرے پھر تانبے کی میخوں کو مرگھٹ کے چاروں کونوں پر گاڑ کر کوئلہ لے کر واپس چلا آئے جب کام لینا منظور ہو اس ٹھیکری پر اسی کوئلہ سے دشمن کا نام لکھ کر آگ کے نیچے دفن کر دے جوں جوں ٹھیکری کو حرارت پہنچے گی۔ دشمن بیمار ہوتا جائے گا اور کڑھ کڑھ کر ہلاک ہو جائے گا۔

☆

طلسم برائے بیمار کردن دشمن

ایک عدد کاغذی لیموں لے اور ایک عدد سیہہ کا کانٹا لے اور نہر یا دریا پر جا کر رات کے وقت یہ عمل شروع کرے جب تارا ٹوٹے قہر بدوح قہر بدوح قہر بدوح تین دفعہ کہہ کر کانٹا لیموں کے اندر گاڑنا شروع کر دے۔ اور سورۃ الناس پڑھتا جائے حتیٰ کہ کانٹا لیموں میں گاڑ دے دشمن اسی وقت بیمار ہو جائے گا مگر تصور دشمن کا پورے طور پر رکھے۔ جس وقت راضی کرنا ہو۔ کانٹا کو لیموں سے نکال دے۔

طلسم دیگر

رس کپور 4 ماشہ، لونگ 2 عدد، برگ کنیر سفید 3 عدد۔ تینوں چیزوں کو نیم بریاں کرے اور کسی چیز میں ملا کر دشمن کو کھلائے۔ بیمار ہو جائے گا۔ سوائے شربت انار اور صندل ہمراہ شیر بز دینے کے کسی چیز سے آرام نہ ہوگا۔

☆

طلسم بلادر

بھلانوے لوبی والے بول خر میں ڈال کر کوزہ گلی میں گل حکمت کریں اور 21 یوم روڑی میں دفن کریں اس کے بعد نکال لیں اور محفوظ رکھیں یہ تیل کسی چیز کے ذریعہ ذرا سا دشمن کے جسم پر لگائیں بیمار ہو جائے گا۔

☆

طلسم گرگٹ

ایک عدد کرلا لیکر اس کا شکم چاک کریں اور حسب ضرورت بلادر کلاہدار بھر کر سی دیں اور بذریعہ پتا لجنتر اس کا تیل نکال لیں ذرا سا یہ تیل دشمن کی جوتی کے تلے میں لگائیں اور پھر ملاحظہ فرمائیں کہ دشمن کیونکر کو پہنچتا ہے۔

☆

خوش حبیب سرفراز شاہ وچ مانچسٹر

عورت کا حیض جاری کرنا

جسے پیڑہ چھڑانا کہتے ہیں اور عورتوں سے انتقام لینے کیلئے کیا جاتا ہے۔

☆

طلسم کھٹمل

کھٹمل کا پچھلا نصف حصہ کسی چیز میں ملفوف کر کے کھلا دیں۔ فوراً خون حیض جاری ہو جائے گا اور اگلا نصف حصہ بحفاظت رکھیں کیونکہ صرف اسی کے کھلانے سے بند ہوگا۔

☆

طلسم بے نظیر

مرگ موش اڑھائی تولہ، حب السلاطین ایک سو ایک دانہ۔ دونوں کو یکجان کریں۔ پھر کسی کانسی کے کٹورے میں رکھ کر اوپر کانسی کی تھالی دیکر مضبوطی سے گل حکمت کریں اور دھوبیوں کی بھٹی میں دیکر وہ کپڑے رکھیں۔ کپڑوں کے درمیان اسے رکھ دیں۔ صبح نکال لیں تیل ہو گیا ہوگا۔ اسے بحفاظت رکھیں۔ اور ایک بوند کسی پھول پر ڈال کر عورت کو سونگھنے کیلئے دیں۔ فوراً حیض جاری ہو جائے گا۔ بند کرنے کی ترکیب یہ ہے کہ برادہ چیل کی لکڑی کا پانی میں ابالکر اس میں بٹھائیں۔ اور شربت صندل پینے کیلئے دیں۔ نہایت عجیب وغریب راز کی چیز ہے۔

طلسم منقار

اتوار کے دن گدھ کی چونچ لائے اور دھوپ اور گوگل کی دھونی دیکر کسی قدر خط اس چونچ سے زمین پر کھینچے۔ جو عورت اسے نانگھ جائے گی اس کا خون حیض جاری ہو جائے گا۔ بشرطیکہ پاؤں خط کے اوپر نہ آئے۔ اور جب وہ منقار دھو کر پلائی جائے گی تب آرام ہو گا۔

☆

طلسم بندش

کسی کا کاروبار یا دکان بند کرنی ہو تو یہ ترکیب مجربات سے ہے۔

تھوڑی سی خاک اس کے گھر کی لیکر خون حیض میں ملائیں اور گولیاں بنا کر جلتے ہوئے ہندو کی مرگھٹ میں ڈال دیں۔ جب مردہ جل جائے۔ اسی قدر مردہ کی خاک لیکر پوشیدہ دشمنی کے مقام پر رکھدیں۔ پوری بندش لگ جائے گی۔ یہ مجرب ہے۔

اور کھولنے کیلئے شاخ نیلوفر پر سورہ فاتحہ لکھ کر بہتی ہوئی ندی کے ایک لوٹہ پانی میں ڈال کر خوب زور سے ہلائیں اور سورہ مذکور پڑھتے رہیں۔ جب حروف مذکور لوٹے میں پانی کی حرکت سے مٹ جائیں وہ پانی وہاں تمام جگہ چھڑکیں بندش دفع ہو گی۔

☆

شہوت زائل کرنا

طلسم قاطع شہوت

عورت کی شہوت کو زائل کرنے اور اسے مردوں سے نفرت دلانے میں کامل اثر رکھتا ہے۔

ذکر الذائب کو سورج نکلنے سے پہلے یا غروب کے بعد لے کر سایہ میں سکھالیں پھر جس عورت کو کھلائیں مردوں سے نفرت کرنے لگے۔

☆

طلسم دیگر

بیل کا ذکر سایہ میں سکھا نصف مثقال شراب کے ساتھ کھلانا بھی شہوت کو زائل کرتا ہے۔

☆

طلسم سپاری

کیلے کے درخت کا تنہ چیر کر چھالیہ کو اس کے اندر دو ہفتہ تک رکھیں پھر نکال کر پر شہوت مرد یا عورت کو کھلائیں۔ شہوت زائل ہو جائے گی۔

☆

ایضاً

کافور کو مکھن میں لپیٹ کر کھلانا بھی فوائد رکھتا ہے۔ علیٰ ہذا پھٹکری بریاں ایک یا دو ماشہ مصری کے شربت کے ساتھ چند روز کھلائیں۔ قاطع شہوت ہے۔

☆

طلسم زبان بند کرنے کا

سنیچر کے دن سات دن رات کو گھی کا چراغ جلا کر لیول چڑھائے ایک ہزار کافور کے ٹکڑے پر منتر پڑھ کر آگ میں ڈال دے سدھ ہو جائے گا۔ پھر جب کام پڑے 108 مرتبہ پڑھ کر دم کرے اور حاکم کو دے سدھ ہو جائے گا۔

منتر : الف الف دشمن کے منہ میں قفل میرے ہاتھ کنجی روپاریت گورو دشمن کو زیر کرو۔

☆

نامردی

اگر کوئی شخص نامرد ہو چکا ہو اس میں بالکل جماع کی طاقت نہ رہی ہو تو یہ ختم مولی پر ایک سو مرتبہ دم کر کے اکیس دن تک گائے کے دودھ کے ساتھ استعمال کرائیں۔ چند ہی دنوں میں نامرد شخص میں بڑی زبردست قوت آجائے گی اور نامردی ختم ہو جائے گی۔

چوتھا باب:

اعمال سفلی

سرمہ محبت

بروز اتوار نیا چاند۔ دوپہر کے وقت برہنہ ہو کر خانگی چھپکلی مارے اور اس کی دم کاٹ لے جاب تک وہ ناچتی رہے خود بھی ناچے پھر رات کو چوراہے میں دفن کر آئے اور منگل کے دن وہاں سے نکال کر رات کو چراغ میں محبوب کے پہنے ہوئے کپڑے کی بتی بنا کر اس میں یہ دم لپیٹے اور چراغ کے سامنے ننگا ہو کر یہ کلام پڑھتا رہے:

راجا اوے راج کو۔ پرجا دھادے کاج کو

اور مردے کی کھوپڑی پر کاجل حاصل کرے یہ کاجل لگا کر محبوب کے سامنے جائے اور اس سے آنکھ ملائے دیکھتے ہی سر تسلیم خم کرے گا۔

......☆......

منتر محبتی

اس منتر کو کرنے سے دل کی مراد پوری ہو جائے گی جس پر نظر پڑے گی

وہ دیوانہ ہو جائے گی۔

ترکیب: منتر کو روزانہ ایک سو بار جاپ کرتا ہے اور ایک ماہ تک کرتا ہے۔

منتر یہ ھے: ادم لمو۔ کابدبوالے سکل ھسد شامھبوسٹیم سمل میں بھیے دھن جن من درشن الک کٹیت کرو کرو دہ دکھ

☆

منتر مطیع ہووے

بروز ہفتہ اتوار جوڑا چھپکلی دونوں کی دم کاٹ کر روئی میں لپیٹ کر فتیلہ بنالو اور چراغ پر رکھ کر جلا ڈالو اس کا جل میں تھوڑا سے لے کر مطلوب کے سر پر لگاؤ۔ اسی وقت فریفتہ اور بے آرام ہوگا۔

☆

منتر مطیع کرنے کا

اتوار کے دن ایک کالا کتا بالکل سیاہ ہو اس کی دم کاٹ کر جو اس میں سے خون نکلے اس میں روئی کو تر کر لیں پھر اسے سایہ میں خشک کر لیں اس میں چنبیلی کا تیل ڈال کر اس روئی کی بتی بنا کر پیپل کے درخت کے نیچے جا کر برہنہ ہو کر جل بنائے۔ درخت جنگل میں ہونا چاہیے۔ آبادی سے باہر ہو۔ پھر اس کا جل کو آنکھ میں لگائے۔ مطلوب کی طرف دیکھے فوری مطیع ہو جائے گا۔

☆

خوش نصیب جیوے سرفراز شاد و بیج مانچسٹر

محبوب کو تابع کرنا

اگر کوئی محبوب کو تابع کرنا چاہتا ہے تو یکشنبہ کے دن صبح کے وقت ہاتھ پیروں کے ناخن لا کر جلا کر رکھ لے کر اس پر سات مرتبہ یہ عمل پڑھے اور مطلوب کو کھلا دے تو تمام عمر مطیع ہو جاوے۔

منتر یہ ھے:۔ آرم ھوست ویرھما اولنگروہر کالہا دھودا ھومحب

فلاں الوراں بسن عرون الفرض دین کروسکت میری بھگت بھرو منتر ایسرو مھادیو باچا

☆ منتر خاوند کو قابو کرنا ☆

درج ذیل ودھی کر کے لکھے ہوئے منتر کو جاپ کرے۔

ودھی: منتر کا جاپ ایک لاکھ بار کرے۔

دوسری شرط: یہ ہے کہ رات دیوالی کی ہو۔

تیسری شرط: نیم کی ٹہنی سے جھاکر کریں۔

منتر یہ ھے:۔ اوم نمو اویش گوروکوبن میں بھالی انجنی جن جانا جانا جتو منت کیڑا مکوڑا ماکرا ایھہ تموں بھمنت گوروکی شکست میری بھگت پھر و منتر ایستھ رواپ

☆

حب سفلی

کسی اکیلے دکان میں ننگا ہو کر چوکڑی مار کر بیٹھ جائے اور اپنے پیچھے چراغ جلا کر رکھے تاکہ سامنے سایہ رہے اور مطلوب کا تصور رکھے۔ 108 مرتبہ منتر کو جاپ کرے۔ گیارہ دن کے اندر مطلب پورا ہو جائے گا۔

منتر : یا ابلیس یا شیطان میری شکل بن فلانے کو جار الد سوتی کو جگالا بیٹھی کو اٹھا لا۔ اگر نہ لاوے تو اپنی ماں کا پیا دودھ حرام کرے۔

☆

حب کا منتر

باراں سرسوں۔ تیراں رائی۔ ہلٹ کی مٹی سوئے کی شائی۔ چارے چیزوں میرے گورو نے بند کرائی۔ محبت کراں میں محبت کرے۔ جس جگہ پڑھ پڑھ ماراں کنکری پٹی اڈیکے راہ

ترکیب: باراں دانے سرسوں کے جو سفید موتی ہے اور 13 دانہ رائی اور قدرے کنوئیں کی سلائی کی مٹی اور مسان کی خاک چاروں چیزیں نوچندی اتوار کو لا دے اور ہر ایک چیز پر علیحدہ علیحدہ اکتیس اکتیس بار پڑھ کر ایک ڈبیہ میں بند کرے اور محبوب کے سینے پر جبکہ وہ سامنے سے آرہا ہو، مارے۔ کتے کی طرح محبوب پیچھے پیچھے پھرے گا۔

جب دور کرنا ہو تو پٹی اڈیکے راہ کی جگہ "چھوڑ چلے پھر راہ" پڑھے

باقی سارا کلام اسی طرح اور مٹی پشت پر مارے۔

☆

عمل برائے محبت

مطلوبہ کے بائیں پاؤں کی مٹی اور طالب کے دائیں پاؤں کی مٹی لیکر ایک پارچہ نیلا بقدر قد آدمی کے ایک سرے پر باندھ دیں۔ پھر ایک کاغذ پر اس منتر کو لکھ کر دوسرے سرے پر باندھیں۔ منتر یہ ہے:

"چار چاند چار میخ بند۔ عقلوں ست سوز نجیر بند۔ ہیون بند۔ زنبور بند۔ توپ بند تفنگ بند۔ دریا بند۔ بندوق بند۔ تلوار کی جھاڑ بند۔ لا الہ جانم الا اشد بز ربانم۔ انگشتری سلیمان علیہ السلام"

پھر ایک بیضہ مرغ لیکر اس پر چار خانے بنا کر ان میں سورۃ انا انزالنہ لکھے اور ہر خانے کے نیچے نام مطلوب اپنے نام کے لکھے پھر اس پر سیاہ دنبے کے بال لپیٹ دے اور تاگے سے باندھیں۔ پھر ایک گڑھا نکال کر جنگل میں نیچے اوپر آگ دیکر درمیان انڈا رکھ دے۔ اور پارچہ نیلا لکڑی والا سرا انگوٹھا پاؤں اور ساتھ والی مٹی کے درمیان دبائے اور تعویذ والا سرا منہ لیکر منتر مذکورہ پڑھنا شروع کرے۔ سات بار پڑھ چکے پھر آئیہ کریمہ پڑھتا رہے۔ جب انڈا پھٹ جائے تو چھوڑ دے اور پارچہ سے مٹی اور تعویذ نکال کر اس میں ڈال کر دبا دے اور چلا آوے مطلوب حاضر ہوگا۔

☆

غربت ختم ہو جائے

اگر کسی کے ہاں زبردست غربت ہے۔ سخت تنگی و پریشانی ہے۔ اس عمل سے غربت و تنگی دور ہو جائے گی اور امیر ہو جائے گا۔ جب دیوالی پر گرہن آئے تو اسی دن دریا پر جا کر ایسی جگہ تلاش کرے کہ وہاں اور کوئی نہ ہو تو وہاں پر اپلوں کی پانچ ڈھریاں بنائے ہر ایک ڈھیری پر ایک ہزار پانچ مرتبہ منتر سے میری دم کیساتھ ہون کی سامگری سے ہون کریں اور بعد میں بوجب قواعد ترپن جن کریں گرہن ختم ہونے پر نہا دھو کر دم کو دستار میں رکھیں اور گھر چلے آویں اور روزانہ اس جگہ جا کر پانچ اوپلوں کی ڈھیری بنائیں اور پانچ مرتبہ دم سے ہون کریں۔ اپنی دستار باندھ کر کام شروع کر دیں۔ دولت کی دیوی آپ پر مہربان ہوگی۔

منتر: دھونی کبلنے بجہ کو تاب ہر کھ سو کھ من مہں نہ رکھیہ ہووے اور ہوت مسان جگاوے من مندل دھیان لگا رہے کھوٹا عمک ایسا یو گی کماوے من دالچھت اچھا پھل پاوے۔

یہ عمل روزانہ بلاناغہ کرنے سے دولت کے ڈھیروں انبار لگ جاتے ہیں۔

☆

جیوے سرفراز شاہ وچ مانچسٹر

دولت حاصل ہو

ترکیب:

اس منتر کو روزانہ 108 بار جاپیں۔ اس کے بعد بکری کا گوشت اور سرخ پھولوں کی خیرات دو اور یہ خیرات کسی قبرستان میں جا کر کریں۔ اس عمل کو سات دن کریں۔ تو لتی سدھ ہو جائے گی۔ پھر آپ حسب منشاء جتنی دولت چاہیں مانگیں وہ آپ کو مل جائے گی لیکن یہ دولت خرد کر دیتی ہے۔ اس کو اپنے پاس جمع نہ کریں۔ اس کو ہر روز خرچ کر دیا کریں اگر اپنے پاس رکھو گے تو یہ ہاتھ سے نکل جائے گی۔

منتر : اوم ہروں ہر دم کالی کرالسی ہر دل کھہاں کھیں کھول بھت.

☆

برائے محبت

سب سے پہلے اپنی راس کو دیکھے پھر اس کے متعلقہ ستارہ جو ہو اس کی ساعت میں جمعہ کی رات کو کیلوری بن میں جا کر ایک حلقہ کھینچے اور اس کے اندر بیٹھ جانے پھر آٹے کا چراغ بنا کر اس میں تیل اور سیندور ڈال کر جلائے اور اس کو اپنے سامنے رکھے اور منتر کو پانچ ہزار بار پڑھے اس کے بعد پھر ایک پیڑہ جو پہلے ہی پاس ہو دم کرے۔ اس طریقہ سے تین دن تک عمل کرے۔ پیڑے پر دم کرتا

رہے۔ پکھ پچھتر میں جس کسی کو پیڑا کھلا وے بس لا پرواہی اس کا ہو کر رہ جائے گا۔

منتر : اوم نمو بھگوتی گنگا کالی کالی امو کجھ ھم بس سواہا.

نوٹ:۔ اموکھ کی جبہ مطلوب کا معہ والدہ نام لے۔

......☆......

دیوانگی محبت

محبت کیلیے اس کو لکھ کر ایک بتی بنائے اور روغن کنجو میں ڈال کر ایسی جگہ پر جلائے جو صاف ہو اور چراغ کا منہ مطلوب کی طرف رکھے اور فلاں بن فلاں حب چراغ بجھ جائے تو گوشاہ عبدالواحد کی فاتحہ دے کر تقسیم کر دے اس کو بُرے کام کیلیے ہرگز استعمال نہ کرے۔

۱۱	۲	۱	۱۴
۴	۱۳	۱۲	۷
۱۶	۲	۶	۹
۵	۱۰	۵	۴

......☆......

خوش حبیوے سرفراز شاہ وچ مانچسٹر

محبت کے جال میں پھنسانا

بکری کا ایک شانہ لائیں۔ سورج نکلنے کے وقت اس منتر کو تحریر کریں اور اس کے ساتھ ہی طالب اور مطلوب اور ان کی ماؤں کا نام لکھا جائے اور اسے تنور یا چولہے میں دبا دیا جائے۔ پھر اس کے اوپر آگ جلا دی جائے۔ مطلوب بیقرار ہو کر آپ کے پاس آجائے گا۔

٢	٧	٦
٩	٥	١
٤	٣	٨

حب کیلئے پھولوں پر پڑھنے کا طلسم

پھول بنسے پھول بسے خواجہ خضر پیغمبر بسے اس پھول کی لیوے باس اٹھ کر آوے ہمارے پاس ہمارے پاس آوے تو چھوٹے۔ نہیں تو وہاں کلیجہ پھوٹے آوے پر آوے نہ آوے تو لات بیر بتال کی کھاوے۔ ایسی کھائی کھاوے جو ہر کام سے جاوے نہ کھڑی کھڑی کو چین۔ نہ بیٹھی بیٹھے کو سکھ جب لگ نہ دیکھے ہمارا مکھ پھر منتر ایشور مہادیو تیرا واچا چلے کام سو جو اللہ محمد آپ ہی کرے۔

ترکیب:

نوچندی جمعرات کو شروع کرے ہر روز 21 عدد چنبیلی کے پھول لیکر ہر

پھول پر 21 بار پڑھے اکیس دن تک اور ہر روز یہ پھول کسی شہید کی قبر پر چڑھا دیا کرے۔ پھر جب کام لینا منظور ہو تو کسی چنبیلی کی بند کلی پر تو چندری بدھ کو تین روز تک ہر روز 21 بار پڑھ کر دم کر آیا کرے تین روز کے جب کلی کھل جائے تو اتار لے اور دوسرے پھولوں میں ملا کر ہار گوندھ لے اور مطلوب تک پہنچائے۔ اس کی خوشبو لیکر مطلوب ملنے کیلئے بیقرار ہوگا۔

عجیب و غریب عمل ہے مگر جلالی و جمالی پرہیز شرط ہے۔

☆

ایضاً گڑ پر پڑھنے کا

گڑ گڑ تیج سوہان آوے، آوے ترت بھگوان نہ آوے تو بیر بتال کی لات چھاتی پہ کھاوے چلے منتر پھرے بھاشہ دیکھوں بھیروں تیرے علم کا تماشہ

ترکیب:

چاند گرہن یا سورج گرہن کے وقت گڑ ہاتھوں میں لیکر پڑھتا رہے۔ جتنا عرصہ گرہن رہے اتنا ہی عرصہ پڑھے۔ اور جس جگہ پڑھنا ہو پہلے اس کو گائے کے گوبر سے لیپ کرے اور تھوڑی سی شراب پاس رکھے اور گوگل یا دھوپ کی دھونی ضرور جلائے۔ جب پڑھ چکے تو گڑ اور شراب پر دم کرے اور شراب کو اس جگہ پر گرا دیوے اور چلا آوے پیچھے مڑ کر نہ دیکھے۔ ایک سال تک اس پر عامل رہے گا پھر جب گرہن لگے تو مکرر نہ پڑھے اور جب کسی کو مسخر کرنا ہو تو گڑ پر 21 بار دم کر کے کسی حیلے سے کھلا دے اور عجائبات ملاحظہ کریں۔

دیگر مرچ سیاہ پر پڑھنے کا

مرچ بستی مرچ ہستی مرچ نار سنگھ بیر۔ تیرے دوارے بستی جس کارن میں مرچ جلا رکھی۔ پاؤں پر نت میرے گھر میں آیا۔ اٹھایا بھوت جگایا مسان جارے بیر مسان تو میرا کہنا مان۔ چلتی کو چلایا بیٹھی کو اٹھالا سوتی کو جگایا۔ حاضر کرو۔ حاضر کرو۔ حاضر کرو شتاب

ترکیب:

لو چندی اتوار کو 21 مرچوں پر ہر ایک مرچ پر ایک بار میدان میں جا کر پڑھے۔ گیارھویں دن سوا سیر کچا (8 چھٹانک) ماس اور ایک چھٹانک شراب اور چوکیہ چراغ جلا کر اس اور شراب رکھ کر اس کے گرد پھر کر 101 پڑھے جس وقت ختم ہو جائے تو گیارہ بار مرچوں پر پڑھ کر مرچوں کو چراغ کے اوپر پھرا دے۔ اور واپس آ جائے پیچھے پھر کر نہ دیکھے اور مرچوں کو کوری کجی میں رکھ کر بند کر کے محفوظ رکھے۔ جب کام لینا ہو تو ان مرچوں میں سے ایک ایک مرچ پر ''جس کارن'' کی جگہ مطلوب کا نام لیکر ایک ایک بار پڑھ کر جلائیں۔ گیارہ روز تک ایسا ہی کریں گیارہ روز کے اندر اندر مطلوب خواہ سو کوس کے فاصلے پر بھی کیوں نہ ہوں ضرور حاضر ہوگا۔ پوشیدہ اسرار ہے۔

☆

خوش نصیب سرفراز شاہ وچ مانچسٹر

خوش جیوے سرفراز شاہ وچ مانچسٹر

ہر دلعزیز

منگل کے دن شروع کرے اور ہر روز متواتر 72 یوم تک اس کا جاپ کرتا رہے اور سات ہزار دو سو منتر کے ذریعے ناریل کے ساتھ ہون کرے جو راکھ ہون سے تیار ہو اس کو ماتھے پر لگا کر جہاں جائے گا ہر دلعزیز ہو جائے گا۔ جب اتار دے تو اپنی اصلی حالت میں آجائے۔

منتر : اوم نمو سرداکری سرنوکھ دھنی کارلی شرینگ ھرینگ سواھا۔

☆

ہر مراد پوری ہو

دیوالی کی رات کو یکھنی کی صورت کی مانند بناؤ اور اس کے اوپر سندور چڑھاؤ اور دھوپ سے اس کی پوجا کرو اور منتر کا دو سو بار جاپ کرو۔ جب جاپ عامل مکمل کرلے تو بھنڈار مقفل ہو جائے گا اور آپ کی مراد پوری ہو جائے گی۔

منتر : اوم شر لیک ھر لیک کلھنگ والے سواھا

☆

منتر سرسوں پر پڑھنے کا

گوری سرسوں باگن بنتی۔ گی آگ فلانی دیے کورع پرگھتاں جس گھر

گھتاں مٹھ بھر۔ بھوت مچاواں تس گھر۔ بھن فلانی دا متھا۔ بھن فلانی دا کپال۔
جاگ بے جاگ تیرا انگیا بیتال جس کولاواں تس کو بھڑک لاگ کالا گورا کھمبر پال

ترکیب:

چاند گرہن میں 501 بار سیتی سرسوں پر پڑھیں ایک ہاتھ میں سرسوں لیکراس پر پڑھ کر پھر دوسرے ہاتھ میں سے لیویں۔ اسی طرح اخیر تک کریں اگر چاند گرہن کو نہ پڑھ سکیں تو نوچندی منگل کو شروع کر کے اکتالیس یوم تک 101 بار ہر روز پڑھیں پھر سرسوں کو کسی کوری کجی میں محفوظ رکھیں جب مطلوب کے گھر میں جاویں تو کچھ دانے سرسوں کے چولہے میں ڈال دیں اور کچھ ان کے گھر میں جہاں وہ پھریں بکھیر دیں۔

نوٹ: جب سرسوں ختم ہونے کے قریب ہو تو اور سرسوں اس سرسوں میں ملا کر اس پر 101 بار منتر موصوف پڑھیں۔ مگر یاد رہے کہ جہاں فلانی فلانی کا لفظ ہے وہاں مطلوبہ معہ اس کی والدہ کا نام لے تب اثر ہوگا۔

☆

لڑائی جھگڑا کرنے والا خاوند مطیع ہو

جو شخص اپنی بیوی سے بلاوجہ لڑتا رہتا ہے اور اسے ناجائز طور پر تنگ کرتا رہتا ہے اس کو ٹھیک کرنے کیلئے کالی مرغی کا سر مٹی کی ڈبیا میں بند کرے اس مرد کے سونے والی جگہ میں دفن کر دے۔ کچھ ہی دنوں میں وہ اپنی بیوی سے محبت کرنے لگے گا۔

دلی مراد پوری ہو

اس منتر کو پچیس ہزار بار پڑھیں اور جب یہ منتر پڑھ لیا جاوے تو عامل کی مراد پوری ہو گی۔ جس سے اس کی زندگی آرام سے گزرے گی۔

منتر : اوم جگتر لیبھ جاتری کے چرم نلھے سواھا.

☆

برائے حب سندور پہ پڑھنے کا

ہتھیلی تو ہنومنت بسے بھیروں بسے کپال۔ بارہ سنگھ کی موہنی موہے سب سنسار۔ تاہن رے موہنا بیر۔ سب بیرن میں تیرا بیر سب کی ورشٹی باندھ دے موہے تیل سندور چڑھا وہاں تو ہے۔ تیل ہنڈ ور کہاں سے آیا۔ کیلاش پربت سے آیا۔ کون لایا اجنبی کا ہنومنت، گوری کا گنیش۔ کالا پیلا تو ملا تینوں بسیں کپال بندھا تیل سندور کی دشمن گیا پتال دہائی کامیال سندور کی ہمیں دیکھ شیتل ہو جائے۔ ہماری بھگت، گوروکی شکست پھر و منترا ایشور وباج ست نام اولیش گورد کو

ترکیب:

باہر جنگل میں پیپل کے درخت کے نیچے برہنہ بیٹھ کر 108 بار اس کو پڑھیں۔ ہفتہ کا دن ہو۔ پاس بت لوبان۔ کھوئے کی مٹھائی اور سندور کا تیل ملا کر ایک ڈبیہ میں رکھیں اور پان کے پتے بھی پاس رکھیں 7 ہفتہ صرف ایک دن یعنی ہفتہ کو یہ عمل کیا کریں۔ ختم ہونے کے بعد سب چیزیں چورستہ میں پھینک

دیں اور سندور پاس رکھ لیں جب کسی کے پاس جانا ہو تو ذرا سا یہ تیل اور سندور ماتھے پر لگائیں۔ پھر جو کہیں گے۔ اُسے تسلیم کرے گا۔

☆

بندش روزی کھولنا

ہر صبح کو نہا کر اس منتر کو سات یا انچاس بار پڑھیں تو بہت جلد روزی کہیں نہ کہیں سے ملے۔

منتر : کالی کنکالی مہا کالی مرے بندر چھوتی پہالیجار بیرہیروں چوراسی لوہرن جون ہان مٹھالی کھٹالی۔

☆

منتر محبت لونگ پر پڑھنے کا

لونگا لونگا لونگ سپاری لونگا باندی پورب ساری۔ پہلا لونگ جوراتی ماتی۔ دوجا لونگ دکھاوے چھاتی۔ تیجا لونگ کھڑی کو ناوے۔ چوتھا لونگ متی گل لاوے۔ لونگ لقمان توں جی چڑھ دیکھے اوچی ماڑی چھک نواں اوہدے تن دی ناڑی۔ سن رے شیطان۔ میرا کہنا مان۔ فلاں کس کو جالاگ ایسی لگنی لاگ نہ کھڑے کھڑی کو چین نہ بیٹھے بیٹھی کو سکھ جب تک نہ دیکھے ہمارا مکھ گورو کی لگت چیلے کی بھگت پھرد منتر ایشور کا باچا چلے کام۔

ترکیب:

نوچندی اتوار کو 21 عدد لونگ لے کر ہر ایک لونگ پر 21-21 بار پڑھ کر آگ میں جلاتا جائے اکیس دن تک کرنے سے مطلب حاصل ہوگا۔ مگر اپنے پاس گوگل یا دھوپ کی دھونی ضرور رکھے اور بھوج پتر پر چنبیلی کے پھولوں کا ہار اور کچھ بتاشے رکھ لیا کرے۔

☆

آگ کا گھر

ایک ایسا مکان جو بھی اس میں جائے اس کو اس کی دیوار پر آگ جلتی ہوئی نظر آئے۔ اگر دھوپ میں مکان میں داخل ہو تو آگ بھڑکتی ہوئی دکھائی دے۔ بجھا ہوا چونا لے کر باریک پیس لیں اور نصف حصہ سرو کا گوند اور چوتھائی حصہ لوبان گوند دونوں کو باریک پیس کر چونے میں ملائیں۔ پھر سیاہ گندھک ایک حصہ الگ چھان کر مرکب میں ملا کر تمام کو اچھی طرح سے پیس لو پھر روغن زیتون میں ملا کر دیواروں پر لگا دو جب خشک ہو جائے تو اس پر روغن یکساں تھوڑا تھوڑا لگا دو۔ اس کے ملتے ہی شعلے نمودار ہوں گے جب دھوپ آئے گی تو شعلے اور بھی بلند ہوں گے۔

☆

منتر آگ بند کرنے کا

جلتی بنوں، بلتی بنوں، بنوں وگن سوائی، چارکوٹ کی بستر بنوں، ہنومان کی دہائی، ہنوماں نے گنڈ وادھاوے۔ اگن گھر پانی آوے، انہاں جوگن کا کلاں باتھہ گئی اسکاہ نور بستر پو جئے اگن پانی ہو جا

ترکیب:

اول اس منتر کو اکیس یوم تک بلاناغہ 12 بجے رات کو مسان میں جا کر ماش کے دانوں 505 بار پڑھا کرے اور دانے ویران کوئیں میں ڈال دیا کرے جب چلہ ختم کرے تو ضرورت کے وقت سات دانے ماش کے لے کر ہر ایک دانہ پر سات مرتبہ یہ منتر پڑھ کر ڈالا جائے۔ آگ بند ہو جائے گی جلتی تو رہے گی مگر چیز کو سینک نہ پہنچا سکے گی۔

☆

منتر آدمی کی آگ باندھنے کا

آگ بنھال بستر بنھاں۔ بنھاں لشکر سارا۔ چک دہتاں۔ کمہیار بنھاں چیلی بھٹیارا۔ آپ بنھاں۔ منتر ترے تا پھرے واچوں تلے تانچل گلے پھرے ایشر مہادیو تیری واچا پھرے۔ پہلے چلہ 21 یوم کا کرے پھر سات عدد کنکریوں پر دم کرکے ایک ایک کنکری آدمی میں ڈالا جائے۔ آدمی کی آگ بندھ جائے گی اور برتنوں کو سینک نہ پہنچا سکے گی۔

منتر دکان کی بندش کا

اویس استاد کون اویس چوسٹہ جوگنی بونچہ سے بیر جہاں اُٹھے ہنکار تہاں پوے کلوفلانے کی دکان کو۔ نار سنگھ بیر بھگت کرے۔ گرد کی سکت علم کی لگت۔ پھرے منتر۔ ایشر مہادیو تیری واچا پھرے۔

☆

گھر کی حفاظت کیلئے

کسی مکان یا دکان میں شیاطین یا کسی قسم کی ارواح خبیثہ کا اثر ہو تو لوہے کی چار کیلیں لے کر ہر ایک کیل پر پچیس مرتبہ لام کو پڑھ کر دم کرے اور ایک ایک کیل گھر یا دکان کے چاروں کونوں میں گاڑھ دے تو گھر اور دوکان شیاطین سے پاک وصاف ہو جائے گی۔

☆

چور کی پہچان

اگر کسی کی چوری ہو جائے تو ایک لوٹا لے کر جس پر چوری کا شبہ ہو علیحدہ علیحدہ لکھ کر نام لکھ کر باری باری لوٹے میں پرچیاں ڈالیں اور چالیس لام پڑھنا شروع کر دیں۔ جب پرچیاں ڈالتے ڈالتے چور کا نام آئے تو فوراً لوٹا گھوم جائے گا۔ اگر ان ناموں میں چور کا نام نہیں ہوگا تو لوٹا نہیں گھومے گا۔

☆

پانچواں باب:

علاج الامراض

سرمہ برائے تپ ہر قسم

ہڑتال ورقیہ 8 تولہ کو آب گھیکوار میں ایک دن کھرل کرکے ٹکیہ بنا کر خشک کریں۔ اور ایک ہانڈی میں آدھی پیپل کی راکھ (سیاہ رنگ کی) بھر کر اوپر اس ٹکیہ کو رکھیں اور پیپل کی راکھ سے ہانڈی کو دبا کر بھر دیں۔

منہ بند کرکے نیچے آگ جلا دیں آٹھ پہر کامل مگر آنچ دھیمی رہے۔ سرد ہونے پر ہڑتال کا نکالیں۔ سفید کھیل کی طرح ہوگی۔ یہ کشتہ ہڑتال ایک تولہ پارہ مصفیٰ ایک تولہ گندھک آملہ سار ایک تولہ۔ پہلے گندھک اور پارہ کو کھرل کریں۔ پھر ہڑتال مال کر ایک ریشمی کپڑے میں پوٹلی باندھیں پھر ایک زہردار کالے سانپ کو تین انگل کے قریب سر کی طرف سے کاٹ لیویں اور منہ میں نیچے اور نمک بچھا کر درمیان میں پوٹلی موصوف رکھیں اور منہ کو سی کر کپر وٹی کرکے مٹی سے خوب مضبوط کریں پھر ایک ہانڈی میں نصف ریت بھریں اور درمیان میں یہ پوٹلی رکھ کر باقی حصہ بھی ریت سے بھر دیں۔ اور تمام دن نیچے آگ جلا دیں پھر سرد کرکے پوٹلی کو نکالیں اور دوائی کو باریک پیس لیں اور آنکھوں میں سرمہ کی طرح

لگائیں لطف یہ ہے کہ اگر ایک آنکھ میں ڈالیں۔تو ایک طرف کا بخار جاوے دونوں آنکھوں میں ڈالنے سے دونوں طرف کا بخار دور ہو۔

نوٹ: سانپ خواہ کسی قسم کا ہو۔کام تو دیجاتا ہے لیکن اگر کالا ناگ ہو تو افضل ہے

☆

مرض اٹھرا

پکھ نچھتر میں چاندنی اتوار کے دن نیم کی کونپلیں لا کر اس کے برابر فلفل سیاہ لا کر رگڑیں اور مسور کے دانے کے برابر گولیاں بنالیں جو عورت حاملہ ہو جائے اس کے پانچ مہینے بعد صبح کو اٹھ کر تازہ پانی یا دودھ سے کھلائیں۔ اگر بچہ بھی پیدا ہو جائے اور دودھ ماں کا پیتا رہے تب تک یہ عمل جاری رکھیں۔عورتوں کی یہ بیماری بہت بڑی ہوتی ہے اس میں اکثر بچے فوت ہو جاتے ہیں۔اس عمل سے اٹھرا کا مرض بالکل ختم ہو جائے گا۔

☆

سر درد کا علاج

مریض کے دل پر خواب مقناطیسی طاری کرو پھر مقام درد پر بلا چھوئے ہاتھوں کے پاس کرو اوّل دل میں خیال کرو کہ میں درد کو خارج کر رہا ہوں اور بحالت خواب مریض کو یک سوئی قلب سے یہ ہو کہ دیکھو میں تمہارے درد کو دور کر رہا ہوں اب تم بالکل تندرست ہو جاؤ گے۔اس طرح تین دن عمل کرنے سے آرام آجائے گا۔

اسی طرح پیٹ درد کی درد، کمر کی درد، داڑھ کی درد یا بدن کے کسی اعضاء میں درد ہو یہ عمل کرنے سے آرام آجائے گا۔

☆

سرمہ برائے سوزاک

برادۂ سینگ گاؤ کہنہ 2 تولہ۔ برادہ سینگ جوان گاؤ میش 2 تولہ سنبل کی روئی میں بتی بنا کر چراغ میں جلائیں اور کاجل مٹی کے سرپوش کے ذریعہ حاصل کریں اور اس کاجل کو دن میں تین بار لگائیں سات دن میں عجیب تبدیلی ظاہر ہوتی ہے۔

☆

آنکھوں کی تکلیف کیلئے

اس منتر کو سار بار پڑھ کر چاقو سے جھاڑے۔

منتر: اونگ نمو چل ہل جاہر بھر تلائی جاں بیٹھنا ہومتا آلے پھوٹے نہ پاک چلے ھنودت راکھے۔

☆

پیٹ کی تکلیف ختم

اس منتر کو سات بار پانی پر پڑھ کر پیئے۔

منتر: اونگ نمو ادیش گورو گو سیام بریت گورو کو بریت

میں ھوھو مین کنواں میں تمن سوا کون سواپائے سواپھر سواپھاج پھاج دیے جھرآوے جھتی ھنو مت مارے کرکا بھنمست پڑہ منتر اشیر ویاج

☆

بواسیر کی بیماری کیلئے

پانی میں تین بار کہہ کر آبدست کرے۔

منتر : کوا مسالی کیلئے نیسالی کھوپی بادی دونوں رت کال جائے۔

☆

☆ ☆ ☆ ☆

پیٹ درد

اگر کسی شخص کے پیٹ میں درد ہو تو اس منتر کو سات بار پانی پر پڑھ کر دم کر کے پلا دیں درد بالکل جاتا رہے گا۔

منتر : اونگ نمو اوہس گورو گوسیام پربت سیام گورو کرپربت ھر ھر میں کنواں تین تین سواکون سواپائے مواچھر سواپھاج پھاج اوجھر آوے ھنتی ھنومان منت مارے کرکا بھمشت پھر منترایسرباچا۔

☆

ہرنیا کا علاج

ہرنیا کو طب میں فتق آفت اترنا کہتے ہیں۔ ویسے تو ہرنیا کا مرض کئی قسم کا ہوتا ہے مگر عام طور پر ناف کا نیا پر فوطوں کا ہرنیا ہوتا ہے۔ اس کی وجہ اسباب مختلف ہوتی ہے۔ مختصراً یہ بڑا موذی مرض ہوتا ہے جس سے انسان زندگی کو خطرہ لاحق ہو سکتا ہے۔ ہم آپ کے لیے ایک تیز بہدف عمل تحریر کر رہے ہیں جس پر عمل کر کے اس موذی مرض سے نجات حاصل کی جا سکتی ہے۔

ایک کوا کو پکڑ کر اس کو خوراک ڈالیں۔ مگر دن میں ایک بار بیسن ایک ماشہ مصطگی روٹی میں کھلا دیں۔ دس دن تک یہی عمل کرتے رہیں۔ دس دن کے بعد کوے کے پنجرے کو اچھی طرح صاف کر لیں اور پھر دس دن تک یہی خوراک بیسن اور مصطگی روٹی میں یا آٹے میں رکھ کر کھلائیں۔ اس بار اس کا فضلہ بیٹ کو لے کر خوب پیس کر باریک کر لیں اور کپڑ چھان کر کے بوتل میں محفوظ کر لیں۔ پھر روزنہ ایک ماشہ بیٹ کو سوا تولہ گلیسرین میں ملا دیں اور اس گلیسرین کو فوطوں کے اردگرد ہیٹرو اور نلوں کے مقام پر رات کو لیپ کر دیں اور سو جائیں اور صبح اٹھ کر پانی سے دھو دیں۔ اس عمل کو ایک مہینے تک جاری رکھیں۔ یاد رہے کہ ان دنوں میں قبض نہ ہونے پائے۔ اگر قبض ہو جائے تو روغن بادام دودھ میں ڈال کر نیم گرم رات کو پی لیں۔ قبض کھل جائے گی۔ ثقیل اشیاء نہ کھائیں اور نہ ہی ان دنوں میں کوئی زیادہ مشقت والا کام کریں۔ ایک ماہ تک کرنے سے ہر مرض بالکل ختم ہو جائے گا۔

☆

چوتھیے بخار کا علاج

اگر کسی شخص کو چوتھیے کا بخار چڑھ جاتا ہو اور علاج کے باوجود بھی آرام نہ آتا ہو تو میری سلم منقار کو ہڑتال شہد کو ایک ایک رتی لیکر پیس لیں اور شہد میں ملا کر اس میں ملالیں اور سرمے کی سلائی سے آنکھوں میں لگائے تو چوتھیئے کا بخار فوری طور پر اتر جائے گا۔

☆

مرگی کا علاج

تیل لے کر اس پر منتر کر پڑھتے ہوئے تیل کو سات دفعہ منہ اور اسمیہ منتر روا تیل مرگی کے مریض کے جسم پر مل دیں۔ اچھی طرح سے مالش کریں۔ مرگی دور ہو جائے گی۔

منتر: اور اللرر کھیہ سوالح

☆

دانت درد

اگر کسی کے دانت درد ہو شدید قسم کی ہو، رات کو سونے نہ دیتی ہو تو اس کے لیے یہ عمل کریں۔ دانت درد جتنا مرضی شدید کیوں نہ ہو فوراً ختم ہو جائے گا۔ دانت کو پکڑ کر پانچ بار پڑھیں۔ درد رفع ہو جاتا ہے۔

منتر: آلوک کتھرے تی مکھسیہ بھمڑ الورتا

بے اولاد کا علاج

عورت کو ایام حیض میں تین دن بڑے پروں کا کا کسترہ پانچ رتی دودھ بالائی سے کھلایا جائے تو حمل ہو گا۔ بیٹا خوبصورت پیدا ہو گا۔ اگر مولی کے پانی سے کھلایا جائے تو لڑکی پیدا ہو گی۔

منتر: ہی ام دھنوانم سوشلم تیج جوم ستناتے ابھوت ہنک ورشتو استسار از امشوا بھوت۔

☆

سوزاک کا علاج

ایک کوے کے چند انڈے لیکر ان میں سے لعاب نکال کر اس کے چھلکے حاصل کریں اور اس کے چھلکوں کی اندر کی جھلی کو نمکین پانی سے صاف کریں۔ جب یہ جھلی اچھی طرح سے صاف ہو جائے تو ان چھلکوں کو سائے میں خشک کر لیں۔ پھر اس میں نمی نہ رہے پھر ان کو ریزہ ریزہ کر لیں اور ببول کے کوئلے جلا کر لال کر لیں پھر ایک جست کے برتن میں ان چھلکوں کی ڈال کر آگ پر رکھ دیں۔ جب یہ چھلکے ہو جائیں اور اتار کر ٹھنڈا کر لیں۔ اس کو پیس کر سفوف بنا کر رکھ لیں۔ جب بھی ضرورت ہو دوائی سفوف مولی کے پانی سے مریض کو کھلائیں۔ تین دن تک روزانہ کھلائیں۔ مرض ختم ہو جائے گا۔ پھر دوبارہ نہ ہو گا۔

☆

خونی پیچش

جس شخص کو خونی پیچش آرہے ہوں اور نہ رکتے ہوں باوجود علاج کے سخت تکلیف میں ہو تو میری اگنت کو صاف کر کے نیم کی ٹہنی پر سایہ میں لٹکا کر لے۔ میری اس سلوف خونی پیچش کیلئے مفید ہے۔

☆

سر درد کا علاج

اگر کسی مریض کے سر میں شدید درد ہوتا ہو جو کہ پریشان کر دینے والا ہو تو مریض کے سر پر ہاتھ رکھ کر بیس بار یہ منتر پڑھیں تو اسی وقت درد سر ٹھیک ہو جائے گا۔

منتر : الوک پردیسے رکھھاچی

☆

سرمہ برائے درد سر

سنگ سرمہ دار اکلیمیا دونوں برابر وزن لیکر عسل کف گرفتہ رقیق میں ملا کر آنکھوں میں لگائیں۔ درد سر دور ہوگا۔ ایک آنکھ میں لگانے سے ایک طرف کا۔ دونوں طرف لگانے سے سارے سر کا درد دور ہوگا۔

☆

سرمہ برائے مارگزیدہ

مرداسنگ مصفیٰ 2 تولہ لیکر برگ بھنگ سولہ تولہ کے نغندہ میں رکھ کر چار سیر پختہ اپلوں کی آنچ دی۔ اسی طرح تین آگ دیں۔ کشتہ ہو جائے گا مارگزیدہ کی آنکھوں میں لگا دیں اور ایک دو رتی ہمراہ مناسب بدرقہ کھلائیں۔ زہر اتر جائے گا۔

☆

بھگندر کا علاج

ایک کوئے کی چونچ کو لے کر ایک پتھر کی سل پر آب حنا سرخ میں اس قدر گھسائیں کہ گھس گھس کو چونچ ختم ہو جائے۔ اس کے بعد اس کو سائے میں خشک کر لیا جائے۔ یہ سفوف بن جائے گا۔ پھر اس کو سبز رنگ کی شیشی میں بند کر کے رکھ لیں جب کوئی مریض آئے تو اس سفوف میں سے ایک رتی صبح و شام شہد کے ہمراہ چٹائیں اور اسی سفوف کو مقامی طور پر انڈہ کی بھندی میں سفوف ایک اور سفیدی بیضہ مرغ چالیس کی نسبت سے ملا کر مقامی طور پر لیپ کرائیں۔ مقعد سے لیکر چوتڑوں تک لیپ کرائیں۔ ایسے لگاتار تین ماہ تک کرائیں۔ اس مرض کو جڑ سے نکال کر آرام دے گا۔

☆

خوش جیو سرفراز شاہ و چ ما نچسٹر

فالج کا علاج

میرے آنت کو آم کی شاخ پر دھوپ میں خشک کیا جائے اور دو رتی روزانہ گرم دودھ کیساتھ استعمال کرایا جائے تو فالج کو آرام آجائے گا۔

☆

جریان و احتلام

گفت کو چاندنی میں چالیس دن رکھ کر دو ماشہ کے روز میں دو معاشہ کشتہ چاندی ملا کر روزانہ استعمال کرائیں تو مریض کا بے حد امساک بڑھ جائے گا۔

☆

جریان کیلئے

ایک پانی پیالی لے کر اس پر دم کریں اور صبح نہار منہ سورج نکلنے سے پہلے شمال کی طرف رخ کر کے بیٹھ کر ایک ایک گھونٹ پانی پیئے۔ تندرست ہو جائے گا۔

مکتر نجی یھو گت چھر ہوغ زسنیے زاسیق لسبئه کثر لگنه چھر علھاسع

☆☆☆

آواز دے کہاں ہو

سب کی نظروں سے غائب ہونے کیلئے آپ کو چاہیے کہ بروز اتوار سگ سیاہ کو سیاہ تل کھلائیں اور اس کی چربی سے تیل نکال کر مردہ کی کھوپڑی میں کاجل حاصل کریں اس کاجل کو جو شخص اپنی آنکھوں میں لگائے وہ تمام لوگوں کی نظروں سے غائب رہے گا لیکن خود سب کو دیکھے گا۔

O.....O.....O

چاول موتی نظر آئیں

منگل کے دن عروج ماہ میں جب کہ پکھ پختہ ہو مرگھٹ میں چاول لے جائیں اور کسی مردے کی کھوپڑی میں رکھ کر لوگوں کو دکھائیں تو لوگوں کو نہایت نفیس موتی نظر آئیں گے۔

O.....O.....O

تمام جسم شکستہ نظر آئے

لکھانا می بوٹی برسات میں ہوتی ہے اس کی پتی چھوٹی گول سبز رنگ کی ہوتی ہے اس کو حاصل کر کے اس کا عرق نکالیں اور اپنے بدن پر مل کر ناظرین کو دکھلائیں انہیں تمام جسم شکستہ نظر آئے گا۔

O.....O.....O

مرد عورت یکساں نظر آئیں

شنگرف، پوست، بیضہ مرغ سرخ رنگ سمندر پھن، مانئہ گربہ استخوان آدمنہ ایک جگہ جمع کر کے عرق الکحل میں ملا کر اتوار کی رات کو بوقت نصف شب مرگھٹ پر جائے اور ان ادویات کو

کھوپڑی پر لکھ کر کسی جلتی ہوئی چتا میں جائے پھر اس راکھ کو اپنی انگلی پر لگا کر لوگوں کو دکھائیں تو ان کی نظر بند ہو جائے گی ان کو مرد و عورت یکساں نظر آئیں گے۔

طلسمی کاجل

بوقت خسوف بروز یکشنبہ بیج دل سفید بیج کتائی سفید روغن انگول میں روئی تر کر کے کسی چراغ میں رکھے اور بتی جلائے اور آدمی کی کھوپڑی اوپر رکھ کر کاجل اتار لیں یہ کاجل جو آدمی آنکھوں میں لگائے گا تو لوگوں کی نظروں سے غائب ہوگا جب دھو ڈالے تو اثر زائل ہوگا۔

مجلس ناچے

اتوار یا منگل کو گرگٹ زرد لائیں جب چاند برج جوزا میں ہو اس وقت اسے مار ڈالے، مارتے وقت جب تک وہ تڑپتا رہے خود بھی برہنہ ہو کر ناچتا رہے پھر اس کی دم کاٹ کر سکھا لیں جب تماشا دیکھنا چاہیں اس دم کی بتی بنا کر چراغ میں ڈال کر اسے روشن کریں اور کسی مجلس میں لے جا کر رکھ دیں تمام اہل محفل بے ساختہ ناچنے لگیں گے۔

حقہ آواز دے

مدار یہ قسم کا حقہ لے کر اس کے مطابق اس میں چونے کی نڑی بھر دیں اور پانی لکڑی کے برابر رہے وقت تماشہ دیکھنے کے حقہ کو تازہ کر کے لے جائے اس کی نڑی میں عرق لیموں ذرا ہوشیاری سے داخل کریں اور چلم بھر کے اس پر رکھ دیں پھر کہیں شیخ جی حقہ نوش کیجیے فوراً حقہ سے جھنجھنے کی آواز نکلتی ہوئی معلوم ہوگی اور دھواں بھی نکلے گا اور لوگ سمجھیں گے بلاشبہ کوئی بزرگ یا پاک روح حقہ کے کش لگا رہی ہے۔

شیشہ یا لوہا تانبا معلوم ہو

بغیر زنگ کے لوہے کا ٹکڑا لے کر اس پر نیلا تھوتھا مل دیں اس کا رنگ برنگ تانبا معلوم ہوگا۔ اگر شیشہ پر ملا دیں تو کبھی تانبا معلوم ہو دیکھنے والا ہرگز جلدی نہ پہچان سکے گا پھر اگر اصلی حالت پر لانا ہو تو نمک کے شورے سے دھو یا جائے اصلی حالت پر آ جائے گا۔

O......O......O

پانی برف کی مانند جم جائے

نیم گرم پانی میں قدرے پیشاب ہوا بریشم ماہی ڈالتے جائیں تو اب مثل برف کے ہو جائے گا۔

O......O......O

مچھلیاں پیدا ہوں

مچھلیوں کے انڈے لے کر مچھلیوں کے انڈے پانی میں ملا کر اولوں میں رکھ لیں اولے ٹھنڈے ہونے پر مٹی کو اٹھا سائے میں خشک کر کے پیس کر رکھ چھوڑیں ناظرین کو جب تماشا دکھانا منظور ہو تو ایک طشت میں پانی بھر کر اس مٹی کو اوپر سے بکھیر دیں فوراً چھوٹی چھوٹی مچھلیاں پیدا ہو کر حرکت کرنے لگیں گیں۔

O......O......O

اندھیرے میں بغیر روشنی پڑھنا

جانور ہد ہد کا خون خشک کر کے سفید سرمہ میں ملا کر رات کو اپنی آنکھوں میں لگائیں جو پڑھیں بخوبی پڑھا جائے گا۔

عورت کے پستان غائب ہو جائیں

اتوار کے روز ایک چگادڑ پکڑ کے اس کو سات اتوار کو گل کی دھوپ دیتے رہیں ساتویں اتوار بوقت دوپہر برہنہ ہو کر اسے ذبح کر ڈالیں۔ اس کے خون اور لاجونتی کے رس سے روئی تر کر کے بتی بنائیں پھر تانبے کے چراغ میں روغن مالکنگنی ڈال کر اس کا کاجل نکالیں اور اپنی مٹھی پر لگا کر جس عورت کو دکھا کر مٹھیاں بند کریں اس کے پستان غائب ہوں گے جو کھولنے پر بدستور نظر آئیں گے۔

○......○......○

حاضر غائب

بروز اتوار جب اماوس ہو دو مردوں کی کھوپڑیاں لا کر مرگھٹ میں جلائیں ایک کھوپڑی میں الو کا پتہ اور گھی ڈال کر روشن کریں اور دوسری میں کاجل حاصل کر کے کاجل ڈالتے وقت برہنہ رہیں کسی سے گفتگو نہ کریں کاجل تیار ہوتے ہی فوراً ایک تانبے کے تعویذ میں بند کر کے منہ میں رکھ لیں جہاں چاہے چلا جائے وہ سب کو دیکھے گا مگر اسے کوئی نہ دیکھے گا مگر جب تک تعویذ منہ میں رکھے کسی سے بولے نہیں۔

○......○......○

پرندوں کا شکار کرنا

ہڑتال، گندھک اجوائن خراسانی ان سب کو پیس کر شیر آگ میں بھگو دیں پھر ان میں چاول یا دانے کسی اناج کے ڈال کر خشک کریں جو جانوران میں سے ایک دانہ بھی کھا جائے گا وہ بے ہوش کر زمین پر گر پڑے گا اور اگر ہوش میں لانا منظور ہو تو روغن زیتون پلا دیں ہوش میں آ جائے گا۔

○......○......○

کبوتر پکڑنا

باقلے کو ہڑتال کے ساتھ پکا کر گولیاں بنالیں اور جہاں کبوتر بیٹھے ہوں دانوں میں ملا کر اسے بکھیر دیں ان میں سے جو گولی کھائے گا بے ہوش ہو جائے گا پکڑ لیں روغن زیتون اس کے منہ میں ٹپکائیں ہوش میں آجائے گا۔

جانوروں کو قابو کرنا

مرکی ہڑتال ہر دو کو آٹے میں ملالیں اور جانوروں کو ڈالیں جو کھائے گا بے ہوش جائے گا ہوش میں لانے کیلئے اسے سرد پانی سے نہلائیں۔

دیگر حاضر غائب

سیاہ گربہ کی آنول ال لے کر خشک کرلیں بعد میں تین حصہ سونا سولہ حصہ چاندی بارہ حصہ تانبا لے کر ان کا تعویذ بنائیں۔ خشک شدہ آنول نال اس میں بند کر کے پہن لیں جہاں چاہے چلا جائے کوئی نہ دیکھے گا۔

دیگر:

ایک گربہ سیاہ مار کر کسی پوشیدہ جگہ میں دفن کریں 21 دن بعد اسے نکال کر اس کی کل ہڈیاں علیحدہ کریں بوقت ضرورت ان میں سے ایک پیٹ کی ہڈی لے کر گھس کر ماتھے پر قشقہ کھینچے سب کی نظروں سے غائب ہوں گے۔

آگ کا درخت

باریک کپڑے کی تھیلی ایک فٹ لمبی لے کر گندھک اور شورہ پانی میں گھس کر اس میں چند مرتبہ غوطہ دیں جب خشک ہو جائے چوب چیڑ کے کوئلوں کو راکھ لے کر بھر دیں۔ درخت میں گنجان پتوں میں باندھ کر ایک توڑہ فتیلہ کے ذریعہ رات کو آگ دیں تھوڑے وقفہ کے بعد اس میں آگ برسے گی۔

O.....O.....O

درندے ڈریں

اگر آدمی ریچھ کی دائیں آنکھ اپنے پاس رکھے تو درندے کا خوف نہ رہے اس آدمی سے تمام درندے ڈریں اور بھاگ جائیں۔

O.....O.....O

سانپ ہر قسم بھاگ جائے

جس گھر میں شتر مرغ کی چربی ہوگی وہاں سانپ نہ رہے گا بلکہ اگر اس کو اس کی بو آئے تو بے ہوش ہو جائے گا۔

دیکھو:

☆ جس جگہ فاختہ بول رہی ہو وہاں سے سانپ اس کی آواز سنتے ہی بھاگ جائے گا۔

O.....O.....O

☆ اگر کسی کمرے میں سانپ ہو وہاں چنے کی جڑ پھینک دیں سانپ فوراً بھاگ جائے گا۔

O.....O.....O

☆ اگر سیم برز آگ میں جلادیں تو اس کے دھوئیں سے سانپ بھاگ جاتا ہے۔

O......O......O

☆ رائی کو تھوڑے سے پانی میں گھس کر گھر میں چھڑک دیں فوراً سانپ بھاگ جائے گا۔

O......O......O

☆ رائی اور نوشادر ہم وزن پیس کر گھر میں پھیلا دیں سانپ بھاگ جائے گا۔

O......O......O

گھر کی بچھو اور سانپ سے حفاظت

اگر ریٹھے کو پانی میں گھول کر وہ پانی گھر میں چھڑک دیا جائے تو سانپ اور بچھو فوراً دفع ہو جائیں گے۔

دیگر:

☆ ہدہد کے پروں کو لے کر جلائیں جہاں تک دھواں پہنچے گا تمام سانپ بچھو بھاگ جائیں گے۔

O......O......O

☆ گھر کے چاروں کونوں میں ایک ایک فندر رکھ دیں بچھو تمام گھر سے بھاگ جائیں گے۔

O......O......O

☆ مولی کا چھلکا یا اس کا عرق بچھو پر ڈال دیں تو بچھو فوراً مر جائے گا۔

O......O......O

چوہے بھگانا

اگر بھیڑیئے کی گوہ کی دھونی گھر میں کریں تو تمام چوہے وہاں سے بھاگ جائیں گے۔

دیگر:

☆ اگر چوہے کے گوشت کی دھونی گھر میں دی جائے تو تمام چوہے بھاگ جائیں گے۔

O.....O.....O

☆ ایک چوہے کی دم کاٹ کر مکان میں چھوڑ دیا جائے تو تمام چوہے بھاگ جائیں گے۔

O.....O.....O

☆ ایک چوہا مکان میں زہر کھا کر مر جائے تو تمام چوہے مکان سے بھاگ جاتے ہیں۔

O.....O.....O

☆ اگر گھوڑے کا سم اس جگہ دفن کریں جہاں چوہے ہوں تو وہ فوراً وہاں سے بھاگ جاتے ہیں۔

O.....O.....O

☆ ایک چوہے کو پکڑ کر نیل میں رنگ کر گھر میں چھوڑ دیں تو تمام چوہے بھاگ جائیں گے۔

O.....O.....O

☆ چونا آب نار سیدہ آٹے میں ملا کر رکھیں جب چوہا کھا کر پانی پیے گا تو فوراً مر جائے گا۔

O.....O.....O

☆ گھوڑے کی دم کے بال کتر کر آٹے میں ملا کر گولیاں بنا کر چوہوں کو کھلا دیں فوراً مر جائیں گے۔

O.....O.....O

☆ سنکھیا یا ہڑتال یا کچلہ آٹے میں ملا کر کھلانے سے چوہے فوراً مر جاتے ہیں۔

O.....O.....O

☆ اونٹ کے سیدھے ہاتھ کا ناخن گھر میں جلائیں تمام چوہے گھر سے بھاگ جائیں گے۔

نوٹ: سیدھے ہاتھ سے مراد اونٹ کا دایاں اگلا پاؤں ہے۔

O.....O.....O

دیمک فوراً مر جائے

کنیر کا جوش کیا ہوا پانی گھر میں چھڑکنے سے دیمک فوراً مر جاتی ہے۔

دیگر:

☆ درخت چنار کے پتوں کو خشک کر کے جس جگہ دیمک ہو وہاں جلائے جائیں دیمک دفع ہو گی۔

O……O……O

☆ جس گھر میں ہد ہد ہو وہاں دیمک ہرگز نہ ہو گی۔

O……O……O

☆ ہد ہد کو جلا کر اس کی راکھ جس جگہ ڈالی جائے گی وہاں دیمک پیدا نہ ہو گی۔

O……O……O

☆ ☆ ☆ ☆

چیونٹیاں بھاگ جائیں

جس گھر میں چیونٹیاں زیادہ ہوں تو تھوڑی سی چیونٹیوں کو جمع کر کے جلا کر اس جگہ ڈال دیں جہاں چیونٹیاں بہت ہوں تو پھر وہاں سے چیونٹیاں بھاگ جائیں گے۔

دیگر:

☆ ہینگ یا ہلدی یا ہینگ پانی میں پیس کر چیونٹیوں کے سوراخ میں ڈال دیں فوراً بھاگ جائیں گے۔

O……O……O

☆ اگر چیونٹی کے سوراخ کو گائے کے گوبر سے بند کر دیا جائے تو چیونٹیاں بھاگ جائیں گی۔

O……O……O

☆ اندرائن کی جڑ اور گندھک کی دھونی دینے سے چیونٹیاں فوراً بھاگ جائیں گی۔

○......○......○

☆ تارکول، ہینگ اور بنل کے پتے کا دھواں کرنے سے چیونٹیاں بھاگ جائیں گی۔

○......○......○

☆ سفوف گندھک ایک پاؤ، پوٹاس آدھا پاؤ، دونوں کو کسی مٹی کے برتن میں ڈال کر آگ پر رکھ کر پگھلاؤ اور ساتھ ان کو ہلاتے رہو اس کے بعد پھر اتنی آگ دو کہ پانی خشک ہو جائے گا اور رکھ چھوڑیں بوقت ضرورت اس کو پانی میں گھول کر چیونٹیوں کے سوراخوں اور گزرگاہوں پر چھڑک دو وہ وہاں سے بھاگ جائیں گی۔

○......○......○

☆ ☆ مکھیوں کو بھگانا ☆ ☆

اگر بھیڑیئے کا بت تانبے کا بنا کر اس میں سوائے ذکر کے کوئی حصہ جسم بھیڑیئے کا رکھ دیں اور اس کو زمین میں دفن کر دیں تو وہاں سے تمام مکھیاں بھاگ جائیں گی۔

دیگر:

ہڑتال یا گندھک کی دھونی کرنے سے تمام مکھیاں بھاگ جائیں گی۔

○......○......○

شہد کی مکھیوں کو بھگانا

اگر تلسی کے چند پتے منہ میں چبا کر مکھیوں کے چھتے پر تھوک دیں تو تمام مکھیاں چھتا چھوڑ کر چلی جائیں گی۔

○......○......○

پسوؤں کو دور کرنا

اگر ٹیسو کے تین بڑے بڑے گچھے لاکر کمرے میں رکھ دیئے جائیں تو اس کمرے کے تمام پسو ان پھولوں پر آ جائیں گے ایک دن کے بعد ان پھولوں کو جلا دیا جائے تو پسوؤں سے چھٹکارا ہو۔

دیگر:

☆ اندرائن پانی میں ملا کر پیس کر تمام گھر میں چھڑکیں فوراً تمام پسو بھاگ جائیں گے۔

☆ خارپشت کی چربی لکڑی پر مل کر رکھ دیں تمام پسو اس پر جمع ہو جائیں گے اور مر جائیں گے۔

☆ جوب صنوبر کے دھوئیں سے مچھر بھاگ جاتے ہیں۔

☆ تلسی کا پودا گھر میں رکھنے سے مچھر بھاگ جاتے ہیں۔

ٹڈی دل کو بھگانا

وہ ٹڈی جو کھیتوں کے کھیت چٹ کر جاتی ہے اس کو دفع کرنا ہو تو اس کی شکل کے تین بت تانبے کے بنا کر ان میں ایک ایک ٹڈی بند کر کے چراغ سے باندھ کر زمین میں گاڑھ دیں تمام ٹڈیاں وہاں سے فوراً بھاگ جائیں گی۔

گبرولے مکان سے بھاگ جائیں

اگر مکان میں گبرولے زیادہ ہوں تو کنیر کی دھونی کریں بھاگ جائیں گے۔

○.....○.....○

جوئیں دور کرنا

جو شخص جنگلی پیاز کے تخم اپنے پاس رکھے اس کی جوئیں دفع ہو جائیں گی۔

○.....○.....○

مکان سے چھپکلی بھاگ جائے

جس مکان میں زعفران ہوگا اس مکان میں چھپکلی نہ رہے گی۔

○.....○.....○

دافع بھڑ

گندھک اور لہسن کے دھوئیں سے فوراً بھاگ جاتی ہیں۔

○.....○.....○

امراض سر و متصلہ اعضاء کا علاج

دافع مرگی

اگر مرگی کا مریض اپنے پاس سنگ جراحی لٹکائے رکھے تو مرض سے نجات پا۔

دبکو:

☆ نو ماشہ چاندی اور سونا ملا کر تعویذ بنائیں اور اس کے اندر عود صلیب کے چار دانے رکھ کر بند کر دیں اور مریض کے گلے میں ڈال دیں آرام ہو جائے گا۔

O......O......O

☆ اگر کسی عورت کے حیض کا خون لے کر ایسے شخص کے منہ پر ڈال دیا جائے جس کو مرگی آتی ہو تو اس شخص کو آرام ہو جائے لیکن عورت بیمار ہو جائے گی۔ اس عمل کو ہرگز نہ کریں۔

O......O......O

☆ جب ابابیل ایک ہی سال میں دوسری دفعہ بچے دے تو پہلے بچے کو چاند کی چودھویں تاریخ میں لے اور اس کا پیٹ چاک کر دے اس میں دو کنکریاں ملیں گی ایک یکرنگ اور دوسری کئی رنگوں کی دونوں کو سنبھال کر رکھیں اور زمین پر نہ لگنے دیں ورنہ اثر زائل ہو جائے۔ پہلی پہلی یکرنگی کنکری کو گوسالے کے چمڑے میں لپیٹ کر جس کو مرگی آتی ہو اس کے بازو پر باندھ دیں جب تک بندھی رہے دورہ نہ پڑے دوسری پتھری جو کئی رنگوں کی ہے اس کو گلے میں لٹکانے سے خوف و ڈر زائل ہو جاتا ہے۔

☆ سیاہ کتے کے بال مریض کے باندھ دیں مرگی کا مرض فوراً دفع ہوگا۔

☆ گورخر کے دم کا چھلا بنا کر بائیں ہاتھ کی چھنگلی میں پہنا دیں مرگی کیلئے مجرب ہے۔

O......O......O

دافع عشق

قاطانیتی کا پھل جو چنے کے برابر سرخ رنگ کا سوراخ دار ہوتا ہے اگر لے کر کسی عاشق کے باندھ دیا جائے تو اس کا عشق دفع ہو جائے گا۔

دیگر:

☆ اگر کوئی کسی کے عشق میں مبتلا اور وہ چاہے کہ اس مرض سے نجات پائے تو اسے چاہیے کہ اژدھے کا دل نکال کر ہرن کی کھال میں لپیٹ کر اپنے بازو پر باندھ لے عشق جاتا رہے۔

دافع دیوانگی

سر ہدہد کو مشک زعفران میں ملا کر دیوانے کو کھلائیں اس کی دیوانگی جاتی رہے گی۔

دیگر:

ابن زہیر لکھتا ہے کہ اگر آدمی ہدہد کی آنکھ اپنے پاس رکھے تو جنون سے مامون رہے۔

دفع مرض نسیان

جس شخص کو نسیان کا مرض ہو وہ اپنے پاس ہدہد کی آنکھ رکھے مرض دفع ہو گا۔

دفع درد آدھا سیسی

ہدہد کی ہڈی کی دھونی دینے سے آدھا سیسی جاتا رہے۔

بینائی تیز ہو

مالکنگنی کا تیل ہاتھ پر ملنے سے بینائی تیز ہو جاتی ہے بے حد مجرب ہے۔

دیگر:۔

☆ خواہ آدمی کی عمر ایک سو سال سے زائد ہی کیوں نہ ہو اگر وہ اپنی آنکھ میں سیاہ بلی کا پتہ اور چکور کا پتہ ملا کر لگائے تو وہ باریک سے باریک چیز کو دیکھ سکے گا اور گہرے پانی میں بھی ہر چیز کو دیکھے جب آنکھوں کو دھو ڈالے تو اثر جاتا رہے۔

☆ اگر کسی کو کم نظر آتا ہو تو وہ چربی ہدہد کی آنکھوں میں لگایا کرے اس کی نظر درست ہو جائے گی۔

☆ جب کسی کے لڑکا پیدا ہو تو وہ پیدا ہونے کے بعد جب سب سے پہلے پیشاب کرے اگر یہ پیشاب کوئی شخص آنکھوں میں لگائے تو تمام عمر بہت تیز بینائی رہے گی اور روشنی کم نہ ہوگی۔

روشنی رات دن یکساں رہے

☆ اگر چرخ کی آنکھ اپنی آنکھوں پر ملیں تو روشنی آنکھوں میں برابر رہے گی۔

اندھیرے میں دیکھنا

☆ الو کی چربی آنکھ میں لگا کر کسی تاریک مکان میں جائیں تو سب کچھ نظر آئے گا۔

آنکھیں نہ دکھیں

☆ اگر سال میں متعدد بار گونر کا پختہ پھل کھالیں تو آنکھیں نہ دکھیں۔

دافع شبکوری یا رتوندہ

☆ گنجشک نر کی بیٹ اور مرغ کا زہرہ رگڑ کر بطور سرمہ آنکھ میں لگانے سے شبکوری دور ہو۔

کان کا درد دور کرنا

☆ ایک چڑیا کو پکڑ کر اس کے مقعد سے آس پاس کے پر اکھاڑ کر کان کے سوراخ پر رکھ دیں کان کا درد فوراً دور ہوگا۔

نکسیر دور ہو

اونٹ کے بال جلا کر وہ راکھ ناک میں ڈالیں نکسیر بند ہو جائے گی۔

دیگر:

☆ جو شخص اپنے پاس چرز جانور کے پوتے کی پتھری رکھے اس کی نکسیر فوراً بند ہو جائے۔

☆ نکسیر کے خون میں قدرے نوشادر ملا کر اس سے ایک کاغذ پر اس شخص کا نام لکھ کر اس شخص کو دیکھنے کا حکم دیں تو اس کی نکسیر بند ہو جائے گی۔

☆ برف پیشانی پر رکھنے سے نکسیر فوراً بند ہو جاتی ہے۔

داڑھ درد کا اکسیر نسخہ

لہسن کو کوٹ کر انگلی اور انگوٹھے کے درمیان مخالف طرف سے باندھنے سے داڑھ کا درد موقوف ہوگا۔

O.....O.....O

لقوہ دور کرنا

آئینہ کے برابر کانسی کا تختہ بنا کر اندھیرے مکان میں لٹکا دیں اور لقوہ کے مریض کو ہدایت کریں کہ اس کی طرف دیکھا کرے کے چند یوم میں آرام ہوگا۔

O.....O.....O

دفع عارضہ قولنج

جب کسی کے گھر لڑکا پیدا ہو تو اس کی آنول یعنی ناف رکھ چھوڑے جب کوئی عارضہ قولنج بیمار ہو تو اس کی کمر میں انول نال باندھ دیں فوراً آرام ہوگا۔

دیگر:

☆ بھیڑیے کی ہڈی ناف پر باندھنے سے درد قولنج فوراً دور ہو جاتا ہے۔

☆ عورت کو جو پہلے حیض آئے وہ اپنا حیض ایک کپڑے میں جمع کرتی رہے اور پھر اس کپڑے کو حفاظت سے رکھے جس کے درد قولنج یا نقرس ہو وہ یہ کپڑا کمر میں باندھ لے تو اسی وقت آرام ہوگا اور درد دفع ہوگا۔

☆ گینڈے کے سینگ کا چھلہ بنا کر انگلی میں پہن لیں تو قولنج کا درد دور ہو۔

O.....O.....O

ہچکی دور کرنا

جس کسی کو ہچکی آتی ہو اس کیلئے ریٹھا کو باندھنا نہایت مجرب علاج ہے باندھتے ہی ہچکی آنا بند ہو جاتی ہے۔

O.....O.....O

بخار دور ہو

گوبھی کی جڑ کو گلے میں باندھنے سے بخار دور ہو جاتا ہے۔

دیگر:

☆ نرگنڈی کی جڑ کمر میں باندھنے سے بہت قسم کے بخار دور ہو جاتے ہیں۔

☆ بخار کے مریض کو نیم کے درخت کے نیچے سلا دیں آرام ہو۔

☆ مہندی کی جڑ پیشانی پر باندھنے سے ہر قسم کا بخار فوراً رک جاتی ہے۔

O.....O.....O

تپ لرزہ دور کرنا

پرنجاسف کو روغن زیتون میں ملا کر مریض کے بند پر ملیں تپ ولرزہ دور ہو جائے گا۔

دیگر:

☆ اگر تپ لرزہ کا دور شروع ہونے کے وقت بلیل کا پتہ پیس کر دائیں ہاتھ پر باہر کی جانب کلائی کی گرہ کے پاس رکھ کر اور اس کے ایک ٹھیکری رکھ کر کپڑے سے مضبوط باندھیں تو اس مقام پر آبلہ پیدا ہوگا اور دوسرے دن دورہ نہیں پڑے گا۔

O.....O.....O

چوتھیا کے بخار کا مجرب نسخہ

اگر دق جانور کی دائیں آنکھ کپڑے میں لپیٹ کر مریض کے باندھ دی جائے تو چوتھیا بخار دور ہو لیکن اگر اس کی بائیں آنکھ باندھ دی جائے تو پھر چوتھیا شروع ہو جائے۔

دیگر:

☆ اود (جو ایک دم دار دریائی جانور ہے) کے پیشاب میں مٹی بھگو کر چوتھیا کے مریض کے گلے میں باندھ دیں دورہ بند ہو جائے۔

☆ مریض کے گلے میں ککڑی کی داڑھی باندھ دیں اور دھونی دیں بخار جاتا رہے اور درد سر کو بھی فائدہ ہو۔

○......○......○

☆ بخار بروز اتوار کسی کنوئیں پر جا کر دونوں ٹانگیں کنوئیں میں نیچے کر کے بیٹھ جاؤ دس منٹ بیٹھے رہو چند بار کے عمل سے تپ دور ہوگا۔

○......○......○

☆ اونٹ کے بدن میں جو کیڑا پڑ جاتا ہے اس کو بازو میں باندھنے سے یا گردن میں لٹکانے سے چوتھیا بخار دور ہو۔

○......○......○

رات کو چڑھنے والے بخار کا مجرب نسخہ

مکوئی جڑ کو کان میں باندھنے سے رات کو چڑھنے والے بخار دور ہوں۔

○......○......○

دفعہ امراض مخصوصہ و بواسیر

احتلام کبھی نہ ہو

اتوار کے دن سایہ ڈھلنے سے پہلے سفید آک کو اکھاڑ کر بازو پر باندھ لیں یا تھیلی میں بھر کر اپنے پاس رکھیں پھر احتلام نہ ہوگا۔

دیگر:

☆ اگر بستر کے نیچے خرفہ جس کو قلفہ بھی کہتے ہیں کے پتے بچھا لیے جائیں تو سوتے وقت احتلام نہ ہو اور نہ ہی پریشان کن خواب نظر آئیں۔

☆ اگر سوتے وقت چکوشت کے پتے سرہانے رکھ لیں تو ہرگز احتلام نہ ہوگا۔

○......○......○

دوران جماع تھکاوٹ نہ ہو

☆ اگر چاہے کہ جتنا مرضی چاہے جماع کریں لیکن تھکان نہ ہو تو وہ اپنے ذکر پر بھیڑیئے کا پتہ لگالے ایسا ہی ہوگا۔

○......○......○

☆ ابن زہیر لکھتا ہے کہ چڑیا کو ذبح کر کے اس کے خون میں مسور کے آٹے کو گوندھ کر گولیاں بنائیں اور بوقت ضرورت ساڑھے تین ماشہ کی مقدار میں لے کر روغن زیتون میں گھول کر سرِ ذکر پر اس کی لیپ کریں اور بعد ازاں پر چلے جتنا مرضی چاہے جماع کریں ہرگز تھکان نہ ہو۔

○......○......○

☆ ایک چڑیا کو پکڑ کر اس کے تمام پر و بال اکھاڑ کر زندہ کو بھڑوں کے پاس رکھیں تاکہ اس کے بعد پر خوب ڈنک ماریں پھر اس کو ذبح کر کے گھی میں اتنا تلیں کہ خوب

گل جائے پھر اس گھی کو خوب صاف کر کے رکھیں اور مباشرت کے وقت عضو تناسل کو اگر چکنا کر لیا کریں تو کبھی سستی نہ آئے اگر پاؤں کے تلوے بھی چکنے کر لیے جائیں تو زیادہ فائدہ دے۔ بعض کتابوں میں لکھا ہے کہ بجائے بھڑ کے چھتے کے پاس شہد کی مکھیوں کے اتنا عرصہ رکھا جائے کہ ڈنک سے مر جائے۔

O......O......O

☆ اگر مرد ریچھ کا پاؤں اپنی ران سے باندھ کر عورت سے جماع کرے تو خواہ کتنی صحبت کرے کمزوری نہ ہو۔

O......O......O

☆ ابن زہیر لکھتا ہے کہ بھی جانور کی چربی روغن زنبق میں ملا کر آدمی اپنے تلوں میں لگا کر پاؤں بغیر زمین پر رکھنے کے جتنا مرضی چاہے جماع کرے کمزوری نہ ہو۔

☆ جو کوئی زبان ہدہد کو اپنے پاس رکھے اور عورت سے جماع کرے ہرگز تھکاوٹ نہ ہو۔

O......O......O

ام الصبیان دور کرنا

سراج العقرب کی کلی کتاب کے کپڑے میں لپیٹ کر اوپر سات رنگ کا سوت لپیٹیں اور اس بچے کے جو ام الصبیان کا مریض ہو باندھ دیں آرام ہو جائے گا۔

دیگر: اگر کسی بچہ کو مرگی آتی ہو یا زیادہ روتا ہو تو اس کے گلے میں عود صلیب ڈال دیں آرام ہو جائے گا۔

O......O......O

بچہ کی رال بہنا بند ہو

جب بچہ سویا ہوا ہو اس کے سرہانے کے تلے یا بچھونے کے تلے شہمانج جو ایک قسم کی جڑی بوٹی ہوتی ہے رکھ دیں تو اس کے منہ سے رال بہنا بند ہو جائے۔

بچوں کے دانت پیسنے دفع ہوں

کبوتر کا پر بچے کے گلے میں باندھ دیں وہ آئندہ دانت نہ پیسے گا۔

O.....O.....O

بچے کی کھانسی دور ہو

اگر کوے کی بیٹ کپڑے میں لپیٹ کر بچے کے باندھ دی جائے تو کھانسی دور ہو۔

O.....O.....O

بچوں نیند میں چونکنا اور رعشہ دور ہو

بچوں کے گلے میں بلور لٹکائیں تو ان کا رعشہ دور ہو۔

O.....O.....O

بچہ جلدی بولے

اگر بچے کو کبوتری کا انڈا کھلا دیا جائے تو وہ جلدی باتیں کرنے لگ جاتا ہے۔

O.....O.....O

بچہ جلدی چلنا سیکھے

اگر بیر کی گٹھلی کو کوٹ کر پانی میں جوش دیں یہاں تک کہ پانی گاڑھا ہو جائے اس کو بچہ کے پاؤں پر ملیں تو بچہ جلدی چلنا سیکھ جاتا ہے۔

اگر بچہ کے پاؤں پر چربی شتر مرغ کے مالش کیا کریں تو جلدی چلنے لگ پڑے گا۔

تکلیف کے بغیر دانت نکلیں

اگر مکو کے پتوں کے رس میں گھی یا تیل ملا کر دانتوں اور مسوڑھوں پر ملیں تو دانت آسانی سے نکل آئیں۔

دیگر:

☆ چھچھوندر کا اوپر کا ہونٹ اگر بچے کے باندھ دیا جائے تو بچہ جلدی اور آسانی سے دانت نکال لیتا ہے۔

☆ اگر بچہ کے گلے میں سنبھالو کی جڑ یا اس کے بیج باندھ دیں تو وہ آسانی سے دانت نکالے۔

☆ اگر بچے کو گھوڑے کا دانت باندھ دیا جائے تو وہ آسانی سے دانت نکال لے۔

☆ بچے کو کچے گوشت کا ٹکڑا دے دیں تا کہ وہ اپنے دانتوں میں چبائے تو وہ آسانی سے دانت نکال لے گا۔

☆ بچے کے مسوڑھوں پر چربی نیولا ملیں وہ بچہ نہایت آسانی سے دانت نکال لے گا۔

☆ جست اور تانبے کی تار کو رسی کی طرح بٹ لیں اور مخمل کے کپڑے میں سی رکھیں اور بچے کے گلے میں دیں بچہ دانت نکالنے میں کوئی تکلیف محسوس نہ کرے گا۔

☆ تخم سرس ایک کپڑے میں سی کر بچے کے گلے میں ڈال دیں بچہ دانت آسانی سے نکال لے گا۔

بچے کا ڈر جاتا رہے

اگر بھیڑیے کی آنکھ یا دانت یا کھال کا ٹکڑا بچے کے گلے میں باندھ دیں تو بچہ نیند میں ہرگز نہ ڈرے۔

دیگر:

☆ اگر بچے کے گلے میں روپ مکھی جو ایک قسم کا پتھر ہے لٹکا دیں تو وہ پھر نہ ڈرے۔

☆ اگر ریچھ کی دائیں آنکھ بچے کے باندھ دیں تو وہ بچہ پھر نیند میں نہ ڈرے گا۔

☆ اگر بچے کے گلے میں سون مکھی لٹکا دیں تو اس عمل سے وہ بچہ نیند میں نہ ڈرے۔

☆ اگر سونس جانور کا دانت بچے کے گلے میں لٹکا دیں تو وہ ڈرنے سے محفوظ رہے۔

☆ اگر بچے کے گلے میں فاختہ پرندہ کی بیٹ باندھ دی جائے تو وہ سوتے میں ہرگز نہ ڈرے۔

☆ اگر گدھے کا تھوڑا سا چمڑہ لے کر کسی لڑکے کی گردن میں باندھ دیں تو وہ نہ ڈرے گا۔

☆ بچے کو موتھے حل کر کے پلائیں اور اس کو بچوں کے گلے میں بھی لٹکائیں نیند میں چونکنے اور ڈر کر رونے کیلئے مفید ہے۔

شیر خوار بچہ ہر آفت سے محفوظ رہے

شیر کا ناخن چاندی میں منڈھوا کر بچے کے گلے میں باندھ دیں وہ ہر آفت سے محفوظ رہے گا۔

دیگر:

☆ مرغ کی ہڈی بچے کے گلے میں باندھنے سے بھی وہ بچہ ہر آفت سے محفوظ رہتا ہے۔

O......O......O

☆ برگ نیم، برگ بکائن، برگ سرس کو پانی میں اُبال کر اس پانی سے بروز اتوار جو بچہ چھتر کا ہو نہلائیں اور پھر ہر ماہ بروز اتوار ایک سال تک نہلاتے رہیں بچہ ہر آفت سے محفوظ رہے گا۔

O......O......O

☆ ہرڑ، رسونت اور ریوند کا استعمال بچہ کو ہر آفت سے محفوظ رکھتا ہے۔

O......O......O

عورت کو باندھنا

اگر بگلے کے خون میں سرذکر تر کر کے عورت سے جماع کیا جائے تو دوسرا آدمی اس پر قادر نہیں ہوتا اس کے کوہ کی بھی یہی خاصیت ہے۔

دیگر:

☆ اگر بھیڑیئے کا پتہ مرد اپنے ذکر پر لگا کر کسی عورت سے جماع کرے تو پھر اس عورت پر کوئی دوسرا مرد قادر نہ ہو۔

O......O......O

☆ عورت کے بال جو کنگھی کرنے سے ٹوٹ پڑتے ہیں جلا کر شہد میں ملا کر سرذکر پر ملا کریں اور اسی عورت سے جماع کریں تو اس عورت پر کوئی قادر نہیں ہو سکتا۔

☆ ہونڈ اور نر کے خصیے خشک کر کے پیس کر حل کے تیل میں ملا کر ذکر پر طلاء کریں جس عورت سے جماع کریں اس پر دوسرا آدمی قادر نہ ہو سکے۔

O.....O.....O

☆ اگر بھیڑیئے کا پتہ شہد میں ملا کر اور اپنے ذکر پر لگا کر عورت سے جماع کریں تو پھر دوسرا مرد اس پر قادر نہ ہو سکے گا۔

O.....O.....O

☆ اگر مرد اپنے ذکر پر کالے مرغ کا پتہ مل کر عورت سے جماع کرے تو پھر دوسرا مرد اس پر قادر نہ ہو سکے۔

اگر مرد چاہے کہ عورت کسی غیر مرد کے پاس نہ جائے تو تخم گکروندہ دانہ شنقام یعنی کنگھی ان دونوں کو برابر لے کر پانی میں پیس کر قضیب پر لگا کر جماع کرے تو وہ عورت کسی دوسرے مرد سے ہرگز ہرگز فعل بد نہ کرے گی اگر اس کو کھولنا چاہے تو تخم گکروندہ ایک تولہ کوٹ کر کھلا دے وہ پھر دوسرے مرد کے کام کی ہو گی۔

O.....O.....O

☆ خرگوش کے پتے کے عرق میں چنبیلی کا تیل ملا کر اور قضیب پہ لگائیں اور کسی عورت سے جماع کرے تو اس عورت پر دوسرے مرد سے کچھ نہ ہو سکے گا۔

O.....O.....O

عورت کے دل کا راز معلوم کرنا

اُلو کا دل اگر سوتے ہوئے عورت کے اُلٹے یعنی بائیں ہاتھ پر رکھ دیں تو اپنے اچھے اور برے سب کیے ہوئے کام بیان کر دیتی ہے اور جو دریافت کرو گے بتا دے گی۔

اُلو کے دل کو سینے پر رکھنے سے بھی یہی اثر ہوتا ہے عورت کے اگر مرد کے سینے پر بھی رکھیں تو اس پر بھی ایسا ہی اثر ہوتا ہے لیکن عورت کی نسبت ذرا دیر سے۔

دیگر:

☆ اگر خرگوش کی چربی سوئی ہوئی عورت کے تکیے تلے رکھ دیں تو اپنے تمام کام بیان کر دیتی ہے۔

○……○……○

☆ اگر لقا پرندہ کا سر لے کر خشک کر کے کتاں کے نئے کپڑے کی تھیلی میں باندھ کر عورت کی ران پر سوتے وقت باندھ دیں تمام باتیں جو اس کے دل میں ہوں گی کہہ دے گی اور جو کچھ اس نے دن میں کیا ہوگا وہ بھی بیان کر دے گی۔

○……○……○

☆ ہدہد کا دل سوئی ہوئی عورت کے دل پر رکھ دو جو کام اس نے کیے ہوں گے سب بتانے لگے گی۔

○……○……○

☆ مینڈک کی زبان اور دل اور نرگس کی جڑ اور بلخ کی آنکھ چاروں کو ہم وزن لے کر کتاں کے کپڑے میں باندھ کر سوئی ہوئی عورت کے دل پر رکھنے سے جو کچھ اس نے کیا ہو نیند میں کہہ دیتی ہے۔

○……○……○

☆ چرخ کی زبان سوئی ہوئی عورت کے سینے پر رکھ دو جو کچھ پوچھو گے سب بتا دے گی۔

○……○……○

☆ پہاڑی بکری کا دودھ لے کر کسی مرد یا عورت کے سرہانے جو سویا ہو رکھ دیں تو وہ اپنا تمام راز دل کہہ دے گا۔

○……○……○

☆ اگر سوتے ہوئے انسان کے سینے پر خوک کی زبان رکھ دیں تو وہ اپنا تمام دلی بھید بتا دے گا۔

☆ بلخ کی آنکھ کسی برتن میں رکھ کر کسی سوتے ہوئے آدمی کی چھاتی پر رکھیں اور اپنا تمام راز بیان کر دے گا۔

بانجھ پن دور ہو

☆ اگر عورت سنگ خزامی اپنے پاس رکھے تو بانجھ پن دور ہو۔

☆ اگر عورت تھوڑا سا پنیر مایہ خرگوش پیس کر مجامعت کے بعد فرج میں رکھے تو حمل قائم ہو۔

☆ اگر مرغابی نر کے خصیے بھون کر مرد کھالے اور عورت سے صحبت کرے تو فوراً حاملہ ہو جائے۔

☆ اگر کسی عورت کو حمل نہ ٹھہرتا ہو تو حیض سے پاک ہونے کے بعد ساڑھے چار ماشہ برادہ آبنوس روزانہ سات دن تک پانی اور شہد کے ساتھ پھانکے بعد اس کے صحبت کرائے حاملہ ہوگی۔

☆ تھوڑا سا مشک پیس کر اور زنبق کے تیل میں ملا کر عورت کے عین فارغ ہونے کے بعد سرذکر یعنی سپاری کو آدمی چکنا کرے اور جماع کرے تو حمل رہ جائے اگر روغن زنبق نہ ملے تو چنبیلی کے تازہ پتے تل کر تیل میں پکائیں اور روغن علیحدہ کرلیں۔

☆ اگر بانجھ عورت مادہ خرگوش کی فرج پکا کر کھائے تو حمل کے موافق ہو جائے۔

☆ سفید کنگنی کی جڑ یک رنگی گائے کے دودھ میں پیس کر حیض سے پاک ہونے کے بعد اسی دن کھا کر مرد کے پاس جائے تو حمل قائم ہو اور لڑکا پیدا ہوگا۔

☆ کتاب الیضاح میں لکھا ہے کہ جس روز عورت حیض سے فارغ ہو اس دن مرد اپنے ذکر کو تین بار تازہ دودھ سے تر اور خشک کرے اور پھر جماع کرے ضرور حمل ٹھہرے گا۔

O......O......O

شہوت جاتی رہے

☆ ابابیل کے خون کو عورت کو بغیر اطلاع دیئے کسی چیز میں کھلادیں اس کی شہوت جاتی رہے گی۔

☆ گیدڑ کے پیشاب میں مالکنگنی کئی دن تک بھگو رکھیں اور پھر تین دن تک ایک ایک دانہ روزانہ فاحشہ عورت کو کھلائیں شہوت اس کی بالکل جاتی رہے گی پھر جماع کی خواہش نہ ہوگی اور نہ کوئی شخص اس پر قادر ہوسکتا ہے۔

☆ فاحشہ عورت کو راہ راست پر لانے کیلئے لاثانی ہے ہونڈار جس کو جرکھ بھی کہتے ہیں اس کا ذکر لے کر سائے میں خشک کر کے برادہ کریں اور پانی یا شراب میں ملا کر عورت کو بے خبری کے عالم میں پلا دیں اس کی شہوت جاتی رہے گی۔

☆ عورت کو مجالو کی جڑ کھلا دیں اگر چہ وہ کتنی بھی بے شرم ہوگی شرم دار بن جائے گی۔

☆ ایک پیسہ برابر کھال چرخ کی عورت کو کھلا دیں وہ بدکاری سے باز آجائے گی۔

O.....O.....O

حمل گرنے سے روکنا

☆ خچر کے کان کا میل چاندی کے تعویذ میں رکھ کر حاملہ کے باندھ دیا جائے تو جب تک بندھا رہے وضع حمل نہ ہو۔

☆ اگر باغ کی چھپکلی کو پکڑ کر خچر کی کھال میں لپیٹ کر ایسی عورت کے باندھ دیں جس کا حمل گر جاتا ہو تو پھر اس کا حمل نہ گرے۔

☆ اگر حاملہ عورت ہر وقت دھتورے کی جڑ اپنی کمر سے بندھی رکھے تو اسقاط نہ ہو۔

☆ اگر کرنجوے کو لال ڈورے میں باندھ کر عورت کی کمر میں باندھ دیا جائے تو حمل ساقط نہ ہو۔

O.....O.....O

ولادت آسانی سے ہو

☆ دردزہ کے وقت دو اڑھائی تولہ زعفران عورت کی مٹھی میں دے دیں اور وہ زور سے مٹھی بند کر لے جب پسینہ ہاتھ کو آئے گا فوراً بچہ پیدا ہوگا۔

☆ دردزہ کے وقت عورت کو ساڑھے چار ماشہ سے سات ماشہ تک زعفران پانی میں گھول کر پلا دیں تو بچہ فوراً پیدا ہو۔

☆ برگ کٹائی و پوست اندرائن گلاب میں حل کر کے ناف پر ضماد کریں آسانی سے ولادت ہو۔

☆ بچہ پیدا ہونے کے وقت چرخ کا دایاں ہاتھ عورت کے سرہانے رکھ دیں تو ولادت آسانی سے ہو۔

☆ جب بچہ پیدا ہونے کا وقت ہو عورت کی ران میں سنگ مقناطیس لٹا دیں نہایت سہولت سے ولادت ہو لیکن بعد ولادت فوراً علیحدہ کر دو۔

☆ اُلو کی آنکھ اور جنگلی مرغ کی چونچ سفید پارچہ میں باندھ کر داہنی ران پر باندھنے سے وضع حمل کی تکلیف رفع ہو۔

☆ اگر عورت مرچھوکہ کی جڑ اپنے بدن پر باندھ لے تو بچہ پیدا ہونے کے وقت تکلیف نہ ہو۔

☆ اگر عورت دردزہ میں مبتلا ہو اور بچہ پیدا نہیں ہوتا تو اس کے بدن یا پلنگ کے نیچے گھوڑے کا سم جلا دیں فوراً بچہ پیدا ہوگا۔

☆ اگر عورت کے بچہ نہ ہوتا ہو اور دردزہ کمال ہو تو ایک باکرہ جو ہمنام حاملہ کی ہو اس کا نام لے کر پکارے کہ اے فلاں منکر دختر مکرم زائیدہ ام تو ہنوز نہ زائیدہ تو بچہ فوراً پیدا ہوگا۔

☆ جب عورت دردزہ میں مبتلا ہو تو اس کے ہاتھ میں کالی موصلی کی ؟ دے دیں ولادت آسانی سے ہوگی۔

O.....O.....O

حاملہ کی پہچان

☆ عورت کو شہد اور پانی باہم ملا کر نہار منہ پلا دیں اگر پیٹ میں مروڑ پیدا ہو تو حاملہ ہے ورنہ نہیں۔

☆ دودھ عورت کا دو درم تھوڑے سرکہ میں ملا کر عورت کو پلائیں اگر اس کے پیٹ میں درد ہو تو حاملہ ہے اگر درد نہ ہو تو حاملہ نہیں۔

☆ بغیر سوراخ کیا ہوا مازو عورت کے رحم میں رکھ کر ایک رات رہنے دیا جائے اور پھر نکالا جائے اگر اس میں کیڑا ملے تو حاملہ ہے ورنہ نہیں۔

O......O......O

خون حیض یا خون استحاضہ بند کرنا

بلی کا جگر اگر عورت کے باندھ دیا جائے تو خون حیض یا خون استحاضہ جو جاری ہو فوراً بند ہو جائے۔

O......O......O

☆ ☆ دافع اٹھرا ☆ ☆

برگ بیری، برگ آک، برگ ببول، برگ نیم، برگ سرین، برگ ارنڈ، برگ پیپل اور سات کنوؤں کا پانی سات راستوں کی خاک ایک کوزے برق میں ڈال دیں اور بروز اتوار کسی بیری کے نیچے جا کر اشنان کرے یہ عمل اس اتوار کو کرنا چاہیے جو شکل پکھ کا ہو تو اس کا اٹھرا دور ہو اور آئندہ جو بچے پیدا ہوں وہ کبھی بھی ہلاک نہ ہوں۔

دیگر:

☆ دوشیزہ لڑکی کا کاتا ہوا سوت لے کر دس تار کا ایک ہاتھ لمبا دھاگہ لے کر بٹ دیں اور بروز اتوار دائی پنڈلی پر باندھ دیں اٹھرا جاتا رہے۔

O......O......O

☆ جس عورت کو اٹھرا کی مرض ہو وہ تمباکو نوشی شروع کر دے بس اس کا اٹھرا جاتا رہے گا یہ عمل مجرب ہے اور ہزاروں کو فائدہ پہنچ چکا ہے۔

O......O......O

نظر بد و مصائب سے محفوظ

☆ آلو بن کو اپنے مکان کے دروازے پر لٹکانے سے اس کے رہنے والوں کو نظر بد نہیں لگے گی اور وہ مصائب سے محفوظ رہے گا۔

O......O......O

☆ اگر کوئی شخص تھوڑا سا گوشت سیاہ بلی کا کھالے تو اس کبھی اثر نہ کرے گا اور نظر بد سے محفوظ رہے گا۔

☆ بروز سنیچر طلوع آفتاب سے پہلے کسی چورستے کی مٹی بائیں ہاتھ سے اٹھائیں اور نیلے کپڑے میں باندھ کر ساتھ رکھیں اس کے رکھنے سے جادو اثر نہ کرے اگر جادو اثر کر چکا ہو تو اس کا نقد دفع ہو جائے۔

O......O......O

☆ ہد ہد کو ذبح کر کے جس گھر کے دروازے پر لٹکا دی جائے گھر کے رہنے والے جادو نظر بد، مرگی اور چور سے محفوظ رہیں گے۔

O......O......O

☆ جس شخص کے پاس چرز جانور کی داہنی آنکھ ہوگی اس کو نظر نہ لگے گی۔

O......O......O

☆ اگر ریچھ کی چربی بچہ کی پیدائش کے وقت اس کے جسم پر مل دی جائے تو تمام عمر نظر بد سے محفوظ رہے۔

O......O......O

☆ جو شخص سراج القطرب کی جڑ اپنے پاس رکھے گا وہ نظر بد اور بلا سے محفوظ رہے گا۔

O......O......O

☆ برہان قاطع میں لکھا ہے کہ سنگ کرک کو اپنے پاس رکھنے سے جادو کا اثر نہیں ہوتا اور لوگ ایسے آدمی سے محبت کرتے ہیں۔

☆ جس گھر میں فاختہ ہو اس گھر کے رہنے والے جادو اور نظر بد سے محفوظ رہیں گے۔

☆ جو شخص اپنے پاس گیدڑ کی دائیں آنکھ رکھے گا وہ نظر بد سے محفوظ رہے گا۔

☆ مجیٹھ کے پیڑ کو اکھاڑ کر گھر میں لٹکا دیں اہل خانہ نظر بد سے محفوظ رہیں گے۔

☆ اگر کوئی شخص کیکڑہ جلا کر اپنے پاس رکھے تو اس پر کسی قسم کا جادو اثر نہ کرے گا۔

O......O......O

جادو کے ذریعے نظر بد اور جادو کا اثر دور ہو

ایک نسخہ بعنوان جادو، نظر بد و مصائب سے محفوظ رہنا میں نمبر ایک پر درج ہو چکا ہے وہ بھی جادو کا اثر دور کرنے میں لاثانی ہو۔ اگر کسی پر جادو کیا گیا ہو تو وہ حب الحلب نیلے کپڑے میں باندھ کر اپنے پاس رکھے، جادو کا اثر زائل ہو جائے گا۔

جو شخص بہت بزدل آدمی ہو دلیر ہو جائے گا اور جادو کا اثر دور ہو جائے گا۔

پپیتا جو ایک پھل کے بیج کا نام ہے لے کر اس میں سوراخ کر کے اگر گلے میں ڈال لیا جائے تو ہر قسم کے جادو کے اثر اور نظر بد کے اثرات سے دور ہو جائیں گے بلکہ الٹا جادو کرنے والے پر لوٹ جائے گا۔ ایسا آدمی وباء اور ہوا کی خرابی سے بھی محفوظ رہے گا۔

O......O......O

حمل گرانا

حمل گرانا قانوناً جرم ہے لیکن ایسی صورت میں جبکہ بچہ پیٹ کے اندر ہی مر جائے یا ابھی پہلا بچہ بہت چھوٹا ہو اور دوسرا حمل قرار پا جائے نیز عورت کی صحت ایسی اچھی نہ ہو کہ وہ بچہ پیدا کرنے کی تکلیف برداشت کر سکے یعنی وہ ایسی حالت میں ہو کہ دو جانوں کے ضائع ہونے کا پورا پورا احتمال ہو تو اس صورت میں حمل قرار ہونے کے تین ماہ کے اندر ہی اندر گرانا کوئی برا نہیں لیکن پھر بھی ایسا کام کرنے سے پیشتر کسی لائق ڈاکٹر یا لیڈی ڈاکٹر کی رائے ضرور لینی چاہیے۔

☆ کپاس کے پھل اور پھول پانی میں جوش دے کر عورت کو پلائیں تو حمل گر جائے گا اور حیض جاری ہو جائے گا۔

☆ اگر عورت سورج مکھی کی جڑ رحم میں رکھے تو حمل گر جائے گا۔

☆ اگر حاملہ عورت کو اونٹ کا دل پکا کر کھلا دے تو حمل گر جائے گا اور پھر دوسری بار حمل نہ ہوگا۔

☆ جس عورت کو حمل گرانا ہو اس کے گلے میں قجور مرہم جو ایک قسم کی گھاس ہے باندھ دیں حمل گر جائے گا۔

○....○....○

نیند بہت زیادہ آئے

اگر اجوائن خراسانی اور چلوز کی جڑ ہم وزن لے کر کپڑے میں باندھ کر کسی آدمی کے سرہانے کے نیچے رکھ دیا جائے تو اس کی نیند لمبی ہو جاتی ہے۔

○....○....○

☆ کسی کمرے میں جہاں بہت سے آدمی بیٹھے ہوں اجوائن خراسانی کی دھونی دیں تمام آدمیوں کو نشہ ہو جائے گا اور سو جائیں گے۔

○....○....○

☆ اگر شراب میں تھوڑی سے انگیز جو ایک قسم کی روئیدگی ہے اور گیلان کے پہاڑوں میں پیدا ہوتی ہے ملا کر کسی کو پلا دی جائے تو وہ تین دن رات سوتے رہیں۔ اگر جگانا چاہیں تو نہ جاگ سکیں لیکن اگر روغن زیتون پانی میں ملا کر اس کے حلق میں گرائیں تو جاگ اٹھیں گے۔ ابن زہیر لکھتا ہے کہ درخت چلغوزے کی جڑ کی بتی بنا کر کسی چراغ میں رکھ کر جلائیں تو جو لوگ اس کا دھواں سونگھیں گے فوراً سو جائیں گے۔

☆ اگر کسی خرگوش کا پتہ کھلا دیا جائے تو نیند بہت آئے خواہ کتنا ہی جگائیں بے ہوشی دور نہ ہو، ہوش میں لانے کیلئے سرکہ پلائیں یا ناک میں ٹپکائیں۔

○....○....○

☆ زعفران، افیون، ترک تینوں ہم وزن لے کر روغن گل میں پیس کر جس کسی کے منہ پر مل دیا جائے فوراً سو جائے۔

○......○......○

☆ اگر مکوی جڑ کو سوت سے باندھ کر سر پر باندھ دیا جائے تو موقوف شدہ کو نیند آنے لگ جاتی ہے۔

○......○......○

☆ تخم پودینہ، تخم گل تولہ، اجوائن خراسانی سفید بید ستر دھتورے کا پھل، توت کا گوند، افیون اور معصری تمام کو باریک باریک کر کے چنبیلی کے پانی میں ملاؤ اور تانبے کے برتن میں ڈال کر بند کر کے ایک ہفتہ گھوڑے کی لید میں دبا دو۔ لید کو بدلتے رہو جب سڑائند آنے لگے تو نکال کر خشک کر لو جب کسی کو سلانا چاہو تو پہلے تھوڑی سی روئی روغن گل سے تر کر کے اپنے نتھنوں میں رکھیں پھر اس دوا کی ایک مثقال مرزنجوش ملا کر آگ پر رکھو جس کے دماغ میں ان کا دھواں پہنچے گا فی الفور سو جائے گا۔

○......○......○

چراغ جلانے سے آدمی فرشتہ کی صورت میں نظر آئیں

بٹیر جانور کی دو آنکھیں نکال کر کسی شیشہ کے برتن میں ڈال کر باہم پیس لیں پھر سات روز سایہ میں رکھیں اور اس کے بعد ان کو بھون لیں اور پھر روغن زیتون میں حل کر کے سبز چراغ میں ڈال لیں اور روئی کی بتی بنا کر جلائیں جس قدر لوگ اس کی روشنی میں ہوں گے سب ایک دوسرے کو آگ سے پیدا شدہ فرشتے کی صورت میں نظر آئیں گے۔

○......○......○

چراغ کی روشنی میں لوگ حبشی کی شکل میں دکھیں

گندھے ہوئے بالوں کی بتی کو سیاہ کپڑے میں لپیٹ کر خالص روغن زنبق اور بچھوؤں کے خون کے مرکب میں تر کر کے سیاہ چراغ میں رکھ کر جلائیں حاضرین ایک دوسرے کو حبشی کی صورت میں نظر آئیں گے اور اس طرح بال گھونگھریالے ہوں گے اور لب بہت موٹے دکھائی دیں گے۔

دیگر:

☆ دام الانوین سے بتی تیار کر کے لوہے کے چراغ میں رکھ کر جلائیں اور چراغ میں روغن لادلا ڈالیں اس کی روشنی میں بھی حاضرین ایک دوسرے کو حبشی کی شکل میں نظر آئیں گے نشہ کے وقت میں اس کا اثر بہت زیادہ ہوتا ہے۔

☆ عنبر براق، تخم اسود بردد کو باریک پیس کر آپس میں ملائیں اور کوڑے کرکٹ سے اٹھائے ہوئے چیتھڑے کی بتی بنائیں اور سفوف سے آلودہ کر کے روغن زیتون میں جلائیں حاضرین ایک دوسرے کو حبشی کی صورت میں نظر آئیں گے۔

O......O......O

ایسی بتی جس کے جلانے سے شکلیں مکروہ اور گھناؤنی دکھائی دیں

ایسا کتا تلاش کریں جو بالکل سیاہ ہو اور اس کے جسم پر ایک بھی بال سفید نہ ہو اس کی دم لے کر ہڈیاں علیحدہ کر لیں اور باریک پیس کر ان میں اسی کتے کی چربی پگھلا کر ملائیں اور بالوں کے کپڑے کا فتیلہ بنا کر اس مرکب سے تر کر کے جلائیں چراغ میں زیتون کا تیل ڈالیں تو حاضرین کو ایک دوسرے کی شکلیں بہت مکروہ گھناؤنی دکھائی دیں گی۔

O......O......O

بتی جس کی روشنی میں بہت سے سانپ نظر آئیں

سیاہ سانپ کا چمڑہ کپڑے کی بتی میں لپیٹ کر اور چراغ میں سانپ کی چربی ڈال کر چراغ روشن کریں چراغ سبز رنگ کا ہونا چاہیے جس کمرے میں جلایا جائے گا اس میں بڑے بڑے سانپ دکھائی دیں گے۔

دیگر:

سانپ کی کینچلی کی بتی بنائیں اور سانپ کی چربی میں تر کر کے چراغ میں روغن زنبق اور سانپ کی چربی ڈالیں، روشنی کریں کمرے میں سانپ ہی سانپ دکھائی دیں گے۔

O.....O.....O

چراغ جلانے سے کمرے میں بچھو نظر آئیں

سانپ کی کینچلی بڑے بچھوؤں کے ڈنک اور چیونٹی کے انڈے تینوں ہم وزن لے کر باریک پیس لے اور آپس میں ملائیں پھر بالوں کی بتی بنا کر روغن عقرب سے تر کریں اور اس پر مذکورہ بالا سفوف چھڑک دیں اور لوہے کے چراغ میں یہ بتی رکھ کر روغن زنبق ڈال کر جلائیں لیکن جلانے سے پہلے مکان میں چیونٹیوں کے انڈوں کی دھونی کرنی چاہیے اگر ساتھ ہی ایک بچھو مار کر اس کی بھی دھونی کر دی جائے تو اور بھی بہتر ہوگا اس کی روشنی میں کمرے کے اندر بچھو ہی بچھو دکھائی دیں گے۔

O.....O.....O

خوش جیوے سرفراز شاہ وچ ماچسٹر

چراغ جلانے سے
کمرہ میں سبز پرندے نظر آئیں

سبز چڑیا کے خون میں اس کی دم کے پر باریک پیس کر ملائیں اور مرغ کی گردن کی کھال کی تلی بنا کر اس مرکب میں آلودہ کریں پھر زنگار عراقی پیس کر اس پر چھڑکیں اور بالوں کے کپڑے میں لپیٹ کر چراغ میں رکھ کر روغن لادلا ڈال کر روشن کریں حاضرین کو کمرہ میں سبز چڑیاں اڑتی پھرتی نظر آئیں گی۔

دیگر:

کٹھ پھوڑا کا سر اور اس کی دم اور ابو صناک کا سر اور اس کی دم پا کر ایک ہفتہ تک رکھو جب اس میں سڑاند پیدا ہو تو زنگار عراقی میں فتیلہ ملا کر روغن ملا کر جلائیں تو ناظرین کو سبز پرندے اڑتے ہوئے نظر آئیں گے۔

چراغ جلانے سے عورتیں ناچنے لگیں

سفید رائی باریک پیس کر السی کے کپڑے میں لپیٹ کر بتی بنائیں اور روغن زنبق میں خرگوش کی مینگنیاں حل کر کے چراغ میں ڈالیں اور روشن کریں جس عورت کی نگاہ اس جلتی ہوئی بتی پر پڑے گی خوشی میں آ کر ناچنے لگے گی اور کثرت خوشی کی وجہ سے بے ہوش ہو جائے گی۔

دوسرا:

کیکڑا خشک کر کے روغن لفظ میں توے پر رکھ کر بھون لیں پھر ریزہ ریزہ کر کے اسی روغن میں جلائیں تو حاضرین مجلس کیا مرد اور کیا عورتیں سب کے سب ناچنے لگیں گے بہترین تفریحی عمل ہے۔

حاضرین ایک دوسرے کو ٹیڑھی گردنوں جیسے دکھائی دیں

زعفران، لوہے کا برادہ دونوں کو باریک پیس کر روئی کی بتی میں لپیٹ کر تے چراغ میں رکھ کر روغن زیتون ڈال کر جلائیں اس کی روشنی میں جس قدر لوگ ہوں گے ان کو ایک دوسرے ٹیڑھی گردنوں والے اور سر جھکے ہوئے نظر آئیں گے۔

O......O......O

حاضرین گدھے کی شکل میں نظر آئیں

انڈے کی زردی اور گدھے کے کان کا میل آپس میں حل کر کے اس میں السی کا نیا کپڑا آلودہ کریں اور پھر اس کپڑے میں سفیداج اور سفیدہ کاشغری لپیٹ کر بتی بنائیں اور چراغ میں روغن زنبق ڈال کر جلائیں حاضرین ایک دوسرے کو گدھے کے منہ والے نظر آئیں گے۔

O......O......O

حاضرین ایک دوسرے کے کان گدھے جیسے نظر آئیں

گدھے کے کان کی میل السی کے کپڑے پر اس طرح لگائیں کہ کوئی جگہ دونوں طرف سے خالی نہ ہو پھر نئے چراغ میں رکھ کر چنبیلی کا تیل ڈال کر جلائیں تو حاضرین کو ایک دوسرے کے کان گدھے کے کانوں کی طرح بڑے بڑے دکھائی دیں گے۔

O......O......O

چہرے زرد نظر آئیں

گل سرخ عراقی کو عنب الثعلب کے پانی میں پیس کر کپڑے میں لپیٹ کر بتی بنائیں اور

روغن لادلا میں تر کر کے جلائیں تو حاضرین کو ایک دوسرے کے چہرے بہت زرد دکھائی دیں گے گویا بے جان ہیں۔

O.....O.....O

حاضرین ایک دوسرے کو کتے کے مشابہ نظر آئیں

کتوں کے بال اوران کے کانوں کا میل گدھے اور بھیڑیئے کے کانوں کا میل اوران کی چربی آپس میں ملا کراس مرکب میں السی کا نیا کپڑا آلودہ کر کے سجا بنا کر نئے چراغ میں رکھیں اوراس میں روغن زنبق ڈال کر جلائیں اوراس کی روشنی میں حاضرین کو ایک دوسرے کے چہرے کتے کے مشابہ نظر آئیں گے۔

O.....O.....O

گھر پانی سے بھرا ہوا دکھائی دے

ازخرا ایک اوقیہ بابو بنجے کے ایک اوقیہ پانی میں خوب باریک پیس لیں اور اتنا عرصہ پیتے رہیں کہ پیتے پیتے پانی خشک ہو جائے اب سمندر جھاگ، مگرمچھ کی چربی اور ڈیلفن مچھلی کی چربی یہ تینوں چیزیں آپس میں ملا کر ذرا گرم کر کے اس میں روئی بتی تین دفعہ تر کریں یعنی ایک دفعہ تر کریں جب خشک ہو جائے تو دوسری دفعہ پھر تیسری دفعہ پھر مذکورہ بالا سفوف کو اس بتی کے اندر رکھ کر بکری کی چربی میں جلائیں۔ جلانے سے پہلے سفوف مذکور کی دھونی بھی کرنی چاہیے۔ اس کے جلانے سے مکان کے اندر پانی بھرا ہوا دکھائی دے گا۔ لوگ اپنے کپڑے سنبھالنے لگ جائیں گے اور باہر کو دوڑنے کی کوشش کریں گے۔

دیگر:

خون خرگوش اور روغن گلاب کو آپس میں ملا کر چراغ میں ڈالیں اور سرخ روئی کی بتی چراغ میں ڈال کر جلائیں تو بھی گھر پانی سے بھرا ہوا دکھائی دے گا۔

O.....O.....O

چراغ کی روشنی میں ہر چیز سبز دکھائی دے

نئے پاکیزہ کپڑے کو دھو کر اس میں آٹا دور کریں اور اس پر نیل باریک پیس کر چھڑکیں بتی بنا کر تتے سبز رنگ کے چراغ میں ارنڈی کا تیل ڈال کر جلائیں جس مکان میں چراغ روشن ہوگا وہاں کی ہر چیز سبز دکھائی دے گی۔

دیگر:

تانبے کی تختی پر سرکہ ڈالیں اور رکھ چھوڑیں حتیٰ کہ زنگ سا آجائے پھر اس زنگ کو اگر آگ پر جلائیں تو تمام مکان کی چیزیں سبز دکھائی دیں گی۔

چراغ کی روشنی جس میں حاضرین ایک دوسرے سے متنفر ہوں

کہتے ہیں کہ دو آدمیوں نے ایک حکیم صاحب کے پاس اپنے فرزند کی بابت شکایت کی کہ ان دونوں کو آپس میں بڑی گہری محبت ہے ایک گھڑی بھی ایک دوسرے سے جدا نہیں ہوتے اس طرح کاروبار میں بڑا حرج ہو رہا ہے تو حکیم صاحب نے مندرجہ ذیل بتی ان کو دی اور کہا کہ جس کمرہ میں وہ اکٹھے بیٹھے ہوں وہاں رات کے وقت اس کو جلائیں اس بتی کی روشنی میں جب انہوں نے ایک دوسرے کو دیکھا تو باہم متنفر ہوئے اور ایسے الگ ہوئے کہ پھر ایک دوسرے کا نام تک سننا گوارا نہیں کیا۔

ترکیب تیاری یہ ہے کہ پرانی روئی کی سخت بتی بٹ کر اس پر خوب کس کر دھاگہ لپیٹیں تا کہ بتی اور بھی سخت ہو جائے پھر چراغ میں روغن کرنڈ ڈال کر جلائیں اس کی روشنی میں ناظرین کو ایک دوسرے کا چہرہ زرد، دانت سیاہ اور کان سبز دکھائی دیں گے اور نفرت پیدا ہوگی۔

دھونی جس سے درخت جھک جائیں

گدھے کا سر کا مغز، سانپ کی ہڈیاں، انسان کی ہڈیاں سب ہم وزن لے کر باریک کوٹ کر آپس میں ملاؤ اور چالیس روز نمناک زمین میں دبائے رکھو پھر نکال کر خشک کرو پھر ایک حصہ یہ سفوف اور ایک حصہ انسان کی پرانی ہڈیاں ملا کر کوٹ لو جس درخت تلے اس کی دھونی دو گے اس کی شاخیں جھک آئیں گی حتیٰ کہ زمین تک پہنچ جائیں گی جب تک دھونی دیتے رہو گے وہ اسی حالت میں رہیں گے۔

دیگر:

یہ دھونی متذکرہ بالا دھونی سے بہت بڑھ چڑھ کر ہے بنانے کی ترکیب یہ ہے کہ دیر کے مرے ہوئے انسان کی انگلیاں اور دانت اور باقی ہڈیاں درخت دیں انجبار کے پتے گل بستاں افروز اور قدرے شگوفہ حرما سب کو ملا کر باریک کوٹ لیں پھر اس مرکب کی دھونی ایک نہایت اونچے کھجور کے درخت کے تلے دو جب اسے دھواں پہنچے گا تو درخت ٹیڑھا ہو کر اس دھونی کی طرف آئے گا حتیٰ کہ زمین کے قریب تک پہنچ جائے گا شرط یہ ہے کہ آگ بھی کھجور کے کوئلوں کی ہوگی۔

O.....O.....O

حاضرین کو قد ایک دوسرے سے بڑے دکھائی دیں

ڈولفن مچھلی کی چربی اور ہاتھی کی چربی آپس میں ملا دیں اور کاکنج ہندی کو خوب باریک پیس کر مذکورہ بالا چربی کے مرکب میں ملائیں اور چنے کے برابر گولیاں بنائیں اور سایہ میں خشک کریں بوقت ضرورت اس کی دھونی کریں تو حاضرین کو ایک دوسرے بہت بڑے قد مثل ہاتھی گھوڑے کے دکھائی دیں گے۔

O.....O.....O

سبز رنگ کی عجیب وغریب شکلیں نظر آئیں

پودینہ، لاجورد اور زنگار تینوں کو باریک پیس کر دلفین مچھلی کی چربی میں ملا کر چنے کے برابر گولیاں بنائیں اور سایہ میں خشک کریں بوقت ضرورت اس کی دھونی کریں تو حاضرین کو کمرے کے اندر عجیب وغریب سبز رنگ کی چیزیں نظر آئیں گی جنہیں دیکھ کر وہ دنگ رہ جائیں گے اور گدھے کا خون خشک کر کے میعہ اور بھیڑیئے کی ہم وزن چربی میں ملائیں اور رات کے وقت کسی کمرہ میں اس کی دھونی دے کر سو جائیں اور جو بات معلوم کرنا چاہو اس کا دھیان رکھیں خواب میں مطلوبہ کام کا خیر و شر معلوم ہو جائے گا ایک صاحب نے اس کا تجربہ کیا انہوں نے لکھا ہے کہ میں نے اس کو صحیح پایا میں نے دفینہ معلوم کرنے کے واسطے اس عمل کو کیا لیکن کئی مرتبہ کوشش کے بعد کامیاب ہوا۔

مگرمچھ اور سمندر ظاہر ہو

ازخر کھادی کی جڑ ایک اوقیہ کا پانی دو درم، فربیون تین درم، تخم توت پانچ درم، سمندر جھاگ پانچ درم ان تمام چیزوں کو خوب باریک کر کے مندرجہ ذیل چربی میں ملائیں مگرمچھ کی چربی ورم ڈولفن مچھلی کی چربی ایک ایک مثقال کی گولیاں بنا کر سایہ میں خشک کریں بوقت ضرورت غرق شدہ کشتی کی پرانی لکڑیاں جلائیں اور ایک گولی اوپر رکھ کر دھونی دیں تو حاضرین محفل کو ایسا معلوم ہوگا کہ وہ دریا کے کنارے بیٹھے ہیں اور دریا سے مگرمچھ نکل کر انہیں کھانے کو دوڑتے ہے اور وہ اس سے ڈریں گے۔

جن بلانا

سفید کبوتر کا خون ایک حصہ خشک بعینہ ایک حصہ بھیڑیئے کی چربی ایک حصہ چراتہ ایک حصہ کو جدا جدا باریک کر کے آپس میں ملائیں گولیاں بنانے کی ضرورت نہیں بوقت ضرورت آبادی سے دور جا کر ویران جگہ میں رات کے وقت اس کی دھونی کریں تو جن حاضر ہو کر کلام کرتے ہیں اور جو سوال دریافت کیا جائے اس کا جواب دیتے ہیں ان سے ڈرنا نہیں چاہیے کیونکہ وہ دھونی دینے والے کے دوست ہوتے ہیں اسے ذرا بھی تکلیف نہیں دیتے بلکہ اس کی ہر ضرورت پوری کرتے ہیں۔

منزل عورت

سہاگہ سیماب ہر ایک چار ماشہ ایک لیموں میں بھر کر منہ اس کا اچھی طرح سے بند کر دیں اور اس لیموں کو لے کر عورت کے آگے ہاتھ میں پھرا دیں اور سونگھا دیں عورت منزل ہو جائے گی۔

اندھیرے میں سب کچھ دیکھنا

الو کا سر کپڑے میں لپیٹ کر گھی میں تر کر کے اس کو روشن کریں اور اس کے اوپر کچی پیالی رکھ کر کاجل وتار لیں جو شخص وہ کاجل آنکھوں میں لگائے اس کو اندھیرے میں سب کچھ نظر آئے گا۔

عجیب وغریب سرمے

سرمہ جس کے لگانے سے روحیں نظر آئیں

اس سرے کا نام اکمل اعظم یعنی سب سے اچھا سرمہ کیونکہ اس کے لگانے سے روحیں نظر آتی ہیں تیاری کی ترکیب یہ ہے کہ بھیڑیئے کی آنکھ ہدہد کی آنکھ ابابیل کے تین بچوں کی آنکھیں ہرن کی آنکھ، بکرے کا پتہ، جنگلی سیاہ بلی کی آنکھ اور اس کا پتہ، ران سب کو ایسے مکان میں رکھ کر خشک کرو جہاں مرغ کی آواز نہ پہنچی ہو جب خشک ہو جائیں تو باریک پیس لو اور ایسے شہد میں ملا کر معجون میں ملاؤ جسے آگ پر نہ رکھا گیا ہو پھر اس معجون کو جلائیں اور شیشے یا بن قلعی کیے ہوئے تانبے کے برتن سے اس کی کا جل حاصل کرو صبح کے وقت بیری کی لکڑی کا سرمچہ بنا کر اس سے یہ سرمہ آنکھوں میں لگائیں تو جن دکھائی دیں گے اگر مجنوں لگائے تو اسے شیطان بھی دکھائے دے۔

سرمہ جس کے لگانے سے جن نظر آئیں

چیونٹیوں کے انڈے اور سبز مکھیوں کے سر کا مغز پیس کر بطور سرمہ آنکھوں میں لگائیں جن دکھائی دیں گے۔

دیگر:

سیاہ بلی کا پتہ اور سیاہ مرغی کا پتہ دونوں کو خشک کر کے پیس لیں اس کے لگانے سے جن ہی جن دکھائی دیں گے بعض کتابوں میں لکھا ہے کہ ان پتوں کو خشک کرنے کی ضرورت نہیں تازہ ہی ملا کر سرمچو سے آنکھوں میں لگائیں جن دکھائی دیں گے۔

سرمہ جس کے لگانے سے خزانے نظر آئیں

ایک سیاہ بلی کو کوٹھری میں بند کردو جب اسے اچھی طرح بھوک لگے تو دو نیر گائے کا گھی جبراً اسے پلاؤ اور اسے الٹا لٹکا کر نیچے برتن رکھو تاکہ وہ روغن اس کے حلق سے اس برتن میں ٹپکے پھر اس روغن کا کاجل اپاڑ کر آنکھوں میں لگاؤ تو زمین کے اندر کے خزانے نظر آئیں گے۔

دیگر:

کوے کی زبان اور ہدہد کا دل سایہ میں خشک کر کے پیس لو اور ملہد میں ملا کر آنکھوں میں لگاؤ تو زمین کے اندر کے خزانے نظر آنے لگیں گے۔

سرمہ لگانے سے عجیب وغریب چیزیں نظر آئیں

سیاہ بلی کا پتہ مرغ کا خون خشک کر کے پیس لو اور بطور سرمہ آنکھوں میں لگاؤ تو نہایت عجیب وغریب اشیاء مشاہدہ میں آئیں۔

سرمہ جس کے لگانے سے
دفینہ اور احوال غائب معلوم ہوں

کبوتر کا خشک خون معیہ اور بھیڑیئے کی چربی ہم وزن لے کر ملاؤ اور اس میں ہلیلہ زرد کو باریک پیس کر اور چھان کر ملاؤ اور بطور سرمہ لگاؤ اور سو جاؤ خواب میں مطلوبہ چیزیں نظر آئیں گی۔

انڈے کی سفیدی پر
عجیب وغریب روشنیاں ظاہر ہوں

راک مہندی کو پانی میں حل کر کے انڈے پر لکھو پھر دھوپ میں یا آگ پر رکھ کر خشک کرو دو تین مرتبہ ایسا ہی کرو اب انڈے پر کچھ ظاہر نہ ہوگا لیکن جب انڈے کو ابال کر توڑا جائے گا تو وہی حروف انڈے کی سفیدی پر ظاہر ہوں گے جو کسی طرح بھی نہ مٹ سکیں گے۔

○.....○.....○

لکھا ہوا سلور معلوم ہو

سرخ یا نیلے رنگ کے کاغذ پر لکھا جاتا ہے ایسا معلوم ہوتا ہے کہ چاندی سے لکھا گیا ہے ترکیب تیاری یہ ہے کہ پارہ لے کر اس کو کھرل میں ڈالو اور اس میں پسی ہونسپال ڈال کر خوب باریک پیسو پھر تھوڑا پانی ملا کر پیسو جب پانی گندا ہو جائے تو اس کو گرا کر اور پانی ڈالو اور پیسو اسی طرح جاری رکھو یہاں تک کہ سفوف سفید رنگ کا ہو جائے اور میل بالکل نہ رہے پھر اس میں گوند کا پانی ملا کر لکھو اور خشک ہو جانے پر کوڑی سے رگڑ کر چمکا دو چاندی کی طرح سفید چمک دار نظر آئے گا۔

○.....○.....○

لکھا ہوا صرف آگ سے گرم کرنے پر دکھائی دے

نوشادر تازہ دودھ میں حل کر کے اس سے کاغذ پر لکھیں خشک ہونے پر حروف دکھائی نہ دیں گے لیکن اگر کاغذ کو آگ پر گرم کیا جائے تو حروف سیاہ نظر آئیں گے۔

دیگر:

☆ نمک کو پانی میں گھول کر اسے گرم کریں خشک ہونے پر کچھ دکھائی نہ دے گا لیکن آگ کے سامنے رکھنے سے حروف فاختی نظر آئیں گے۔

☆ پیاز کے پانی سے کاغذ پر لکھیں خشک ہو جانے پر دکھائی نہ دیں گے لیکن آگ پر گرم کرنے سے سبز نظر آئیں گے۔

○……○……○

☆ اگر دودھ سے کاغذ پر لکھیں گے تو خشک ہونے پر حروف دکھائی نہ دیں گے لیکن آگ پر گرم کرنے سے زرد حروف نمودار ہوں گے۔

○……○……○

☆ رائی اور کھجور کو باریک کر کے پانی میں بھگوئیں تین روز کے بعد اس سے کاغذ پر لکھیں اور حروف خشک کریں۔ حروف دکھائی نہ دیں گے لیکن آگ پر گرم کرنے سے سرخ خط نمودار ہو گا۔

○……○……○

☆ لیموں کے پانی سے کاغذ پر لکھیں کچھ نہ پڑھا جائے گا لیکن آگ پر گرم کرنے سے حروف سرخ نمودار ہوں گے۔

نوٹ: اگر لیموں نہ ملے تو نارنگی بھی استعمال ہو سکتی ہے۔

○……○……○

لکھا ہوا صرف

پانی میں ڈالنے سے پڑھا جائے

پھٹکری کو پانی میں گھول کر اس پانی سے کاغذ پر لکھیں خشک ہونے پر حروف دکھائی نہ دیں گے لیکن پانی میں ڈالنے سے حروف سفید نظر آئیں گے۔

دیگر:

چونہ کو پانی میں گھول کر لکھنے سے بھی یہی کیفیت ظاہر ہوتی ہے تجربہ شرط ہے۔ آپ یہ کام سفید صابن سے بھی کر سکتے ہیں صابن سے لکھیں اور پانی میں ڈالیں۔

○……○……○

لکھا ہوا صرف رات کے اندھیرے میں پڑھا جائے

سیاہی میں کبوتر کا خون ملا کر حل کر لیں اور اس سے کاغذ پر لکھیں تو لکھا ہوا دن کے وقت نہ پڑھا جائے گا۔

دیگر:

☆ چیتے سیاہ کتے اور ہزار کے پتے باہم ملا کر اس سے کاغذ پر لکھیں دن کو ہرگز نہ پڑھا جائے گا لیکن رات کے وقت بخوبی روشن ہوگا اور حروف سنہری نظر آئیں گے۔

O.....O.....O

☆ دیا سلائی کا مصالحہ (سرخ رنگ والا) پانی میں حل کر کے اس سے سفید کاغذ پر لکھیں خشک ہونے پر دکھائی نہ دے گا لیکن جب اندھیرے میں جا کر پنکھے سے ہوا دو گے تو تمام حروف پڑھے جائیں گے۔

O.....O.....O

لکھی ہوئی جگہ پر بال اُگ آئیں

ساس دوا سے اگر جسم انسانی کے حصے پر لکھیں تو وہاں اسی جگہ بال اُگ آئیں گے اور تمام لکھا ہوا بخوبی پڑھا جائے گا۔ ترکیب تیاری حسب ذیل ہے کمون اسود، روغن زیرہ سیاہ اور روغن زیتون کو ملا کر اس سے جس عضو پر لکھو گے وہاں بال اگ آئیں گے اور لکھا ہوا صاف نظر آئے گا۔

O.....O.....O

لکھا ہوا صرف پانی پر کھڑے ہو کر پڑھا جائے

سیاہی میں بورا سرخ ملا کر دونوں کو روغن زیتون میں پیس کر و راس مرکب سے کاغذ پر لکھو حروف نظر نہ آئیں گے لیکن پانی پر کھڑے ہو کر پڑھنے سے تمام حروف پڑھے جائیں گے۔

لکھا ہوا پتھر پر ظاہر ہو

اس سیاہی سے پتھر پر حروف لکھ سکتے ہیں ترکیب یہ ہے کہ سرخ رنگ کا نرم پتھر لو اور اس کو آگ پر گرم کر کے اس پر موم سے لکھو تین دن رات تیز سرکہ میں پڑا رہنے دو بعد ازاں نکال کر لکھو گے مطلب حل ہو گا۔

O.....O.....O

لکھا ہوا دھوپ میں نمایاں ہو

کاسٹک پانی میں حل کر کے اور رقیق کر کے کاغذ پر لکھیں کچھ پڑھا نہیں جائے گا لیکن دھوپ میں رکھنے سے حروف سیاہ نمودار ہوں گے۔

O.....O.....O

لکھا ہوا پانی کے چھینٹے دینے سے سفید ظاہر ہو

گڑ گھول کر اس سے کاغذ پر لکھیں اور تمام کاغذ پر کاجل خوب اچھی طرح سے مل دیں کہ سارا سیاہ ہو جائے اب جب کرشمہ دکھانا ہو تو یہ کاغذ لوگوں کو دکھا کر اس کے چھینٹے دیں حروف سفید ہو جائیں گے باقی جگہ سیاہ ہی رہے گی۔

O.....O.....O

فریب زدہ روشنائی

چند ماز وے کرا ئیکوا فورٹس میں ابالیں بعد میں تھوڑا سا گوند کیکر اور ذرا سا سلفیورک ایسڈ (گندھک کا تیزاب) ڈالیں اس روشنائی سے جو مرضی چاہے لکھیں۔ دو چار منٹ بعد لکھا ہوا غائب ہو جائے گا کاغذ سفید رہ جائے گا۔

حروف آگ سے سبز ظاہر ہوں

نائٹریٹ سے لکھ کر خشک کر لیں تو کچھ پڑھا نہ جائے گا لیکن آگ دکھانے سے حروف سبز نمودار ہوں گے۔

O......O......O

حیران کن شعبدات

عجیب آئینہ

اگر آئینہ کو کتے یا مینڈک کا خون لگا دیا جائے تو جو کوئی اس آئینہ میں دیکھے اسے اپنا منہ کتے کا سا نظر آئے گا۔

O......O......O

حمام سرد کر دینا

اگر چاہے کہ حمام سرد ہو جائے تو چقندر کے پتے اور عقرقرحا دونوں پیس کر حمام کے پانی بہنے کی جگہ یعنی نالی میں ڈال دے حمام فوراً سرد ہو جائے گا۔

O......O......O

ہاتھ میں آگ نہ جلے

گیرو، پھٹکری اور ابرک تینوں ہم وزن لے کر سرکہ میں پیس کر ہاتھ میں لگاؤ اور آگ میں ہاتھ ڈالیں ہاتھ نہ جلے گا۔

O......O......O

بھڑ کو مارنا اور زندہ کرنا

ابن زہیر لکھتا ہے کہ اگر بھڑ پر مٹی کا تیل چھڑک دیا جائے تو وہ مر جاتی ہے اور پھر اگر اس پر سرکہ چھڑک دیا جائے تو زندہ ہو جاتی ہے۔

O.....O.....O

نوٹ: واضح ہو کہ تیل چھڑکنے سے دراصل بھڑ مرتی نہیں ہے لیکن مردہ کی طرح بے بس ہو جاتی ہے۔ صرف دیکھنے والوں کو مردہ نظر آئے گی کیونکہ جب ایک دفعہ روح بدن سے نکل جائے تو دوبارہ بدن میں نہیں آتی دیکھنے والوں کو تو مردہ نظر آئے گی ہاں اگر اس پر چراغ کا تیل چھڑک دیا جائے تو بے شک مر جاتی ہے لیکن پھر زندہ نہیں ہو سکتی۔

O.....O.....O

چراگاہ میں گائے نہ آئے

اگر یہ تماشہ دکھانا ہو کہ چراگاہ میں گائے ہرگز نہ آئے تو اس جگہ بھیڑیئے کی دم لٹکا دیں اور گائے کو اس کی طرف لے جائیں ہرگز نہ جائے گی بھوکی رہنا منظور کرے گی۔

O.....O.....O

مکھیوں کو آواز دے کر جمع کرنا

یہ تماشہ بھی عجیب و غریب ہے، بنانے کی ترکیب یہ ہے کہ بھیڑیئے کی شکل کا بت تانبے کا بنائیں اور اندر سے کھوکھلا رکھیں اور اس میں بھیڑیئے کا ذکر رکھدیں اور ایک جگہ رکھ کر مکھیوں کو آواز دیں جن جن مکھیوں کو آواز پہنچے گی وہاں آ کر جمع ہو جائیں گی۔

O.....O.....O

تمام مکان سرخ معلوم ہو

حکیم نورالسلام لکھتا ہے کہ بیربوٹی گلاب میں پیس کر روئی تر کر کے بتی بنالیں اور چراغ میں تل کا تیل ڈال کر رکھ دیں تمام گھر سرخ معلوم ہوگا۔

O.....O.....O

بچھو پکڑنا

تخم حماض کھا کر اگر کوئی شخص بچھو کو پکڑ لے تو کوئی ضرر نہ ہو۔ بے شک وہ ڈنک مارے۔

O.....O.....O

دھواں لگنے سے کانچ ٹکڑے ٹکڑے ہو جائے

ابن زہیر لکھتا ہے کہ جس گھر سے میں کانچ ہو اگر وہاں جونک کی دھونی دی جائے تو کانچ دھواں لگنے سے ٹکڑے ٹکڑے ہو جائے۔

O.....O.....O

سرکہ شراب بن جائے

اگر سرکہ میں چقندر کے پتے کا پانی ڈال کر رکھ دیں تو چار گھڑی میں شراب بن جاتی ہے۔

O.....O.....O

لکھے ہوئے کاغذ کو سفید کر دینا

اگر لکھے ہوئے حروف پر سنگ تیشور ملیں تو حرف اس طرح محو ہو جائیں گے کہ دیکھنے والا کہے گا کہ کبھی لکھا ہی نہیں گیا تھا اور کاغذ بالکل کورا ہے۔

O......O......O

شراب سرکہ بن جائے

عجیب و غریب ہے شراب لے کر اس میں چقندر کے پتوں کا پانی ڈال دیں دو گھڑی پڑی رہنے دیں سرکہ بن جائے گا۔

O......O......O

مجلس میں شور وغوغا برپا کرنا

اگر مجلس میں سنگ کلب ڈال دیا جائے تو وہاں کے آدمی بہت کھیل کود اور شور وغوغا شروع کر دیں گے۔

O......O......O

منہ میں آگ جلانا

اگر عقر قرحا اور نوشادر ہم وزن باریک پیس کر منہ کے اندر چاروں طرف خوب مل کر پھر منہ میں آگ رکھیں تو ہرگز نہ جلے۔

O......O......O

کینچوے پیدا کرنا

چیل جو ایک قسم کا درخت کثیر الوجود اس کے پتے لے کر زمین میں گڑھا کھودیں اور اس میں بھر دیں اور اوپر مٹی ڈال کر پانی ڈالیں کینچوے پیدا ہو جائیں گے۔

O......O......O

پسو کمرے میں جمع کرنا

اگر کسی برتن میں گائے کی چربی لگا دی جائے اور اس کو کمرہ میں رکھ دیا جائے تو اس کمرہ کے تمام پسو اس برتن میں جمع ہو جائیں گے۔

O......O......O

گھوڑا لنگڑانے لگے

اگر کسی چوپائے کا پاؤں گھوڑے کی دم سے باندھ دیں تو لنگڑانے لگے گا۔

O......O......O

سرکہ میٹھا ہو جائے

اگر سرکہ میں ذرا سا مردار سنگ ملا دیا جائے تو میٹھا ہو جائے اور ترشی جاتی رہے۔

O......O......O

مردہ مکھی زندہ ہو جائے

اگر مری ہوئی مکھی پر فورا لوہے کا میل ڈال دیا جائے تو وہ مکھی زندہ ہو جائے گی۔

چراغ کی روشنی میں بغیر سر دکھائی دے

ابن زہیر لکھتا ہے کہ ہری مکھی لے کر اس کا سر جدا کر کے مٹی یا ہرے کپڑے میں لپیٹ کی بتی بنا کر سبز تل کے تیل کے روشن کیا جائے تو جو مکان میں ہو گا بغیر سر دکھائی دے گا۔

O.....O.....O

مینڈک کا بولنا بند کر دیں

اگر کسی جگہ مینڈک بول رہے ہوں اور ان کو چپ کرانا ہو تو مگر مچھ کی چربی میں گھی ملا کر چراغ میں ڈال کر بتی روشن کر کے اس جگہ رکھ دیں تمام چپ ہو جائیں گے جب چراغ وہاں سے اُٹھا لو گے تو بے شک بولنا شروع کر دیں۔

O.....O.....O

بغیر آگ کے گوشت کی ہانڈی پکے

ہانڈی میں گوشت اور مصالحہ جات وغیرہ بھر کر اس میں بورہ (جو ایک قسم کا نمک ہے) ڈال دیں تو ہانڈی بغیر آگ کے پکنے لگے گی۔

O.....O.....O

کپڑے کو آگ نہ لگے

کتان کا کپڑا شلجم کے پانی میں دھو کر اس پر انڈے کی سفیدی میں ٹھیکری کا سفوف ملا کر رکھ دیں یہ کپڑا آگ میں نہ جلے گا۔

کتا ناچنے لگے

اگر دار چینی باریک پیس کر آٹے میں ملا کر کتے کو کھلا دیں تو وہ ناچنے لگے گا۔

نوٹ: ایک دوسری کتاب میں لکھا ہے کہ اس آٹے کی روٹی پکا کر کھلانی چاہیے کتا ناچے گا بھی اور روئے گا بھی۔

ہانڈی کا جوش بند ہو جائے

جنگلی مینڈک کو خشک کر کے اس کی بڑی ہڈی لے کر ابلتی ہوئی ہنڈیا کے ڈھکنے پر رکھ دو تو ابلنا فی الفور بند ہو جائے گا۔

کچے دھاگے سے سخت ہڈی کاٹنا

روئی کا کچا نازک دھاگا لے کر نمک اور اکستر سے تر کر کے خشک کر لیں پھر اسے ہڈی پر پھیرو ہڈی کٹ جائے گی۔

جو سونگھے رونے لگے

سفید پھٹکری روغن بادام یا روغن گل یا روغن زنبق میں ملا کر مٹی یا کسی خوشبودار چیز میں ملا کر یہ مرکب جسے سونگھاؤ گے فی الفور رونے لگ جائے گا۔

برتن میں سے آواز آئے

جو ناریل اور مہندی کو کوزے میں ڈال کر اس کا منہ خوب اچھی طرح سے بند کر دو پھر اس میں قدرے پارہ اور گندھک ڈال کر مٹی سے بند کر دو بھاری آواز اس سے آئے گی۔

دیگر:

جو ناریل ز مہندی لے کر اس میں چھوٹا سا سوراخ کر کے اس کا تمام مغز نکال ڈالو پھر اس میں قدر پارہ اور گندھک اور زنگار ڈال کر مٹی سے منہ بند کر کے خشک کر کے آگ پر رکھو تو اس میں سے عجیب وغریب قسم کی آواز پیدا ہو گی۔

O......O......O

بے جان بچھڑا بولے

ایک بچھڑے کا بت کسی چیز کا بنائیں اور اندر سے خالی رکھیں اس میں ایک مینڈک رکھ کر تمام سوراخ بند کر دو صرف ناک کے سوراخ کھلے رکھو بعد ازاں تھوڑی سی گندھک اس کے ناک کے سامنے جلاؤ جب اس کا دھواں مینڈک کو پہنچے گا تو عجیب قسم کی آواز کرے گا دیکھنے والا کہے گا کہ بچھڑا بول رہا ہے۔

O......O......O

کپڑا میں آگ نہ جلے

شکر زعفران اور گلاب تینوں حل کر کے اس میں کپڑا بھگو لو اور اس کپڑے میں پتھر اور کافور لپیٹ کر اس کو آگ میں پھینک دو کپڑا ہرگز نہ جلے گا۔ بلکہ آگ بجھ جائے گی۔

دیگر:

باریک کپڑا لے کر اسے کسی دھات کی پیالی کے پیندے پر خوب کس کر پھیلاؤ کہ شکن ہرگز نہ رہے پھر اس پر آگ کا دہکتا ہوا کوئلہ رکھ دو کپڑا ہرگز نہ جلے گا۔

O.....O.....O

پکی ہوئی مچھلی تھالی میں اُچھلے

ایک ریٹھا لے کر اس کو اندر سے خالی کر دو اور اس میں پارہ ڈال کر منہ اچھی طرح بند کر کے پکی ہوئی مچھلی گرم گرم میں ریٹھا رکھ کر مچھلی تھالی میں رکھ دو مچھلی اچھلے گی۔

O.....O.....O

بھنا ہوا پرندہ تھالی میں بولے

پرندے کو ذبح کر کے اس کو صاف کر دو اور اس کے گلے میں تھوڑا سا مغز ناریل رکھ کر تنور میں لٹکا کر بھون لو جب تھالی میں رکھو گے تو آواز دے گا۔

O.....O.....O

ذائقہ دور ہو

اگر کوئی آدمی عناب کی پتی چبا لے تو پھر خواہ کوئی چیز کھائے ہرگز ذائقہ نہ معلوم ہوگا۔ حتیٰ کہ مصری کی ڈلی بھی پھیکی معلوم ہوگی اگر اس کے اثر کو زائل کرنا چاہو تو ترش شہد یا رائی کو پانی میں ملا کر اس سے کلی کرا دو۔

O.....O.....O

گدھے کو بے ہوش کرنا

کریلا گدھے کے گلے میں باندھنے سے گدھا فی الفور بے ہوش ہو جاتا ہے جب اتار لیں تو ہوش میں آجاتا ہے۔

دیگر:

ہزار پایا نامی جانور گدھے کے کان میں رکھنے سے گدھا ایسا بے ہوش ہوتا ہے کہ گویا مردہ ہے جب اس کے کان سے نکال لیں تو ہوش میں آجاتا ہے۔

○.....○.....○

لوگ خواہ مخواہ ہنسیں

جس جگہ گدھا لیٹا ہو وہاں کی تھوڑی سی مٹی اٹھا کر رکھ چھوڑیں بوقت ضرورت یہ مٹی دستر خوان کے نیچے بچھا دیں جتنے لوگ بیٹھے ہوں گے بہت ہنسیں گے اور ہنسی کے بارے کھانا نہ کھا سکیں گے۔

دیگر:

خرگوش کی مینگنی آگ پر رکھیں تو حاضرین سے ایسی حرکات سرزد ہوں گی جو ہنسی کا موجب ہوں گی۔

○.....○.....○

پانی فالودہ بن جائے

کتیرا گوند، زعفران اور کھانڈ تینوں مناسب مقدار میں لے کر باریک پیس کر رکھ لیں بوقت ضرورت صاف پانی کا بھرا ہوا گلاس لے کر لوگوں کی نظر بچا کر اس میں سفوف مذکور چھوڑ دو اور کپڑے سے ڈھانپ کر رکھ دو ایک گھڑی بعد گلاس پر سے کپڑا اٹھا دو نہایت صاف فالودہ جما ہوا ہوگا خود کھاؤ لوگوں کو کھلاؤ خوش ذائقہ ہوگا۔

دیگر:

چائنا گراس باریک پیس کر رکھ چھوڑیں بوقت ضرورت تھوڑی سی پانی کے گلاس میں ڈال کر گلاس کو رکھ دیں تھوڑی دیر بعد فالودہ تیار ہوگا۔

سونا چاندی بن جائے

ملک جاپان کے ٹھگ پچھلے وقتوں میں ایسا کیا کرتے تھے کہ جب کوئی شخص سونے کا زیور ان کے پاس فروخت کرنے آتا تو وہ آزمائش کے بہانے آہستہ بکن گھاس کے عرق میں زیور کو گرم کر کے مل دیا کرتے تھے وہ چاندی بن جایا کرتا تھا۔

خشک پھول تازہ کرنا

چنبیلی کا غنچہ توڑ کر ان کی ڈنڈیوں پر موم لگا کر پانی میں کونلوں کو پیس کر اس پر وہ غنچہ رکھ چھوڑیں اور سایہ میں خشک کریں۔ جب پھول درکار ہوں تو موم ڈنڈیوں سے چھڑا کر غنچہ کو پانی میں چھوڑ دیں اور ہوا میں رکھ دیں تھوڑے عرصہ میں بالکل تازہ پھول بن جائیں گے۔

منہ میں کافور جلانا

کافور کی ٹکیہ لے کر اس کے نیچے نوشادر اور مٹی کی ٹکیہ بنا کر چسپاں کریں اور جلا کر منہ میں رکھ لیں زبان کو ہرگز تپش نہ پہنچے گی۔

منہ میں آگ رکھنا

کافور اور عقرقرحا منہ میں چبا کر تھوڑی دیر منہ میں رکھیں اور پھر دیوار کی لکڑی کا ایک کوئلہ منہ میں رکھیں پھر باہر نکال دیں منہ ہرگز نہ جلے گا۔

O......O......O

منہ سے آگ کے شعلے نکالنا

منجھ کی رسی لے کر چاقو یا قینچی سے خوب باریک رگڑ لیں اور پارچہ کھدر کی کترے کر اس میں کتری ہوئی منجھ رکھ کر پوٹلی بنا لیں اور دھاگے سے منہ ڈھیلا کر کے باندھ دیں اور آگے بڑھی ہوئی کتر پیچھے الٹا دیں آگے سے منجھ نظر آنے لگے گی۔ اس پر ایک چنگاری آگ کی رکھ کر پوٹلی کو منہ میں ڈال لیں صرف اس کا منہ باہر رہے اور خوب زور سے سانس کو اندر باہر کھینچو گرانڈز کے راستے لو اور منہ کے راستے باہر نکالو پھر دھواں اٹھے گا پھر شعلے نکلیں گے اگر اس کا دھواں اندر بھی چلا جائے گا تو کوئی حرج نہیں۔ پارچہ کھدر بہتر پانی میں تر کر لینا چاہیے۔

O......O......O

طلسمی سانپ

گندھک ڈیڑھ چھٹانک کافور ۵ تولہ ان چاروں کو علیحدہ پیس کر باہم ملا کر روغن سریش ملائیں اور خوب پیس کر ایک رتی پھٹکری ملا لیں اور رکھ لیں بوقت ضرورت ایک بتی کو آگ دیں وہ سانپ بن جائے گا۔

O......O......O

پانی میں آگ جلے

ایک کافور کی ٹکیہ لے کر اس کو آگ لگا کر پانی میں چھوڑ دیں تو جلتی رہے گی لوگوں کو معلوم ہوگا کہ پانی جل رہا ہے۔

O.....O.....O

چراغ آندھی میں بھی جلتا رہے

سن سے تیار کردہ کپڑے کو نمک کے پانی میں تر کر کے خشک کر لیں پھر اس کپڑے کو موم بتی کے گرد لپیٹ دیں اور موم بتی کو روشن کریں آندھی میں بھی جلتی رہے گی۔

O.....O.....O

فوراً درخت اگانا

تلسی کے بیج تخم کثوم کے تیل میں ملا کر مٹی کے برتن میں ڈالو اور اوپر تھوڑی مٹی بکھیرو، آٹھوں پہر کے بعد نکال کر حفاظت سے رکھو دو بوقت ضرورت ان کو زمین میں کھود کر بو دیں اوپر پانی ڈالیں ایک گھنٹہ کے بعد پودا اُگ آئے گا۔

O.....O.....O

پھولوں کا رنگ تبدیل کرنا

پھول کو گندھک کا دھواں دیں رنگ بدل جائے گا پھر اصلی حالت پر لانا چاہیں تو گڑ کا دھواں دیں۔

دیکھو:

نوشادر اور چونا کو پانی میں حل کر کے پھولوں میں لگانے سے بھی پھولوں کا رنگ بدل جاتا ہے اور پانی میں تھوڑی دیر رکھنے سے اصلی حالت پر آجاتے ہیں۔

O.....O.....O

چھلے کا ناچنا

ایک چھلہ اس قسم کا بنواؤ جو اندر سے خالی ہو اس میں پارہ بھر دیں اور منہ اچھی طرح بند کر دیں اب چھلے کو گرم کر کے میز پر رکھیں تو چھلہ خوب ناچ کرے گا۔

O.....O.....O

پانی خون بن جائے

شطرنج جو ایک مشہور چیز ہے ایک عدد لے کر زبان کے نیچے رکھ لیں اور ایک پیالہ پانی کا لا کر با احتیاط اور صفائی کے ساتھ اس کا لعاب ڈال دیں تمام پانی سرخ رنگ کے مانند خون ہو جائے گا۔

O.....O.....O

کاغذ سے تحریر مٹانا

نوشادر، سہاگہ، سنکھیا، ہم وزن ملا کر حروف کے اوپر مل کر دھوپ میں رکھ دیں تو حروف اڑ جائیں گے۔

نوٹ: سنکھیا ایک زہریلی چیز ہے لہٰذا احتیاط رہے۔

O.....O.....O

بغیر آگ جوار بھوننا

تھوڑی سی جوار لے کر تین شبانہ روز پانی میں تر رکھیں اور خشک کریں اور احتیاط سے رکھ چھوڑیں بوقت ضرورت تھوڑے دانے لے کر تمام حاضرین کو دکھا کر مٹھی میں خوب بند کر لیں ہاتھ کی گرمی سے بھن جائیں گے۔ لیکن کھانے نہیں چاہئیں۔

O......O......O

جادو کا نشانہ

اگر بندوق میں بجائے گولی کے پارہ ڈال کر اور بندوق کے آگے کپڑا تان کر کسی جگہ نشانہ کریں تو نشانہ بالکل درست آئے گا لیکن کپڑا محفوظ رہے گا۔

O......O......O

انڈہ بوتل میں ڈالنا

پہلے چند روز انڈے کو سرکہ میں بھگو دیں جب بالکل نرم ہو جائے تو اس کو بوتل کے منہ میں ڈال دیں وہ اندر چلا جائے گا پھر اس کو سرد پانی سے بھر دیں دو تین دن بعد سخت ہو جائے گا۔
اب پانی دیں دیکھنے والے حیران ہوں گے انڈا بوتل میں کیسے چلا گیا۔
اگر انڈے کو پھر نکالنا ہو تو دو تین دن کیلئے بوتل میں سرکہ ڈال دیں نرم ہو جائے گا تو پھر نکال لیں۔

O......O......O

مرغ لڑائی میں جدا نہ ہوں

ایک مرغ کی آنکھ میں سنگ مقناطیس باریک کر کے ڈال دیں اور دوسرے کی آنکھ میں برادہ آہن باریک شدہ ڈال دیں یہ دونوں مرغ ایک دوسرے سے خوب لڑیں گے اور جدا نہ ہوں گے۔

O.....O.....O

چور پکڑنا

یہ دراصل شعبدہ ہے اس ترکیب سے بعض بناوٹی فقیر چوروں کو پکڑتے ہیں وہ ایسا کرتے ہیں کہ پھٹکری کو پانی میں گھول کر اس سے سفید کاغذ کے ایک پرزے پر ایک نام لکھ لیتے ہیں خشک ہونے پر کچھ نظر نہیں آتا اور بہت سے کورے پرزے ملا لیتے ہیں پھر ان پرزوں کو لے کر ان لوگوں کے درمیان بیٹھ جاتے ہیں اور کہتے ہیں کہ ہم ابھی چور کا نام معلوم کر لیں گے دکھاوے کیلئے پڑھتے جائیں گے اور آگ کے آگے پرزوں کو پھینکتے جاتے ہیں اچانک جب وہ پرزہ جس پر کچھ لکھا ہوا ہے جب آگ کے آگے کیا جاتا ہے تو اس پر حروف نمودار ہو جاتے ہیں وہ کہتے ہیں کہ بس ہم نے معلوم کر لیا ہے صبح کو نام ظاہر کر دیں گے۔ جو چور ہوتا ہے اس کے دل میں ڈر پیدا ہو جاتا ہے اور راتوں رات ہی خود کو فقیر کے حوالے کر کے توبہ کرتا ہے اس طرح مال برآمد ہو جاتا ہے۔

نوٹ: عام طور پر پرزے پر کوئی نام نہیں لکھتے بلکہ خاص نشان بنا لیتے ہیں تاکہ کوئی دوسرا آدمی پڑھ بھی نہ سکے خاص علم ہے۔

O.....O.....O

کپڑا نہ جلے

پھٹکری، نمک، سفید، بیضہ مرغ، پھٹکری اور نمک ہم وزن لے کر خوب پیسیں اور

سفیدی بیضہ مرغ میں ملا کر کپڑے پر لیپ کریں اس کپڑے کو خشک کر کے اس پر آگ کا دہکتا ہوا انگارہ رکھیں تو کپڑا نہ جلے گا۔

O.....O.....O

کپڑے سے شعلے نمودار ہوں

یہ بھی عجیب طلسم ہے عام طور پر شعبدہ باز اس پر خوب اکڑا کرتے ہیں لیکن بات کچھ بھی نہیں ترکیب تیاری یہ حسب ذیل ہے۔

سپرٹ آف وائن اصلی درجہ اول ایک اونس لے کر شیشی بند کریں اور اس میں اڑھائی ماشہ پھٹکری باریک پیس کر ڈالیں اور فوراً ہی دیا سلائی لگا دیں کپڑے میں سے خوب شعلے نکلیں گے لیکن کپڑا اٹھاؤ گے تو وہ محفوظ ہوگا۔

نوٹ: یہ شرط ہے کہ سپرٹ اعلیٰ درجہ کی ہو۔ گھٹیا اسپرٹ کے استعمال سے کپڑے کے جل جانے کا خطرہ ہے۔

O.....O.....O

کپڑا سادہ پانی ڈالنے سے رنگ بدلے

پہلے کپڑے کو پانی میں خوب زرد رنگ دو اور باحفاظت رکھو، پھر چونا بجھا کر پانی میں ڈالو اور پڑا رہنے دو اوپر کا مقطر پانی لے کر ایک بوتل میں جمع کر لو بوقت ضرورت رنگا ہوا زرد کپڑا سب کو دکھائیں اور چونے کا پانی جو بالکل پانی معلوم ہو ڈبو دیں تو کپڑے کا رنگ فوراً تبدیل ہو جائے گا جس کو دیکھ کر لوگ بہت حیران ہوں گے اب کپڑے کو بھنگ کے پانی میں ڈال دیں تو پھر اصل رنگت پر آ جائے گا لیکن لوگ مزید حیران ہوں گے۔

O.....O.....O

دو رنگ کا کپڑا

ایک سفید موٹا کپڑا لے کر پہلے اس کو پانی میں دھوئیں تا کہ آٹا وغیرہ سے پاک ہو جائے پھر فرانس درخت کی جڑیں خوب باریک پیس کر پانی میں ملائیں اور پانی کو چھان کر اس میں مذکور کپڑے بھگو کر خشک کر لیں اب کپڑے میں پھٹکری کے پانی میں جو نقش و نگار اپنی مرضی چاہیں تحریر کریں اور خشک کر کے چھوڑ دیں خشک ہونے پر کچھ نہ ہوگا اور سفید کپڑا دکھائی دے گا۔

جب تماشا دکھانا ہو تو مجیٹھی رنگ کو پانی میں جوش دیں جو کچھ آپ نے پھٹکری کے پانی سے تحریر کیا تھا وہ صاف ظاہر ہوگا باقی تمام کپڑا سفید رہے گا دیکھنے والے حیران ہوں گے یہ ترکیب علاوہ شعبدہ بازی کے رنگریزوں کیلئے بھی نہایت منافع رساں ہے۔

O.....O.....O

ہتھیلی پر سرسوں جمانا

اول سرسوں کو دودھی گھاس کے عرق میں بھگو کر چار پہر تک سایہ میں خشک کریں اس کے بعد اس پر پانی کا چھینٹا دے کر ہاتھ پر مٹی رکھ کر اس پر بو دے تو ضرور سرسوں جم جائے گی۔

O.....O.....O

پانی دودھ بن جائے

ارنڈ کی لکڑی پانی میں پیس کر ہتھیلی کے اندر کی طرف ارد گرد اس کا لیپ کریں اور خشک کر کے رکھ چھوڑیں بوقت ضرورت سب کو دکھا کر اس میں پانی ڈالیں تو وہ پانی دودھ معلوم ہوگا۔

O.....O.....O

پیٹ میں اناج بولے

منگل یا اتوار کے دن چکور نر کو ہانڈی میں بند کر کے کسی کھیت کی شمال کی طرف دبا دیں تو کوئی اس کھیت کے غلے کو جبراً کھائے گا اس کے پیٹ میں وہ اناج بولے گا اس ترکیب سے چور پکڑا جائے گا۔

O.....O.....O

چھلنی میں سے پانی نہ گرے

چھلنی میں سے سات بار گھیکوار کا گودا مل کر سایہ میں خشک کر کے اب اس میں پانی ڈالیں تو پانی ہرگز نہ گرے گا۔

O.....O.....O

کپڑا پانی میں ہرگز تر نہ ہوگا

عرق برگ بوئے تلخ میں تین بار کپڑے کو تر کر کے سائے میں خشک کر کے اگر اس کپڑے پر پانی ڈالے تو کپڑا تر نہ ہوگا۔

O.....O.....O

بجھا ہوا چراغ روشن ہوگا

اگر چراغ بجھ گیا ہو اور بتی قدرے چمکتی ہو اس پر گندھک پیس کر چھڑک دے چراغ روشن ہو جائے گا۔

O.....O.....O

پھول ظاہر ہوتے ہیں

تیل دھتورہ تیل انکول دونوں میں فتیلہ تر کر کے جلا دے پھول ظاہر ہوں گے۔

O.....O.....O

روشنی میں سانپ نظر آئیں

سانپ کی کینچلی کی چار بتیاں بنا دیں اور چاروں کو ہر چہار کونے میں جلا دیں سانپ ہی سانپ نظر آئیں گے۔

O.....O.....O

چراغ کی روشنی میں برہنہ ہو

جونک لا کر باریک پیس کر سرخ کپڑے میں لپیٹ کر شب کو فتیلہ جلا دے جو کوئی اس روشنی میں آئے گا کپڑے دور نہیں کرے گا لیکن برہنہ نظر آئے گا۔ اعلیٰ عمل ہے۔

O.....O.....O

چراغ کی روشنی میں آئے اور ناچے

بروز اتوار چھپکلی کی دم کاٹ کر جب کہ وہ تڑپنے لگے خود ناچتا رہے جب ٹھنڈی ہو جائے تب نریا باڑی روئی میں اس کی بتی بنا کر شب کو چراغ روشن کر کے گل کر دے اور اس بتی کو جلائے تمام آدمی ناچنے لگیں گے۔ جب تک بتی جلتی رہے گی جب بتی کو گل کر دو گے تو کچھ نہ ہو گا۔

O.....O.....O

عمل خود غائب ہونے کا

بروز یک شنبہ (اتوار) کو کنکری بعینہ جانور ٹیڑی کو جو کنارے تالاب یا دریا ہوتی ہے اس کے بیٹھنے کے بیچ جتنی کنکریاں ہوں سب اُٹھا لے اور روبرو آئینے کے رکھ کر ایک ایک کنکری منہ میں ڈالتا جائے اور پھر باہر نکال لے اور آئینہ کو دیکھتا جائے جونسی کنکری سے آئینے کی شکل غائب ہو جائے اس کنکری کو بوقت ضرورت منہ میں ڈال لے تو سب کی نظروں سے غائب ہو جائے گا جس وقت کنکری کو منہ سے نکال لے ظاہر ہو جائے گا۔

عمل ازار بند توڑے

بروز ہفتہ یا اتوار جب کہ چڑا اور چڑی آپس میں جفتی کرتے ہوں تب ایک کچے سوت کا دھاگا جو کسی کنواری لڑکی کا کاتا ہوا ہو جب تک وہ جفتی کریں تب دھاگے کو گرہ دیتے جائیں اور بعد میں پھر لوبان کی دھونی دیں پھر اس دھاگے کو راستے میں ڈالے جو عورت اس پر سے گزرے گی اس کا ازار بند ٹوٹ جائے گا۔ مگر یاد رہے کہ دن ہفتہ یا اتوار ہو۔

عمل زیادہ کھانا کھانے کا

جو پتہ ہوا کے ساتھ بگولے میں اوپر جائے اسی حالت میں اپنے دانتوں سے پکڑے سات پتے خوک کے گھر میں باندھے تو اڑھائی من کھائے گا۔

پانی میں چراغ جلتا رہے

پھٹکری کا پانی کافور کا پانی بروز منگل چراغ میں پر کر کے بتی جلا دے۔

دیگر:

☆ چراغ روشن کر دے کافور کی بتی بنا کر چراغ میں جلا دے روشن رہے گا۔

O......O......O

☆ عرق سہ برگہ عرق گھیکوار کو فتیلہ پر سات بار ملے اور جلا دے تو روشن رہے گا۔

انگلی لگانے سے انگلی نظر نہ آئے

عرق سہ برگہ اور عرق انگول ملا کر اپنی انگلی پر لگا دے تو تمام آدمیوں کو انگلی نظر نہیں آئے گی۔

O......O......O

☆ ☆ ☆ ☆

پتوں پر ڈالنے سے مثل چراغ روشن رہے

چراغ خام میں روغن انگول بھرے اور بتی جلا دے اور درخت کے نیچے رکھے ہر ایک پتہ مثل چراغ کے روشن ہو جائے گا۔

O......O......O

سرسوں سبز ہو جائے

مٹی کے کونڈے میں سرسوں کو عرق انگول میں تر کر کے ڈالے بعد چار گھڑی کے سرسوں سبز ہو گی۔ دیگر سرسوں کو سات مرتبہ شیر سنگ مادہ میں تر کر کے خشک کریں اور پھر بول خر میں بدستور تر کرے۔ پھر کونڈے میں وہ سرسوں ڈال دے چار گھڑی بعد سرسوں سبز ہو جائے گی۔

O......O......O

درخت آم پیدا ہوگا

عرق پوے تلخ میں آم کی گٹھلی تر کرکے اور سانپ کے بل کی مٹی میں دفن کرے بعد پہر دو پہر کے آم کا درخت پیدا ہوگا۔

O......O......O

چراغ کے بغیر روشنی ہو

اُلو کی کھوپڑی میں روغن انکول اور روغن کنجد سیاہ سے تر کرکے تیل بنا کر کاجل اتارے جو کوئی آنکھ میں لگائے اندھیرے میں روشنی نظر آئے۔

O......O......O

جسم پر طلاء کرنے سے دوسروں کو بڈھا معلوم ہو

بروز منگل 12 بجے دن کے سرسوں سفید پیس کر اور بکری کا پیشاب ملا کر اور اس میں روغن انکول ملا کر تمام بدن پر لیپ کرے تمام آدمیوں کی نظر میں بڈھا معلوم ہوگا۔

O......O......O

عمل نظر باندھنے کا

لکڑی کونج کی لاکر بروز یک شنبہ مرگھٹ پر بوقت شب جائے اور تیل کی چھا پر جو اسی روز جلایا ہو دفن کردے پھر منگل کی رات کو جا کر نکال لائے پھر اس لکڑی کو چاروں طرف گھمائے جو شخص اس لکڑی کو دیکھے گا نظر بند ہو جائے گی۔

دیگر:

روغن انکول بروز یکشنبہ عرق برگ لاجونتی ملا کر ہاتھ میں ملے جو کوئی ہاتھ دیکھے گا اس کی نظر بندھ جائے گی۔

O......O......O

کبوتر کا پر رکھنے سے کبوتر دکھائی دے

بروز یکشنبہ عروج ماہ میں کبوتر سیاہ یا سفید روغن انکول میں تر کر کے اپنے پاس رکھے اور ہر وقت تماشے کے ہاتھ پر اس پر کو رکھ کر کہے کہ کبوتر ہاتھ پر ہے جس قسم کا پر ہوگا اسی طرح کا کبوتر دکھائی دے گا۔

O......O......O

مکان وغیرہ سب چیزیں سبز معلوم ہوں

سر گھنو کا کاٹ کر جلی میں لپیٹیں اور اس پر زنگار چھڑک کر روغن شیریں سے جلائیں مکان وغیرہ سب اشیاء سبز معلوم ہوں گی۔

O......O......O

جہاں چلا جائے دہشت نہ ہو

اگر پوست گرگ کھال بھیڑیئے کی کا تسمہ بنا کر کمر میں باندھیں اس کی تاثیر سے رات کو جہاں چلا جائے دہشت کبھی نہ ہو۔

O......O......O

پانی میں نہ ڈوبے

دو منہ والے سانپ کے خون میں کپڑا بھگو کر دھوپ میں سکھا دے اور پھر اس کی گولی بنا کر منہ میں رکھے اور پانی پر چلے ہرگز نہ ڈوبے گا۔

جو دیکھے وہی مطیع ہو

اتوار کے روز گھوگھو کی زبان اور ڈھائی پتی نیم کی خوب باریک پیس کر اس کو آنکھ میں بطور سرمہ کے لگا دے اور جس شخص کو دیکھے وہ اس کا تابعدار ہو جائے۔

پستان غائب ہو جائیں

چھوئی موئی (لاجونتی) کی پتی لے کر اتوار کے روز ہاتھ میں ملے۔ جب کسی عورت کو دونوں ہاتھ دکھلا کر بند کرے تو اس کے پستان غائب ہو جائیں اگر ایک مٹھی کھول دے تو ایک پستان ظاہر ہو اگر دونوں کھول دے تو دونوں برآمد ہوں گے۔

طلسمی آئینہ

اگر پستان مادہ سگ کاٹ کر پشت آئینہ پر چسپاں کر دے جو شخص اس کو دیکھے گا اس کی شکل مشابہ سگ معلوم ہو گی۔

انڈے کا عجیب تماشہ

میں نے خود آزمایا ہے کہ اگر تیزاب گندھک یا نمک یا شورے کا ایک پانی کے بھرے ہوئے ٹب میں ڈالیں اور وہ جب اس میں حل ہو جائے تو ایک انڈہ چھوڑ دیں تو اول وہ انڈہ پانی میں بیٹھ جائے گا مگر تھوڑی دیر کے بعد اس میں پانی کے بلبلے سے آنے شروع ہوں گے اور وہ انڈہ خوب زور زور سے چکر کھانے لگے گا۔ واضح ہو کر سب تیزاب سے عمدہ نمک کا تیزاب ہے۔

O......O......O

پیاسا انڈہ

جونک اگر انڈے میں ڈالیں اور پھر اس کو پانی کے نزدیک رکھیں تو یہ انڈہ پانی میں خود بخود چلا جائے گا۔

O......O......O

طلسمی تماشے

دو چراغوں کے شعلے آپس میں لڑیں

ایک چراغ میں بھیڑیئے کی چربی اور دوسرے میں بکری کی چربی رکھ کر سنبل کی روئی کی بتی بنا کر ڈالے اور ایک شمال کی طرف اور دوسرا جنوب کی طرف اپنے سامنے ایک ہاتھ کے فاصلے پر رکھ دیں پھر دونوں شعلے آپس میں ایسا لڑیں گے کہ دیکھنے والے کو تعجب ہوگا اور اگر ایک کو پہلے بجھاؤ گے تو پھر جل اٹھے گا اگر دونوں کو اکٹھے بجھاؤ گے تو گل ہوں گے۔

O......O......O

بارش اور ہوا میں چراغ جلے

سمندر پھٹ اور گندھک پیس کر روئی میں لپیٹ کر بتی بنا کر تلوں کے تیل میں جلائیں خواہ کیسا ہی اندھیرا طوفان ہو چراغ جلے گا۔

O......O......O

بچھو نظر آئیں

ٹڈی کو روغن زیتون میں بھگو کر چراغ میں روغن کنجد میں جلائیں تو تمام گھر میں بچھو نظر آئیں۔

O......O......O

سبزی کو اچھلنے کی ترکیب

بھادوں کے مہینے میں جنگل سے اتوار کے دن مینڈک کو لائیں اور اس کے منہ میں مٹی بھر کے اس میں سات دانے ارارود کے رکھے اور اس طرح زمین میں دفن کریں کہ منہ اس کا اوپر کھلا رہے اور آب باراں یا دریا سے سینچنا شروع کریں جب درخت قائم ہو اور اس میں پھل لگ کر خشک ہو جائے تب اتوار کے دن توڑ کر دانہ نکال کر رکھ دیں پھر ان میں سے دانے جس ترکاری کی ٹوکری میں رکھیں گے سب ترکاری اچھلنے لگے گی۔

O......O......O

دو برتن آپس میں لڑیں

کچھ پختر میں اتوار یا منگل کے دن دو دانت کالے کتے کے اور دو دانت کالی بلی کے لائیں اور چاروں کو سیندور لگا کر ایک پیالے میں رکھ کر ڈھکنا ڈھانک دیں پھر دو دانت مینڈھے

کے اور دو بکری کے لائیں اور سیندور لگا کر بکری کے دانت ایک پیالے میں بند کر دیں اور مینڈھے کے دوسرے پیالے میں رکھ کر بند کر کے ان کو اتر اور دشمن کی طرف رکھ دیں فاصلہ ایک ہاتھ ہو اور پہلا پیالا کتے بلی والا بیچ میں رہے اور مینڈھے اور بکری والے باہر ہوں تو مینڈھے اور بکری والے پیالے لڑیں گے اور کتے بلی والا ان کو چھڑائے گا۔

O.....O.....O

دن میں ستارے دیکھیں

سفید سرمے کو پیس کر اگست کے پھول کے رس میں سات دن تک تر رکھے پھر اس سرمے کو آنکھ میں لگائیں دن کو ستارے نظر آئیں گے۔

O.....O.....O

گھر پانی سے بھرا نظر آئے

مچھلی اور بھیڑیے کی چربی ہم وزن لے کر بتی بنائیں اور چراغ میں جلائیں سب گھر پانی سے بھرا ہو نظر آئے گا۔

O.....O.....O

گھر کی آگ بجھانا

جب کسی مقام میں آگ لگے تو ایک لوٹا پانی کا کنویں سے منگوا کر لگی آگ کے طرف منہ کر کے کھڑا ہو اور آگ سے انواع و اقسام کی عاجزی کر کے یہ کہتا جائے کہ اے اگنی دیوتا ٹھنڈی ہو جاؤ اور جب سانس اندر کو جائے تب لوٹے سے پانی پیتا جائے آگ بجھ جائے گی۔

O.....O.....O

لیموں سے خون نکلنے کا شعبدہ

کھٹمل کے خون میں چھری تر کر کے خشک کرے پھر اس چھری سے لیموں کاٹے عرق سرخ نکلے گا۔

○......○......○

بے جان ماہی گیر

ایک چینی کے پیالے میں پانی بھر دو اور ٹین یا پیتل کی مچھلیاں عمدہ بنی ہوئی جس کے منہ میں لوہے کی سیخ بطور چونچ کے لگی ہوئی ہو چھوڑ دو اب یہ مچھلیاں تیرتی رہیں گی اب لکڑی کا یا کسی اور شے کا کھلونا جس کی شکل ماہی گیر کی سی ہو کنارے پر کھڑا کر دو اس کے ایک ہاتھ میں کنڈی ہو جس سے مچھلی کا شکار کرتے ہیں مگر وہ کنڈی مقناطیسی لوہے کی ہو تم اس کنڈی کو پانی میں ڈال دو فوراً مچھلیاں مقناطیسی کشش کے کانٹے سے چمٹ جائیں گی۔ اس وقت سب کو باہر نکال لو گویا ماہی گیر نے شکار کیا ہے۔

○......○......○

سانپ مینڈک

ایک مینڈک بنا کر اس کے پچھلے پاؤں میں لوہا لگا دو اور ایک حوض میں پانی بھر کر چھوڑ دو ایک اژدھا سانپ کو بھی چھوڑ دو تو یہ سانپ تیرتا ہوا جونہی مینڈک کے پاس جائے گا اور فوراً مینڈک کو منہ میں پکڑ لے گا گویا سانپ نے مینڈک کو پکڑا ہے۔

○......○......○

تمام شد

روغن مورچہ

چنبیلی کے تیل میں ایک سو چیونٹے قبرستان میں سے لاکر چھوڑ دیں ۴۰ روز آفتاب میں رکھیں ذکر پر مالش کریں۔ درازی اور قوت میں نادر ہے۔

O......O......O

طلاء برائے سستی و کجی قضیب

افیون ۲ ماشہ، جائفل ۵ ماشہ، عقر قرحا ۵ ماشہ، دارچینی ۵ ماشہ، نرگس ایک تولہ، پوست بیخ کنیر سفید ڈیڑھ تولہ، دو پہر تک شراب میں کھرل کریں پھر پان پر لگا کر طلاء کریں مجرب ہے ۷ روز تک لگائیں۔

کبوتر جنگلی کی بیٹ ایک تولہ، آک کا دودھ ایک تولہ ان دونوں کو کھرل کریں پھر تخم دھتورہ سیاہ ایک تولہ جائفل ایک تولہ تدھارے کے دودھ میں کھرل کریں روغن گاؤ ملا کر سات روز تک لگائیں۔

O......O......O

طلاء برائے لاغری بیخ ذکر

جائفل جاوتری چھیلہ چرک گوش آدمی ہر ایک ۶ ماشہ کنگھی سفید ۶ ماشہ سب اجزاء کو روغن گاؤ میں ملا کر لگائیں صحبت سے پرہیز کریں۔

O......O......O

طلاء سستی قضیب کیلئے

بیر امورہ، کوٹ تلخ، اسگندنا گوری ہم وزن پیس کر مسکہ گاؤ میں ملا کر لگائیں۔

لیپ تلی کے ورم کا

السی جو کا آٹا، باقلہ کا آٹا، ہر ایک ساڑھے سترہ ماشہ، اکلیل الملک پونے دو تولہ جو اکھار کی جڑ ۱۴ ماشہ، گوگل ساڑھے دس ماشہ، چریلا، بکری کی مینگنیاں ہر ایک ۔ تات ماشہ ان سب کو گولیاں سرکہ میں بنا کر تلی پر لیپ کریں۔

انجیر ۴ عدد سرکہ میں بھیگے ہوئے ہر صبح کھائیں اور تلی کو انگوٹھے سے ملتے جائیں اسی طرح پر کہ درد ہو۔ سہاگہ بھونا ہوا، ایک حصہ، رائی تین حصہ دونوں کو پیس کر تھوڑا تھوڑا ملا کر کھائیں۔ لہسن کو کوٹ کے ۶ تولہ، اس کا شیرہ نکال کر اور ۶ تولہ گھی اور ساڑھے ۴ تولہ گوڑ اور تھوڑا سا گیہوں کا آٹا ملا کر حریرہ بنا دیں پھر شیرہ لہسن مذکور پہلے پئیں۔ بعد میں حریرہ کھائیں۔

چھاتی کو سخت اور چھوٹا کرنے والی دوا

